سجّاد حیدر یلدرم

مرتبہ

سیّد مبارز الدین رفعت

ایم۔ اے

ناشر

ادارۂ دانش و حکمت

حیدرآباد دکن

۹۲۸،۹۱۴۳
۵۳۶۶

CHE[illegible]D-2002

158/96

طبع اوّل ۱۰۰۰

سنہ ۱۹۴۶ء

۵۰۲۰۷

سول ایجنٹ :

اسٹار ایجوکیشنل سپلائی کمپنی

عابد روڈ حیدرآباد دکن

قیمت عہ ۱۲/

سجّاد حیدر یلدرم

۱۔ سیّد سجّاد حیدر یلدرم	پرنسپل مشتاق احمد زاہدی	۷
۲۔ سجّاد ــــ یلدرم	قاضی عبدالغفار	۲۴
۳۔ یلدرم مرحوم	سر سید رضا علی	۶۹
۴۔ سیّد سجّاد حیدر	اظہار الحسن بی اے	۷۹
۵۔ سجّاد حیدر یلدرم	مولانا سیّد سلیمان ندوی	۹۳
۶۔ سجّاد حیدر یلدرم	شوکت تھانوی	۹۶
۷۔ کمال یلدرم	ــــــــــ	~~۱۰۳~~
۸۔ یادِ یلدرم	جلیل قدوائی ایم اے اور دیگر حضرات	~~۱۰۴~~
۹۔ کلامِ یلدرم	سید ممتاز الدین رفعت ایم اے	۱۱۶

٥٠٢٠٧

MAULANA AZAD LIBRARY, A.M.U.
ALIGARH.

26 JUN 1969

M.A.LIBRARY, A.M.U.

U50207

حرفِ اوّل

سجاد حیدر یلدرم ہمارے ادبِ لطیف کے اولین پیش رو تھے۔ ضرورت تھی کہ ان پر کوئی مستقل کتاب لکھی جاتی۔ جو کچھ ان کے بارے میں لکھا گیا ہے وہ مختلف مضامین ہیں جو اب سجاد مرحوم کے کمال کے اعتراف اور ان کی ایک یادگار کی حیثیت سے کتابی صورت میں شائع کئے جا رہے ہیں۔

پرنسپل مشتاق احمد زاہدی

سید سجاد حیدر یلدرم

ہر فرد بشر کی زندگی کے تحت بہت سے پہلو ہوتے ہیں۔ کوئی رُخ کسی کے سامنے آتا ہے اور کوئی کسی کے۔ سید سجاد حیدر یلدرم بغداد میں پولیٹکل ڈریگومان یعنی سیاسی ترجمان رہے۔ یو۔ پی میں ڈپٹی کلکٹر رہے۔ علی گڈھ میں مسلم یونیورسٹی کے رجسٹرار رہے اس سے قبل حاجی اسمٰعیل خاں صاحب رئیس دتاول کے سیکریٹری۔ انگریزی کے استاد اور ترکی زبان کے شاگرد رہے۔ راجہ اعظم شاہ والئی ناگ پور کے اتالیق اور معزول شدہ امیر کابل امیر یعقوب خان کے سیاسی نگران اور مہاراجہ صاحب محمود آباد کے سیکریٹری رہے۔ مگر میرے پیش نظر ان کی مختلف زندگیوں کا کوئی پہلو نہیں ہے۔ میں نہ ڈپٹی کلکٹر سجاد حیدر کو جانوں نہ میں سجاد حیدر رجسٹرار سے واقف۔ میں تو صرف سجاد حیدر اور یلدرم کو بہ حیثیت مضمون نگار، ناول نویس اور شاعر کے، میں سید صاحب مرحوم کی نہ مدح سرائی کرنا چاہتا ہوں اور نہ مرثیہ خوانی۔ میں صرف ان کی وہ تصویر پیش کرنا چاہتا ہوں جو میرے ذہن میں ہے۔

سید سجاد حیدر صاحب سے میری دوستی کی ابتدا ۱۸۹۶-۹۷ء سے ہوئی۔
جب ہم دونوں مدرسۃ العلوم علی گڑھ میں ایف۔ اے میں پڑھتے تھے۔
اتفاق کی بات ہے کہ ہمارے ساتھ بہت سے ایسے جماعتی تھے جنھوں نے
اپنے اپنے فن میں بہت نام پایا۔ مثلاً مقصود علی خان یونیورسٹی میں اوّل
پاس ہوئے اور پھر یو۔ پی میں ڈپٹی کلکٹر ہو کر کمشنر کے عہدے تک پہنچے۔
اسی طرح ملک زمان مہدی خان بھی الہ آباد یونیورسٹی میں شاید دوم نمبر میں
پاس ہوئے اور پنجاب میں ڈپٹی کمشنر ہوئے۔ محمد علی جو بعد میں مسٹر محمد علی
آکسن اور مولانا سے اور اپنی قابلیت اور قوم پرستی میں شہرۂ آفاق
ہوئے وہ بھی ایف۔ اے میں ہمارے ساتھ تھے۔ سجاد حیدر بھی ان میں سے
کسی سے کم نہ تھے۔ فرق یہ تھا کہ مقصود علی خان اور زمان مہدی
اگرچہ ذہین تھے مگر کتابی کیڑے بھی تھے۔ سجاد ادھر اُدھر کی کتابوں کا
مطالعہ تو بہت کرتے تھے مگر امتحان والی کتابوں کو محض ضرورتاً
پڑھ لیتے تھے۔ باوجود اس کے جب ایف۔ اے کا نتیجہ آیا تو معلوم
ہوا کہ سجاد صاحب انگریزی اور فارسی میں تمام الہ آباد یونیورسٹی میں
اوّل نمبر مگر کم بخت ریاضی میں صفر۔ محمد علی کا وقت بھی کرکٹ کھیلنے
والوں کی صحبت میں ضائع ہوتا تھا۔ کیونکہ وہ عبد اللہ کرکٹ کپتان
کے ساتھ رہتے تھے۔ تاہم محمد علی بہت ذہین تھے اور اس لئے
امتحان میں پاس تو ہو گئے مگر نمبروں میں سجاد کا لگا بھی نہ کھا سکے۔
محمد علی کی قابلیت آکسفورڈ یونیورسٹی میں داخل ہو کر چمکی۔ سجاد کی

خاموش قابلیت اور طبعی انکساری کی وجہ سے کالج والے ان کی دل سے قدر کرتے تھے اور ان کے ریاضی میں فیل ہو جانے سے ہر شخص اس مضمون کو بد دعا دیتا تھا۔ ریاضی نے ان کا بہت قیمتی وقت ضائع کرایا جس کی وجہ سے وہ ساری عمر نہ پنپ سکے اور ملازمت کی دوڑ میں مقصود علی خاں اور زمان مہدی جیسے ساتھیوں سے پیچھے رہ گئے۔ مگر طالب علمی کے زمانے میں ان باتوں پر کوئی غور نہیں کیا کرتا۔ اور باوجود اس ناکامی کے سجاد کی ہر دلعزیزی اور شہرت میں کوئی کمی نہ آئی۔ بلکہ طلبا اور پروفیسروں کو سجاد سے ہمدردی اور زیادہ ہو گئی کہ افسوس ایسا قابل شخص ریاضی کی وجہ سے رہ جائے۔ چنانچہ جب بی اے میں ریاضی سے پیچھا چھوٹا تو سجاد نے تمام الہ آباد یونیورسٹی میں چوتھے نمبر پر پاس ہوئے۔

یونین میں تقریر کرنے کا شوق سجاد کو سکول کے زمانے سے تھا۔ اخبار بینی کا بھی مرض تھا۔ اس لئے یونین کے سب اعزازی عہدے ان کو حاصل ہو گئے یعنی وہ سیلکٹ کمیٹی کے ممبر ہوئے پھر لائبریرین ہوئے پھر سیکرٹری مقرر ہوئے اور آخر میں تقریر کرنے کا انعام بھی حاصل کیا جس میں ان کا نام یونین کے ہال میں اس وقت تک لکھا ہوا ہے۔

مضمون نگاری سجاد حیدر نے ایف اے کے زمانے میں یا اس سے بھی قبل شروع کی۔ اسی زمانے میں ان کا تعلق

حاجی اسمٰعیل خان صاحب رئیس دتاولی سے ہوگیا۔ حاجی صاحب موصوف اس زمانے کے نامور اُردو ادیب بھی تھے اور ترکی زبان بھی خوب جانتے تھے۔ ممالک مشرقی کی سیر بھی کر آئے تھے اور انھوں نے ایک اُردو رسالہ بھی جاری کیا تھا جس میں بہت اعلیٰ قسم کے مضامین شائع ہوتے تھے۔ سجاد صاحب حاجی صاحب کے سیکرٹری بھی تھے اور ان کو انگریزی بھی پڑھاتے تھے۔ اس زمانے میں سجاد صاحب کی عمر بہت زیادہ نہ تھی۔ چنانچہ حاجی صاحب کی صحبت کا ان پر بہت اثر پڑا، اور اوّل تو یہ کہ ان کو ادب اُردو سے جو ذوق تھا وہ پختہ ہوگیا۔ دوم یہ کہ انھوں نے ترکی سیکھی اور حاجی صاحب کی طرح مشرقی ممالک، خاص کر ترکی کی سیر کے بہت دل دادہ ہوگئے۔

انگریزی انشاپردازی میں بھی سجاد حیدر صاحب بی اے پاس کرنے سے پہلے ہی اپنے ہم عصروں میں ممتاز سمجھے جاتے تھے۔ کالج کے طلبا، اس زمانے میں اچھی انگریزی ہونے کا معیار یہ سمجھتے تھے کہ "پانیر" میں مضمون چھپ جائے۔ اکثر طلبا نے جن کو اپنی انگریزی پر ناز تھا سعیٔ لاحاصل کی مگر سب سے پہلے سجاد حیدر کا ہی ایک مضمون شائع ہوا اس کے بعد جن صاحب کا مضمون شائع ہوا وہ محمد علی تھے جو ان کے کلاس فیلو تھے۔ اس کے کئی سال بعد سید رضا علی (جواب آنریبل ہیں) کے بہت سے خطوط جو اچھے طویل ہوتے تھے "پانیر" میں چھپنے لگے تو یار لوگوں نے

یہ کہنا شروع کر دیا کہ اب "پانیر" کا معیار کم ہو گیا ہے۔

بی اے پاس کرنے کے بعد سجاد حیدر صاحب ناگ پور کے راجہ اعظم شاہ کے اتالیق مقرر ہو کر ناگ پور گئے مگر بعد میں گورنمنٹ نے علی گڈھ کالج میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے بھیج دیا۔ ایک ریلوے کی کوٹھی جو کالج سے دور نہ تھی ان کے رہنے کے لئے کرایہ پر لی گئی اس میں دو کمرے قانون پڑھنے والے طلباء کے لئے مخصوص کئے گئے چنانچہ سجاد کی کوشش سے اس میں مجھے اور مرحوم انعام الحق کو (جو گورنمنٹ آف انڈیا کے پولیٹکل ڈیپارٹمنٹ میں پہلے انڈر سیکریٹری مقرر ہوئے اور خان صاحب اور خان بہادر کے حق دار ہوئے) جگہ ملی۔ اور اب ساری کوٹھی ہم تینوں ہم خیال و ہم مذاق دوستوں کے قبضے میں آ گئی۔ راجہ صاحب تو بے چارے شاگرد تھے علیحدہ کونے میں پڑے رہتے تھے۔ اس کوٹھی کا نام "بیچلر لاج" یعنی کنوارا گڈھ رکھا گیا۔ کیونکہ نہ صرف یہ کہ ہم تینوں کنوارے تھے بلکہ اس وقت ہمارا یہ خیال بہت زیر بحث رہتا تھا کہ دنیا میں ترقی کرنے اور آرام سے رہنے کے لئے متاہل زندگی موزوں نہیں۔ اس خیال کی حقیقی وجہ یہ تھی کہ ہم لوگوں کو نئی تہذیب بہت چر گئی تھی۔ اور اس زمانے میں یعنی اب سے پچاس برس قبل مسلمان عورتیں انگریزی تعلیم سے تو محض نابلد تھیں۔ اردو لکھنا پڑھنا بھی کسی کسی کو آتا تھا۔ اور جن کو آتا تھا وہ اس زمانے میں بڑی تعلیم یافتہ سمجھی جاتی تھیں۔ اور مغربی طرز زندگی سے تو سارے ہندوستان میں سوائے

معدودے چند خواتین کے کسی کو بھی واسطہ نہ تھا۔ اور ہم لوگ چاہتے تھے کہ جس طرح ہم بیچلرز لاج میں صاحبانہ زندگی بسر کرتے ہیں اس کی ہماری رفیقۂ حیات بھی اہل ہو۔ اور چونکہ یہ بات ناممکن معلوم ہوتی تھی اس لئے یہ خیال دل نشین ہوگیا تھا کہ جب تک اس قسم کی بیوی نہ ملے شادی کرنی ہی نہ چاہئے۔ کنوار گڈھ کے نام سے یہ شبہ ہوسکتا تھا کہ اس کے مکین عورت سے نفرت کرتے ہیں۔ مگر اس کے برعکس ہم لوگ عورت کی بہت عزت کرتے تھے اور انعام مرحوم تو خاص توقیر کرتے تھے اور ہم نے اس وقت سے اپنا مقصدِ زندگی مسلمان ہندی عورت کو تعلیم کے ذریعہ بتدریج معراجِ ترقی تک پہنچانا قائم کیا تھا۔ چنانچہ اسی زمانے میں ایک اور حامیٔ نسواں شیخ عبداللہ صاحب نے اسی مقصد کو مدِ نظر رکھتے ہوئے علی گڈھ سے ایک زنانہ رسالہ "خاتون" شائع کیا جس کے شاید پہلے ہی نمبر میں ہمارے کنوار گڈھ کے ممبر انعام الحق صاحب نے حقوقِ نسواں پر ایسا زبردست مضمون لکھا کہ جس کی دھوم ہوگئی اور ہم تینوں ہمیشہ اس رسالے میں مضمون دیتے رہے۔ اسی سلسلہ میں اسی زمانے میں (۱۹۰۴-۵ء) علی گڈھ کالج میں پہلی زنانہ کانفرنس منعقد ہوئی جس کے بانی جناب شیخ عبداللہ صاحب تھے۔ لیکن ہم تینوں نے بھی اس کو کامیاب بنانے میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھی۔ یہ کانفرنس ہمارے لئے کئی معنوں میں دل چسپ اور نرالی تھی۔ اوّل یہ کہ ہمیں یہ معلوم ہوا کہ ہندوستان میں محترمہ عطیہ فیضی جیسی انگریزی دان، آزاد خیال اور ترقی یافتہ مسلمان خواتین بھی موجود ہیں جو سر سید احمد خان کے کالج کی

سر پہ فلک چار دیواری میں بھی پردہ کرنے کو قید محض سمجھتی ہیں۔ اور آبرو بیگم جیسی مشرقی علم و فضل میں یگانۂ روزگار مستورات بھی ہیں جن تک علم کی روشنی سات پردوں میں بھی پہنچ گئی۔ دوم یہ کہ ایسی خواتین کی موجودگی میں حامیانِ طبقۂ نسواں کو مایوسی کی کوئی وجہ نہیں ہے۔

بیچلرز لاج کی زندگی کبھی نہ بھولے گی، ڈگری لینے کی تعلیم سے فارغ ہو چکے تھے، قانونی تعلیم محض علی گڑھ کالج سے وابستہ رہنے کا بہانہ تھا۔ سوائے نئی دُنیا بنانے کے اور کسی قسم کا فکر نہ تھا۔ کالج کے نئے اور پُرانے سربرآوردہ طلباء کو ہر ہفتے دعوت پر یا چائے پر مدعو کیا جاتا تھا اور اتفاق سے اگر کوئی قوم کی مقتدر ہستی کالج کے ملاحظے کے لئے علی گڑھ میں موجود ہوتی تو ان کے فیضانِ صحبت سے بھی استفادہ حاصل کیا جاتا تھا۔ اور یہ مواقع اس لئے نکالے جاتے تھے کہ باہمی تبادلۂ خیالات کے بعد قومی اور معاشرتی مسائل کے حل کرنے کی کوئی صورت نکالی جائے تاکہ اس نئی دُنیا کو قائم کر سکیں جس کے ہم خواب دیکھا کرتے تھے۔ مبحث کے موضوع زیادہ تر حقوقِ نسواں، تعلیم نسواں، پردہ، نئی روشنی، مغربی طرزِ معاشرت، احکام اور شریعتِ اسلام ہوا کرتے تھے۔ سجاد ان مباحثوں میں پیش پیش ہوتے تھے۔ جو تجاویز وہ پیش کرتے وہ اس وقت ناقابلِ عمل معلوم ہوتی تھیں مثلاً ان کا ایک یہ خیال تھا کہ نماز دیسی زبان میں ہوا کرے اور قرآن شریف کا ترجمہ بغیر عربی عبارت کے علاوہ کتاب کی صورت میں شائع کیا جاوے۔

مسجدوں میں وضو کرنے کے لئے ایسے غسل خانے بنائے جائیں جن میں کوٹ، پتلون اور ہیٹ استعمال کرنے والے مسلمانوں کو وضو کرنے میں سہولت ہو۔ جہاں ہیٹ لٹکانے کا انتظام ہو۔ اور اگر جوتے سمیت نماز پڑھی جاوے تو جوتے یعنی بوٹ پر چڑھانے کے لئے مسیحوں کے قسم کے غلاف ہوں۔ اسلامی قانون اور وراثت میں بھی وہ مشترکہ خاندان کی طرز پر تبدیلی چاہتے تھے۔ ان کے خیال میں وراثت کی اسلامی تقسیم کی موجودگی میں مسلمان دولت کو ایک خاندان میں عرصہ تک نہیں رکھ سکتے۔ اس قسم کے دوستانہ مناظروں کے مبحث اکثر مضامین کی شکل میں رسالوں میں ظاہر ہوتے تھے۔ اُردو کے قرآن شریف اور اُردو میں نماز پڑھنے اور تقسیم وراثت پر جو سجاد حیدر صاحب کے مضامین اس زمانے کے رسالوں میں شائع ہوئے تو ان کے خلاف بہت کچھ بے دے ہوئی۔ اسی زمانے میں بغداد میں ایک ترجمان کی جگہ نکلی اور پرنسپل علی گڑھ کالج سے اس کی مانگ آئی۔ بہت سے طالب علموں نے درخواستیں دیں جن میں بعض ایسے بھی تھے جن کا کام روزانہ پرنسپل صاحب کو سلام کرنا بھی تھا اور جو عربی میں ام اے تھے۔ سجاد صاحب نے بھی درخواست دی گو سجاد صاحب بی اے تھے اور پرنسپل مورسین سے کبھی ملتے بھی نہ تھے مگر مورسین صاحب نے سب سے زیادہ سجاد کی سفارش کی۔ نیز ان کو ترکی بھی آتی تھی چنانچہ ہم لوگوں کے خیال میں غیر متوقعہ طور پر ان کا تقرر ہو گیا اور ان کے جانے سے بیچلرز لاج کا بھی خاتمہ ہو گیا۔

سجاد بغداد میں کئی سال تک اپنے فرائضِ منصبی نہایت شرافت اور خوش اسلوبی سے ادا کرتے رہے۔ شرافت میں نے اس لئے لکھا کہ سیاسی کاموں میں بہت کچھ لگائی بجھائی کرنی پڑتی ہے اور اپنے ہم قوم اور ہم مذہب لوگوں کے گلے کاٹنے پڑتے ہیں۔ مگر یہ کام سجاد نے نہیں کیا۔ اور اس کا سب سے بڑا ثبوت یہ ہے کہ ان کو اس اہم سیاسی عہدے کے باوجود کوئی خطاب نہیں ملا۔ اور نہ یہ عہدہ ان کی ترقی کا زینہ بن سکا۔ بغداد سے آخر ان کا دل بھر گیا اور وہ چھٹی لے کر ہندوستان آئے۔ واپسی پر ہم نے دیکھا کہ بغداد کی آب و ہوا سجاد کو بہت موافق آئی تھی اور وہ بہت فربہ اور توانا معلوم ہوتے تھے۔ سیاسی حالات کے متعلق تو وہ بہت ہی محتاط تھے اور کبھی کسی بات کا ذکر تک نہ آیا۔ لیکن بغداد کے اور حالات جو انھوں نے سنائے، تو ان سے یہ سن کر تعجب ہوا کہ وہاں خاکروب یا بھنگی نہیں ہوتے۔ پاخانوں کی بجائے گھروں میں بڑے گہرے گڑھے کر لئے جاتے ہیں جن میں نجاست مہینوں تک جمع ہوتی رہتی ہے۔ اور جب وہ گڑھے بھر جاتے ہیں تو میونسپلٹی کے آدمی جو مسلمان ہوتے ہیں آکر صاف کر جاتے ہیں یعنی کدال پھاوڑوں سے کھاد نکال کر لے جاتے ہیں۔ لیکن انگریز لوگ پاٹ استعمال کرتے ہیں جن کی صفائی عیسائی لوگ کرتے ہیں۔ چنانچہ سجاد نے بھی ایک عیسائی دس روپے ماہوار پر خاکروب کے فرائض ادا کرنے کے لئے رکھ چھوڑا تھا۔ بغداد میں تمام اسلامی احکام شرعی کا بھی بہت احترام کیا جاتا تھا چنانچہ رمضان شریف کے

ماہِ مبارک میں تمام طبابخیوں کی دکانیں اور کھانے کے ہوٹل حکماً بند کر دئے جاتے ہیں اور کوئی شخص بازار میں سگریٹ نہ پی سکتا تھا۔ حتیٰ کہ غیر مسلم مثل یہود و نصاریٰ بھی ان اسلامی احکام کا سخت احترام کرتے تھے اور خواہ وہ ترکوں کی حکومت کے کتنے ہی خلاف ہوں مگر منہ سے ہمیشہ ترکوں کی تعریف ہی کرتے رہتے تھے۔ لیکن یہ وہ زمانہ تھا جب ترکوں نے خلافت اپنے ہاتھ میں رکھ چھوڑی تھی جس کی وجہ سے تمام غیر مسلم قوموں پر اسلام اور ترکوں کا بہت رعب تھا اور اب چونکہ ترکوں نے نہ صرف خلافت بلکہ سلطنت کے لئے اسلام سے بھی ہاتھ اُٹھا لیا تو وہ رعب ختم ہو گیا، بلکہ اُلٹا غیر مسلم اقوام سے اہلِ عراق مرعوب ہو گئے ہیں۔

چھٹی پر ہندوستان آنے کے بعد سجاد واپس بغداد نہ گئے اور پولیٹیکل ڈیپارٹمنٹ نے ان کو معزول شدہ امیر کابل امیر یعقوب خان پر جو مسوری میں رہتے تھے بہ حیثیت پولیٹیکل افسر تعینات کر دیا۔ اس عرصہ میں سجاد قسطنطنیہ کی بھی سیر کر آئے تھے اور وہاں سے ایک ترکی برقعہ بھی ساتھ لائے تھے جو انھوں نے امانتاً میرے پاس رکھوا دیا تھا۔ ایک دن مسوری سے تار آیا کہ برقعہ فوراً پارسل کر دو۔ تھوڑے دن بعد معلوم ہوا کہ سجاد حیدر صاحب کی شادی ہو گئی۔ اس موقعہ پر سوال پیدا ہوتا ہے کہ کنوار گڈھ کے باشی جہاں پردے کے

خلاف دھواں دھار تقریریں ہوتی تھیں اور آزاد عورت کی نئی دنیا قائم کرنے کے خواب دیکھے جاتے تھے کیوں شادی کرتے ہی ایسے پردے کے حامی ہو گئے کہ برقعہ کی ضرورت ہوئی حقیقت یہ ہے کہ اب سے پچاس برس پہلے کا زمانہ اور تھا۔ اس وقت عورتوں کی آزادی اور مغربی معاشرت کے متعلق ہمارے خیال کی پرواز ترکوں ہی تک ہو سکتی تھی۔ اور مغربی زندگی کا جو معیار سر سید احمد خان نے اپنے پیش نظر رکھا تھا کہ ترکوں کی معاشرت کو اختیار کیا جاوے وہی معیار ہم لوگوں کے پیش نظر تھا۔ اور ٹرکی میں عورتیں اس زمانہ میں اس طرح بے حجابانہ یورپین زنانہ ہوئی تھیں جیسے آج کل ہیں بلکہ وہ ایک خاص قسم کا برقعہ پہنتی تھیں جس میں چہرہ کھلا بھی رہتا تھا اور بہ وقت ضرورت اس پر نقاب بھی ڈال لی جاتی تھی مگر وہ ہندی مسلمان مستورات کی طرح مقید نہ تھیں۔ چنانچہ سجاد حیدر صاحب نے جن کو ٹرکی کی ہر ایک چیز سے عشق تھا ترکوں کی پیروی شروع کر دی اور مرتے دم تک اس میں فرق نہ آنے دیا۔ چنانچہ جب ترکوں نے برقعہ بھی ترک کر دیا تو سجاد صاحب بھی ان سے پیچھے نہ رہے۔ ان کی خوش قسمتی سے ان کو جو رفیقۂ حیات ملیں وہ بھی نہ صرف اس نئی طرز زندگی کی اہل تھیں بلکہ ان کو اس کا عشق ہے۔ چنانچہ ان کے ناول اسی زندگی کے نقشے پیش کرتے ہیں۔

امیر یعقوب خان کے انتقال کے بعد سید سجاد حیدر صاحب پولیٹیکل سروس سے فارغ ہو گئے۔ حقیقت میں وہ ایسے نیک بندے تھے کہ

وہ اس سروس کے قابل ہی نہ تھے۔ وہ ایسی ملازمت کے اہل تھے جس میں لکھنے پڑھنے کا کام تھا۔ چنانچہ وہ اس وقت راجہ صاحب محمود آباد کے جن کو بعد میں مہاراجہ کا خطاب مل گیا تھا سکریٹری مقرر ہو گئے۔ اس کام کے لئے وہ خاص طور پر موزوں تھے۔ یہ وہ زمانہ تھا جب مہاراجہ صاحب مسلم لیگ کی سیاسیات میں خاص حصہ لے رہے تھے اور جب ٹرکی جرمنوں کے مل کر لڑنے کی وجہ سے مسلمانان ہند برطانیہ سے بہت برافروختہ تھے۔ اور مسلم لیگ کانگریسی مسٹر جناح کے زیر اثر کانگریس سے ہندوستان میں خود اختیاری سلطنت قائم کرنے کے سلسلے میں سمجھوتہ کر چکی تھی اور دونوں کی متفقہ تجاویز برطانوی حکومت کے پاس بھیجی جا چکی تھیں۔ یہ ہندو مسلم اتحاد کا زمانہ تھا۔ چنانچہ مسلم لیگ کا جلسہ کانگریس کے جلسے کے ساتھ ہوتا تھا اور مجھے یاد ہے کہ کلکتے کے جلسے میں جب کہ شاید محمد علی اور شوکت علی جیل خانے میں تھے، مہاتما گاندھی نہ صرف شریک ہوئے تھے بلکہ انھوں نے پہلی دفعہ اردو میں تقریر کی تھی۔ اور اس بات پر زور دیا تھا کہ تمام قومی مجالس میں تقریریں انگریزی کی بجائے اردو میں ہوا کریں۔ مسلم لیگ اور کانگریس کا یہ اتحاد حکام وقت کی مصلحت کے خلاف تھا چنانچہ جب بٹلر صاحب یو۔پی کے گورنر ہوئے تو وہ چونکہ راجہ صاحب محمود آباد کے بہت عزیز اور بے تکلف دوست تھے انھوں نے راجہ صاحب پر زور ڈال کر ان کو سیاست سے علیحدہ کرا دیا اور

یو۔پی گورنمنٹ کا ہوم ممبر کرا دیا، اور مہاراجہ کا خطاب دلوا دیا۔
اس سے سجاد حیدر صاحب کو یہ فائدہ ہوا کہ وہ ڈپٹی کلکٹر مقرر
ہو گئے اور جب راجہ صاحب مسلم یونیورسٹی کے وائس چانسلر ہوئے تو
سجاد صاحب کی ملازمت یونیورسٹی میں منتقل ہو گئی اور وہ رجسٹرار
مقرر ہو گئے۔ ڈاکٹر ضیاء الدین کے خلاف جب رحمت اللہ کمیٹی نے
رپورٹ لکھی اور یونیورسٹی کے انتظام میں تبدیلی ہوئی تو سجاد صاحب
واپس اپنے عہدۂ ڈپٹی کلکٹری پر چلے گئے۔ اور جب پنشن ہوئی تو
انھوں نے دہرہ دون میں مستقل قیام شروع کر دیا جہاں ایک دفعہ
موجودہ راجہ صاحب محمود آباد تشریف لائے اور سجاد صاحب کو
اپنا سکریٹری مقرر کر کے اپنے ساتھ بر دستی لے گئے اور اسی ملازمت میں
سجاد صاحب کے زندگی کے آخری لمحہ تک گذرے۔

بغداد پہنچنے کے بعد سجاد حیدر صاحب نے اپنا علمی نام یلدرم
رکھ لیا تھا یعنی جو مضمون بوجہ ملازمت وہ اپنے نام سے نہیں چھپوانا
چاہتے تھے وہ یلدرم کے نام سے شائع ہوتا تھا۔ یلدرم ایک ترکی لفظ ہے
جس کے معنی "برق" کے ہیں۔ اس لفظ کے تلفظ کی آواز پر غور کرنے سے
خیال ہوتا ہے کہ یلدرم کے معنی گرج یا بادل کے گڑگڑانے کے ہونگے نہ کہ
محض برق کی چمک کے۔ یہ خیال مجھے اس وقت آیا۔ اس لئے سجاد صاحب سے
میں نے اس کی تصدیق نہ کی۔ اگر اس لفظ کے معنی گرج کے لئے جائیں تو
"یلدرم" سجاد کے نام کے ساتھ ہرگز موزوں نہ تھا۔ کیونکہ وہ خیالات کی

بارش ضرور کرتے رہے مگر کبھی گرجے نہیں۔ اور جہاں تک مجھے علم ہے یلدرم انھوں نے اپنے اشعار یا نظموں میں بہ طور تخلص کے کبھی استعمال نہیں کیا۔

سید سجاد حیدر صاحب ایک مشہور انشا پرداز۔ جدت پسند شاعر اور دل کش قصہ نویس تھے۔ ترکی ناولوں کا ترجمہ انھوں نے اس طرح کیا تھا کہ ان ناولوں کو بالکل اپنا لیا تھا۔ اور اس طرح وہ ناول نویس کہلانے کے بھی حقدار ہو سکتے ہیں۔ گو ان کی محترم رفیقۂ حیات بیگم نذر سجاد حیدر صاحبہ حقیقی معنوں میں ناول نویس ہیں اور اس معاملے میں اپنے قابل خاوند سے بازی لے گئی ہیں۔ سید صاحب اگرچہ اسی معنی میں شاعر نہ تھے کہ وہ نہ صاحب دیوان تھے اور نہ پبلک مشاعروں میں کرائے پر مدعو کئے جاتے تھے۔ لیکن اگر شاعر کے معنی میں وہ شخص ہے جو شعر کہتا ہو تو سجاد صاحب ضرور شاعر تھے۔ بہ حیثیت انشا پرداز کے انھوں نے ایک خاص طرز تحریر کی بنیاد ڈالی تھی جس سے اردو زبان میں نئے الفاظ انھوں نے ترکی زبان سے لئے۔ ترکوں نے بہت سے محاوروں اصطلاحوں اور الفاظ کو جو یورپین زبانوں مثل فرانسیسی یا انگریزی میں مستعمل ہیں اپنی زبان میں عربی یا فارسی کی مدد سے لے لیا تھا۔ سجاد صاحب نے ان کو اردو سے روشناس کرا دیا۔ ان کی یہ نئی طرز تحریر اس زمانے میں بہت مقبول ہوئی کیونکہ اس وقت تک زبان میں عربی فارسی کے لفظ کاٹ کر اس کی قوت اور جاذبیت کو گم کرنے کا خبط اہل قلم کو نہیں ہوا تھا۔ بہت سے اہل قلم نے اس طرز کا تتبع کیا جس میں سلطان حیدر جوش

خاص کر قابلِ ذکر ہیں۔ سید صاحب موصوف کے مضامین ہمیشہ اپنے رنگ میں
نئے اور خیال میں اچھوتے ہوتے تھے اور یہ ان کی ایسی خصوصیت ہے جو
بعض ان سے زیادہ مشہور مضمون نگاروں میں کم پائی جاتی ہے۔ وہ
غیر زبان کے الفاظ محض خانہ پُری یا رنگینیٔ عبارت کے خیال سے استعمال
نہیں کرتے تھے بلکہ صرف اس وقت استعمال کرتے تھے جب وہ خیال کو
دوسرے الفاظ کے ذریعہ ادا نہ کر سکتے تھے۔ سجاد صاحب عام طور پر
سنجیدگی اور متانت کے بادلوں میں چھپے رہتے تھے لیکن ان کے پُردم والے
مضامین ایک بجلی کی چمک کی طرح کبھی کبھی ان کے جوانی کے ان جذبات کو
تھوڑی دیر کے لئے روشنی میں لے آتے تھے جو ان کی طبیعت کے منافی تھے۔
چنانچہ جب ان کا مضمون "وہ آنکھیں" شائع ہوا تو حلقۂ احباب میں بہت
چہ میگوئیاں ہوئیں اور قاری سرفراز حسین صاحب مرحوم مصنف "شاہدِ رعنا"
وغیرہم نے "تو نے مجھے دیکھا کیوں" کے عنوان سے جوابی مضمون شائع
کر دیا۔ اور کچھ دنوں یہ سلسلہ چلتا رہا۔ ان کے مضامین کا مجموعہ پہلے
"خیالستان" کے نام سے شائع ہوا جو ایک زمانے میں پنجاب
یونیورسٹی میں ایف اے کا کورس بھی تھا۔ دوسرا مجموعہ بعد میں
"حکایات و احساسات" کے نام سے چھپا۔ انھوں نے ہم ہندوستانیوں کو
ترکوں کی معاشرتی زندگی سے پہلی دفعہ ترکی ناولوں اور ڈراموں کو
اُردو میں ترجمہ کر کے ہم سے آشنا کرایا۔ ان سے قبل محمد حسین صاحب
رام پوری نے دو ترکی ناول ترجمہ کئے تھے۔ مگر وہ انھوں نے

انگریزی کی معرفت لئے تھے۔ براہ راست ترکی سے ترجمہ نہیں کئے گئے تھے۔
سجاد صاحب نے یوں طالب علمی کے زمانے میں "ثالث بالخیر" "زہرا"
اور "مطلوب حسینان" تین چھوٹے چھوٹے ترکی ناول ترکی سے ترجمہ
کئے تھے لیکن اس وقت تک ترکی سے ترجمہ کرنے کی زیادہ مہارت
نہیں ہوئی تھی۔ اس کے بعد وہ کئی دفعہ قسطنطنیہ گئے اور انھوں نے
اپنا مطالعہ جاری رکھا۔ حتیٰ کہ پھر کئی بڑے بڑے افسانے، ڈرامے،
اور ناول ترکی زبان سے ترجمہ کئے۔ پہلے "ہما خانم" "پرانا خواب"
"آسیب الفت" ترجمہ کئے اور بعد میں "جنگ و جدل" اور
"جلال الدین خوارزم شاہ" چھپوائے۔ اور حال ہی میں انتقال سے
قبل "طارق" اور "ابن مولیٰ" دو ترکی ڈرامے ترجمہ کر ڈالے جو ابھی
شائع نہیں ہوئے ہیں۔ ان کی تصانیف پر تبصرہ کرنا اس وقت میرا
مقصد نہیں ہے۔ میں ان کی ایک خصوصیت کا ضرور ذکر کروں گا۔ اور
وہ یہ ہے کہ ان کے مضامین یا افسانوں میں آپ کو مصنف کی ذاتی
زندگی کا ذرا سا حال بھی معلوم نہ ہو سکے گا۔ ان کی قوت تخیل ایسی
قوی تھی اور جودت طبع کا یہ زور تھا کہ ان کو اپنے ذاتی ماحول کو کام میں
لانے کی ضرورت نہ پڑتی تھی۔ اور اگر وہ کام میں لاتے بھی ہوں گے تو
اس خوبی سے کہ جو تصویریں وہ ہمارے سامنے پیش کرتے تھے وہ
ان کے تصور کا نتیجہ معلوم ہوتی تھیں۔ انھوں نے ہمیشہ اپنی زندگی کو
اپنی پبلک یا سرکاری زندگی سے بالکل علیحدہ رکھا۔ وہ کچہری اور

دفتر میں عہدے دار اور مضامین و افسانوں میں وہ ہمیشہ سجاد حیدر رہے۔ وہ طبعاً سنجیدہ تھے مگر رعونت ان کے پاس نہ پھٹکتی تھی۔ ان کی زندگی نامور حضرات کی زندگی سے بہ حیثیت سکرٹری وابستہ رہی۔ ان کی تحریریں بار ہا کرسیٔ صدارت سے نشر کی گئیں اور اخبارات میں تعریف کے ساتھ شائع ہوئیں۔ مگر بڑے بڑے قومی جلسوں میں جب جناب صدر اپنی تقریر پڑھتے تھے تو کسی کو کانوں کان یہ نہ معلوم ہوا کہ اس تصنیف کا مصنف یہ ایک نحیف الجثہ شخص ہے جو گم نام شخص کی طرح اس مجلس کے ایک کونے میں بیٹھا اس طرح اِدھر اُدھر دیکھ رہا ہے گویا اس تقریر سے اس کا کچھ واسطہ ہی نہیں۔ اپنے آپ کو گم نامی میں رکھنا "بڑا آدمی" کہلانے سے بھاگنا "بڑے آدمیوں" کی صحبت چھوڑ کر بے تکلف گمنام دوستوں کے ساتھ وقت گذارنا اور ان کے ساتھ خوش طبعی میں خاموشی سے حصہ لینا سید سجاد حیدر صاحب کی ایسی خصوصیت تھی جو بہت کم افسانوں میں دیکھنے میں آئی ہے۔

ادیب۔ اگست ۱۹۴۳ء
جلد ۵ نمبر ۴

قاضی عبدالغفار

سجّاد — یلدرم

"جہاں پھول کھلتے ہیں اور گلاب کی خوشبو شام کے سایہ میں پھیلتی ہے — ایسی وادی کے خاموش گوشہ میں جہاں نہ دبدبہ ہو نہ وغدغہ، زندگی بسر کرنے کا لطف ہے۔ جب پھول کھلتے ہیں اور یہ کثیف اور ترش رو دنیا ہنسنے لگتی ہے ہوا میں حسنِ عشق سے مشابہ آہنگ نرم ایک اسرار انگیز خفیف روانی پیدا ہوتی ہے — جب فرشتہ گل شبو کے منھ کو کھولتا ہے اور بادلوں کو رنگین کرتا ہے — اُس وقت بہار کے موسم میں ایک شام کو مرجانے کا لطف ہے!

"جس وقت ہلکی ہلکی ہوا چلتی ہے اور وادی کی سطح کے زمردین ٹیلوں پر اور زمردین دامنِ کوہ پر بادلوں کا سایہ اس طرح آتا ہے جس طرح فرشتے آسمان پر اُترتے ہیں اور میری روح کو تلاش کرتے ہیں اُس وقت میری روح چاہتی ہے کہ پھولوں میں سے نکل کے بادلوں سے جا ملے اور میرا دل یہ چاہتا ہے کہ اُسی دامنِ کوہ میں ان ہی سرو کے درختوں کے سایہ میں میرے جسم کو دفن کر دیں۔ اور اگر میں اس قابل ہوں تو میرے لئے رونے والوں کے آنسو (کہ یہی میرے حسناتِ عمر کا نتیجہ ہونگے) اُس ہنستے کھیلتے دریا میں جو اس وادی میں بہتا ہے مل جائیں، نابود ہو جائیں!

پیدا ہوتے وقت رونا بہت اچھا! مگر نا امیدی کے ساتھ مرنا، اس کی ضرورت سمجھ میں نہیں آئی!۔ میں ایک پُرنشہ وداع کو غمگین وصال پر ترجیح دیتا ہوں۔ اور یہی سبب ہے آہ! یہی سبب ہے کہ چاہتا ہوں کہ دغدغۂ حیات کو بہار کے پُرشوق زمانہ میں جب پھول کھل رہے ہوں اور دُنیا میری طرف ہنس رہی ہو اور میں دُنیا کی طرف ایسے وقت میں اُس کو الوداع کہوں!!"

("جہاں پھول کھلتے ہیں" ۔ حکایات و احتساسات)

"دُنیا کی خوشی میں، سعادت و رفاہیت میں، اضافہ نہیں ہوگا مگر اندوہ و غم میں کمی ہو جائیگی لایک محبت الود وجود دنیا سے اُٹھ جائیگا ۔ سفالت و رذالت، تنعم و تعیش کی جنگ جاری رہے گی ۔ مگر دُنیا کے لئے کڑھنے والا ایک دل غائب ہو جائیگا!" (میرے بعد)

محبت کا ایک قرضہ ادا کرنا چاہتا ہوں ـــــ یہ جانتے ہوئے کہ وہ ادا نہیں ہو سکتا! بیتے ہوئے زمانہ کی یاد کو جگا رہا ہوں ـــــ یہ جان کر کہ وہ زمانہ واپس نہیں آسکتا! ـــ محفل دی شب کے ٹوٹے ہوئے جام و مینا کے ٹکڑے سمیٹ رہا ہوں ـــ اس یقین کے ساتھ کہ وہ اب میری دسترس سے باہر ہیں!

آخری دفعہ ۴۲ء کے آخر اور ۴۳ء کے شروع میں سجاد سے ملاقات ہوئی تھی ۔ تقریباً (۱۷) برس کے بعد ہم دونوں لکھنؤ میں ملے تھے! اُن کی معنوی زندگی کے سمندر کا بہت سا پانی خشک ہو چکا تھا جس طرح میرا دریا بھی ایک چھوٹا سا چشمہ بن کر رہ گیا ہے! ۔ (۱۷) سال کے بعد میں نے اُن کو بہت ضعیف اور کمزور پایا، میرا پہلا سوال اُن سے یہی تھا ۔ سجاد! کیا تم بیمار ہو اور اپنی اُس زیر لب مُسکراہٹ کے ساتھ

(جس کی لذتِ دیرینہ سے اُن کے سب ہی احباب آشنا تھے!) اُن کا جواب یہ تھا۔ "ارے کچھ بھی نہیں بھائی! تھوڑی سی ذیابطیسی ہے سو میں اُس کا علاج یوں کرتا ہوں کہ جی بھر کے مٹھائی کھایا کرتا ہوں! پرہیز اور احتیاط سے مرض کی خاطر داری نہیں کرتا!" ——

—— لکھنؤ میں یہ چند ہفتے اس طرح گزرے کہ ہم دونوں گھنٹوں اُن کی کوٹھی کے خاموش برآمدے میں بیٹھے باتیں کیا کرتے تھے —— وہ باتیں! علیگڈھ کی! وہ باتیں! ادبیات اور شعر و شاعری کی! وہ باتیں گزرے ہوئے اور گئے ہوئے دوستوں کی! ——

اس ملاقات سے چند روز پہلے نومبر ۴۲ء میں اُن کے عزیز ترین دوست سر محمد یعقوب کے لئے اپنے خالق کا بلاوا آچکا تھا۔ اس حادثہ کی نسبت سجاد نے بذریعہ تعزیت مجھے ایک خط لکھا۔ اس خط میں دو سطریں نثر کی اور چند اشعار تھے —— ایک ہمدمِ دیرینہ کی یاد میں" —— ان اشعار میں جو کچھ انھوں نے اپنے "ہمدمِ دیرینہ" کے لئے لکھا تھا اُس کو آج تقریباً ڈیڑھ سال بعد میں اُن کی جدائی میں اپنے غمگین جذبات کا ترجمان بنا سکتا ہوں۔ ۲۱۔ دسمبر ۴۲ء کو وہ مجھے لکھ رہے تھے کہ:

"تمہیں میں تعزیت نامہ کیا لکھوں۔ ہمدمِ دیرینہ کی یاد میں تعزیت بھی ہے اور دوستوں کو چھوڑ کر چلے جانے والے دوست کے نام ایک پیام بھی .....
سر محمد یعقوب کی قوم پرستی کی نہیں احباب پرستی کی یاد مجھے

"تڑپا رہی ہے ! ۔ تمھارا سجاد"

اس عبارت کے بعد اُس "شکوہ" کا انداز دیکھئے جو مرحوم نے اپنے "ہمدمِ دیرینہ" سے کیا تھا اور اب اُن کے احباب خود اُن سے کر رہے ہیں:

اے دوست دیا ساتھ نہ احباب کا تم نے — یہ شرطِ رفاقت تھی ہمیں چھوڑ گئے تم
مضبوط پکڑتے تھے سرِ رشتۂ الفت — یہ کیا کہ جھٹک کر اُسے خود توڑ گئے تم

اے عالمِ فانی سے نظر پھیرنے والے
ہے کوئی کشش تجھکو یہاں پھر جو بلا لے؟

وہ ڈوب گیا جس نے ہزاروں کو اُبھارا — کس کس کو دیا ہمتِ عالی سے سہارا
یعقوب سا اب کوئی نہ آئیگا دوبارا — شیریں سخن و دوست نواز، انجمن آرا

وہ جو کہ لُٹا دیتا تھا احباب پہ دولت
وہ پیکرِ اخلاص وہ تمثالِ محبت ۔!

احباب پرستی کا نمونہ تھے تو تم تھے — احباب فراموشوں کو شرماؤ تو آکر
یعقوب بھی احباب فراموش ہی نکلا — اس طعنۂ دل دوز کو جھٹلاؤ تو آکر

آرام سے کیوں زیرِ لحد جا کے ہو لیٹے
اپنے کو بچاتے ہوئے دامن کو سمیٹے

بیکار ہے بیکار ہے اخلاص و محبت — اب کوئی نہ ہوگا مزنِ جادۂ الفت
وہ مدعیٔ رہبریٔ راہِ محبت — کہتا تھا زمانہ کہ وفا اُسکی ہے خصلت

یوں چھوڑ چلا جیسے شناسا ہی نہ تھا وہ
اس طرح گیا جیسے کہ آیا ہی نہ تھا وہ

میں اگر شاعر ہوتا شاید یہی سب آج سجاد مرحوم کے متعلق لکھتا ــــ لیکن میں کتنا ہی لکھتا، کتنا ہی لکھتا رہوں، وہ قرضہ کبھی بھی ادا نہیں کر سکتا جو ایک عزیز دوست اور ایک بے مثل ادیب اور ایک نازک خیال مفکر کا میرے ذمہ عاید ہوتا ہے! اس قرضہ کو میں قرضہ صرف اس لئے نہیں سمجھتا کہ سجاد مرحوم اُردو زبان میں ایک نئے اور ترقی پسند اور بہت ہی دل نواز اسلوبِ بیان کے موجد تھے اور اس لئے وہ خراجِ تحسین کے حق دار ہیں، بلکہ زیادہ تر اس لئے کہ اُن کے ادبی ذوق سے میرے ادبی رجحانات نے اپنے آغازِ کار میں بہت کچھ حاصل کیا ــــ

سجاد کا ادب جوان ہو چلا تھا۔ جب میری مضمون نگاری اپنی طفولیت کی منزل پر تھی ــــ اُس منزل پر جہاں اگر اخبار یا رسالہ کسی نو مشق کا کوئی اچھا یا بُرا مضمون شائع کر دے تو اُس کے لئے یہ واقعہ ایک طُرۂ افتخار ہو جائے! اور تمنّا یہ ہو کہ اُس نو آموزِ لذتِ گفتار کے دوستوں کے حلقہ میں کوئی ایک ایسا دوست باقی نہ رہ جائے جو اُس کا چھپا ہوا مضمون نہ پڑھ لے! چھپ کر شائع ہو جانے اور اپنے نام کو "زیورِ طبع" سے آراستہ دیکھنے کی خواہش نو آموز مضمون نگاروں کی زندگی کا کس قدر عزیز سرمایہ ہوتا ہے! جس زمانہ میں سجاد مرحوم کے مضامین مخزن میں شائع ہو رہے تھے میں اُن کو بار بار پڑھا کرتا تھا اور سچ تو یہ ہے کہ اُن کے ذہنی نقوش کو چُرا چُرا کر اُن سے اپنے مضامین کو سجایا کرتا تھا۔ سجاد کے اندازِ بیان کی دل فریب پرچھائیاں

چوری کے مال کی طرح میری گرہ مین آتی نہین اور مجھے یقین ہے کہ آج تک بھی میری تحریرون مین سجاد کے اندازِ بیان سے میری ابتدائی خوشہ چینی کا اثر باقی ہے۔ اس لئے مین کہہ سکتا ہون کہ مرحوم کی ادیبانہ زندگی کے نقوش کو — جس سے میرا انتساب میرے لئے قابلِ فخر ہے — منظرِ عام پر پیش کرکے مین محبت اور عقیدت کا ایک قرضہ ادا کرنے کی کوشش کرتا ہون۔ یہ مضمون اُس قرضہ کی پہلی قسط ہے ممکن ہے کہ یہی مضمون یلدرم کے کسی سوانح نگار کے لئے ایک پیش لفظ بن جائے۔

سجاد مرحوم میرے ہم سبق نہ تھے جس طرح ادب کی دُنیا مین، اسی طرح علیگڈھ مین وہ مجھ سے پہلے آئے اور پہلے فارغ ہوئے لیکن چند سال کا یہ فرق اُن روحانی تعلقات نے مٹا دیا تھا جو ادبی افکار کے توسط سے پیدا ہوئے تھے اور تقریباً (۳۵) سال قائم رہے — اُس وقت تک قائم رہے جب تک کہ موت کی بے پناہ مقراض نے اس ریشمی ڈوری کو کاٹ نہ ڈالا! آخر ۴۲ء اور شروع ۴۳ء کی وہ ملاقاتین میری نظرون مین پھر رہی ہیں! لکھنؤ سے چند ہفتون کے لئے یہ کہہ کر رخصت ہوا تھا کہ واپس آکر تم سے بہت سی باتین کرنی ہین، سجاد! لیکن جب واپس آیا تو معلوم کہ سجاد میرا انتظار نہ کرسکے۔ وہ تین چار دن پہلے ہی ایک دن صبح کو اس فانی دُنیا سے منھ موڑ کر آسودۂ خوابِ ابد ہو گئے! لکھنؤ مین وہ میرا انتظار نہ کرسکے

لیکن اُس دائمی صبح ازل میں جہاں خواب اور بیداری کا کوئی فرق باقی نہیں رہتا اب وہ انتظار کریں گے ـــ اپنے بعد میں آنے والے بہت سے دوستوں کا!

سجاد حیدر صوبجات متحدہ میں ضلع بجنور کے رہنے والے تھے ۱۸۸۰ء میں پیدا ہوئے۔ چند سال علیگڈھ کالج میں تعلیم پائی اور ۱۹۰۱ء میں الہ آباد یونیورسٹی سے بی۔ اے کی ڈگری حاصل کی۔ علیگڈھ میں وہ مولانا محمد علی مرحوم کے ہم سبق تھے۔ مولانا اُن کو بہت چاہتے تھے اور جس زمانہ میں دہلی سے اخبار "ہمدرد" جاری کیا جانے والا تھا مولانا نے اُن سے بہت اصرار کیا کہ وہ اُن کے اخبار کی زمام ادارت سنبھال لیں۔ لیکن سجاد کی طبیعت کے رجحانات اخبار نویسی اور اُس کے متعلقات کی کشاکش سے بہت دُور تھے۔ اُن کی فطرت زندگی کا کوئی خاموش گوشہ چاہتی تھی جہاں وہ اپنے افکار کی دُنیا بسا کر

بیٹھے رہیں تصوّرِ جاناں کئے ہوئے!

لیکن دُنیا ستم کار اور ستم ظریف ہے، سجاد جن ہنگاموں سے دُور بھاگا کرتے تھے اُن سے بدتر پابندیوں میں مبتلا ہو گئے۔ بجائے اس کے کہ ادب کی قلمرو میں ـــ جو اُن کی حقیقی قلمرو تھی ـــ اُن کا سکّہ چلتا۔ وہ چاکری کے چند کھوٹے سکّوں کے لئے ایک ایسی دُنیا میں قید کر دئے گئے جہاں "مجموعۂ تعزیرات ہند" گویا اُن کی زندگی کے افکار کا آئینہ دار بن گیا!! غلاموں کے ملکوں کا یہی سب سے بڑا حزنیہ ہوتا ہے کہ ہر ن

اصطبل میں باندھے جاتے ہیں! مولانا محمد علی مرحوم نے اپنے ایک مضمون میں اس واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے کہ سجاد اخبار نویسی کی دُنیا میں قدم رکھنے پر آمادہ نہ ہوئے یہ کہہ کر بہت پُرلطف اشارہ کیا تھا کہ "وہ ادب کے لئے وضع کئے گئے اور ہم بے ادبی کے لئے"

ما و مجنون ہم سبق بودیم در دیوانِ عشق
او بہ صحرا رفت و من در کوچہ ہا رُسوا شدم

کوچہ و بازار میں محمد علی کا وہ "رسوا" ہونا اور چاکری کے لق و صحرا میں سجاد کے کاروان ادب کا لُٹ جانا ہماری زبان کی تاریخ کے دو بڑے واقعات، نہیں، حادثات ہیں جن سے ایک انقلابی ہندوستان کا مورخ عبرت حاصل کرے گا۔ اگر محمد علی کی خداداد صلاحیتیں قلم اور کاغذ کے لئے وقف ہو جاتیں اور اگر سجاد کی "ڈپٹی کلکٹری" اُن کو حُسنِ خیال کی وادیٔ گُل ریز سے خارج البلد نہ کر دیتی تو نہ جانے ہماری زبان کے خزانے زر و جواہر سے کس قدر معمور ہو جاتے۔ فکر و خیال کی کتنی بستیاں آباد ہوتیں ــــ اس ریگستان میں کتنے نخلستان سرسبز ہوتے اور کتنے دریا بہتے!! "یلدرم" کی فطری شعریت کا اگر یہ حشر نہ ہوا ہوتا تو نہ جانے آج دُنیا ہندوستان کے اس "نامق کمال" کے تراوشِ افکار سے کس قدر مالا مال ہوتی! لیکن پھر بھی جو ادبی میراث سجاد نے اپنے ہمزبانوں کے لئے چھوڑی وہ کچھ کم تو نہیں۔ اُن قطروں میں ایک سمندر، اُن چند دانوں میں دہقان کی آرزو کے تمام حاصلات، اُس ایک

آہ میں غم کی ساری دُنیا، اور اُس ایک تبسم میں گلبانگِ حیات کی تمام موسیقی! — یہ سب وہ اپنے چند اوراق میں ہمارے لئے چھوڑ گئے!!

سجاد نے ادبِ لطیف اور مفکرانہ اور فلسفیانہ ادب کا نیا اسلوب اُردو زبان میں پیدا کیا جس کا سرچشمہ ترکوں کی زبان کے متعلق اُن کا وہ ادبی ذوق تھا جس نے ترکی ادب کے ایک انقلابی دَور سے اُن کا رشتہ باندھا — وہ انقلابی دَور جو "نامق کمال" اور خالدہ ادیب جیسے مفکرین کا دَور تھا۔ اس وقت تک ہندوستان کی زبانوں کا ادب اس حقیقت سے آشنا نہ تھا کہ کسی قومی ادب کو قومی انقلاب سے کیا نسبت ہوا کرتی ہے۔ ابھی تک "ادب برائے ادب" کے تھکے ہوئے تصورات اُس "جنت نگاہ اور فردوس گوش" کے معمار بنے ہوئے تھے جس جنت کے دروازے پر عظیم الشان انقلابات کی ایک نئی دُنیا کا نقشہ بنایا جا رہا تھا! اپنے حجروں میں جن کے بھاری پردے گرے ہوئے تھے ہماری دُنیا کے اربابِ قلم بالکل آسودہ تھے اور اُن کو خبر نہ تھی کہ اُن کے حجروں کے باہر ایک طوفان آنے والا ہے! ترکی میں انقلاب کی پہلی لرزش پیدا ہو چکی تھی اور وہاں ترقی پسند ادب کے داعی میدان میں آنے لگے تھے۔ عین اُسی وقت "یلدرم" ترکی ادب کی اس نئی دُنیا سے آشنا ہوئے جب کہ ترکی ادب کی اس بے چین روح کو "ادب برائے زندگی" کی صبحِ صادق کے دھیمے آفتاب کی پہلی کرن نے مس کیا تھا! سجاد کی

فطرت نے ترکی ادب کی روح سے جو کچھ حاصل کیا اُس کو اُردو ادب کی تھکی ہوئی محفلوں تک پہنچانے کے لئے انھوں نے سب سے پہلے اُس زمانہ کی ترکی ادبیات کا ترجمہ کرنا شروع کیا۔ اس طرح وہ اُردو ادب میں ایک نیا تصور، ایک نیا اسلوب، ایک نئی زندگی منتقل کرنے لگے۔ غالباً اُن کا سب سے پہلا ترجمہ ترکی ناول ہاجرہ کا ترجمہ تھا مگر یہ کتاب ترکی ادب کی کچھ زیادہ خصوصیات کی حامل نہ تھی۔ میں تاریخوں کا صحیح تعین تو نہیں کر سکتا لیکن غالباً ۱۹۱۹ء یا ۱۹۲۰ء میں دوسری دفعہ ترکی ادیب احمد حکمت کے افسانے "ثالث بالخیر" کا ترجمہ سجاد کے قلم سے اُردو زبان کا لباس پہن کر ہماری زبان کے ادیبوں کے لئے ایک نیا پیام لایا۔ ان اوراق کے دیباچہ میں انھوں لکھا تھا کہ:

"میری تمنا تھی کہ کسی طرح ترکوں کے قصے ترجمہ ہوں۔ اس سے نہ صرف ہمارے ناولوں کے لٹریچر میں ایک نئے قسم کا اضافہ ہوگا بلکہ ترکوں کی سوشل زندگی کا اصلی نقشہ بھی ہمیں نظر آئے گا۔ ترکوں کی سوشل زندگی کی تصویر کی میں اُردو میں اس لئے ضرورت سمجھتا تھا کہ ہماری سوسائٹی اور طرزِ معاشرت میں جو انقلاب پیش آرہا ہے وہ انھیں بھی پیش آچکا ہے اس وجہ سے ہمیں اس نقشہ سے معلوم ہو جائے گا کہ اس منزل سے وہ کس طرح گزرے اور اب کہاں ہیں ..... مغربی معاشرت کے

دل دادہ تو اس قصے کو پڑھ کر شاید خوش ہوں گے مگر
مخالفین تو یقیناً مکدر ہوں گے۔ ان کی خدمت میں
عرض ہے کہ کیا کیا جائے زمانہ کا ہی رنگ ہندوستان پر
چڑھ رہا ہے۔ ترجمہ اکھڑا اکھڑا اور انوکھا معلوم ہوگا مگر
ترکوں کا طرز ادا مجھے کچھ ایسا بھلا معلوم ہوتا ہے اور مغربی
اور ایشیائی طرز تحریر کا کچھ ایسا اچھا امتزاج ہے کہ میں نے
لفظی ترجمہ کی کوشش کی ہے۔ گفتگو انوکھی تو ضرور ہے
لیکن سنئے تو

غریب شہر سخنہائے گفتنی دارد

۱۴ اگست ۱۹۲۰ء

آج سے (۲۴) سال پہلے جس اسلوب بیان کو وہ اکھڑا اکھڑا اور
انوکھا کہہ رہے تھے وہ آج ترقی پسند ادب کے ساتھ ساتھ ہماری ادبیات کی
ایک نمایاں خصوصیت بن گیا ہے۔ ہمارا ادب اب جن حقائق کو زیادہ
گرم اور زیادہ کھلے ہوئے الفاظ میں ہمارے سامنے لا رہا ہے اس کا
ایک دھیما اور معتدل آغاز ہم سجاد حیدر کے ابتدائی ترجموں میں پاتے ہیں
اس پہلی منزل کے بعد خود سجاد نے ترقی پسند ادب کی بہت سی منزلیں
طے کیں اور اگر سرکاری ملازمت کی زنجیروں نے ان کے افکار کو باندھ
نہ لیا ہوتا تو کیا معلوم ہے کہ آج وہ جدید ادب کی کس منزل پر ہوتے
۱۹۲۵ء میں انھوں نے نامق کمال کے طویل ڈرامہ "جلال الدین خوارزم شاہ" کا

ترجمہ پیش کیا۔ نامق کمال اپنے زمانہ کے انقلابی اور ترقی پسند ادیبون مین بلاشبہ سب سے بڑا ترکی ادیب تھا۔ اُس کے متعلق خود بیجا اپنے مختصر دیباچہ مین لکھتے ہین کہ

"نامق کمال بک ترکی ادبیات جدیدہ کے زندہ جاوید بانیون مین سے ہے۔ وہ وہ ہے جس کے حیات آفرین قلم نے بہ قول پروفیسر براون وطن کے عام لفظ کو محض زاد و بوم کے مفہوم سے بلند کر کے عشق ملک و ملت اور دین و مذہب کا حامل کر دیا۔ مین اس ڈرامہ سے جتنا متاثر ہوا ہون اگر اُس کا عشرِ عشیر اثر بھی ناظرین کے دل مین پیدا کر سکتا تو مین سمجھون گا کہ میری محنت وصول ہو گئی۔"

اس کے علاوہ "مطلوب حسینان" "زہرہ" "آسیب الفت" یہ تینون بھی ترکی افسانون کے ترجمے ہین جو یکے بعد دیگرے شائع ہوئے مگر سب سے زیادہ نامق کمال کے ڈرامہ نے بیجا کا رشتہ "ادبیات جدیدہ" سے مضبوط کر دیا۔ چنانچہ ۱۹۲۷ء مین "حکایات و احساسات" کے عنوان سے اُن کے مضامین کا ایک مجموعہ شائع ہوا جس مین کچھ ترجمے خالدہ ادیب کے مضامین کے اور کچھ دیگر ترکی مصنفین کے شامل ہین۔ مگر ان کے علاوہ چند طبع زاد مضامین بھی ہین جو ہمایون علیگڈھ میگزین اور مخزن مین شائع ہو چکے تھے۔ "خیالستان" کے سلسلہ کی دوسری کڑی تھی۔ "خیالستان" پانچوین دفعہ ۱۹۳۸ء مین شائع ہوئی تھی اور مین کہہ سکتا ہون کہ اس کتاب کے بعض مضامین "یلدرم" کے

شاہکار ہین جن مین جدید ترکی ادب کے بہترین تاثرات کو انھون نے اُردو ادب کے طبع زاد اور جدید پیرایہ مین مجتہدانہ پیش کیا اور اس نقطہ سے اُردو کے ادب مین وہ نئی راہ پیدا کی ہے جس پر آج ترقی پسند ادب کے قافلے رواں دواں ہین۔

جو کچھ سجاد کی فطرت نے ترکی ادب سے حاصل کیا اور جو کچھ خود اُن کی فطرت مین ودیعت تھا ان دونون کے امتزاج کا بہترین نتیجہ "خیالستان" اور "حکایات و احساسات" مین حاصل ہوتا ہے۔ کہین کہین سے چند جواہر ریزے نقل کرتا ہون۔ زبان اور بیان کی لذتون سے قطع نظر پہلے اُن افکار پر نظر کیجیے جن مین سجاد کی روح بے قرار نظر آتی ہے۔ اپنی ابدی کاوشون کے درمیانی دور مین جب اُن کی آرزومند روح دنیا کی کشاکش سے مجروح ہو چکی ہے ۔۔۔ مزید مرہم کے ہزار پرچے لگا رہی ہے اور اپنے تاثرات کی ترجمانی کچھ اس طرح کرتے ہین کہ :-

"مجھے اعتراف کرنا ہے۔ حرصِ جاہ و مال و ہوسِ نفس سے مغلوب ہو کر وہ شعلہ جو مجھ مین بھی ـــــ اور یہ زندگی کے علوی لمحے ہوتے ہین ـــــ تیزی سے بھڑکتا ہے افسوس کہ اکثر ـــــ اور جس زمین سے ہم مربوط ہین اس زمین مین وہ بیشتر سفلی ہی ہے ـــــ بہت دھیما رہتا ہے گو شکر ہے کہ بجھتا نہین اور خدا کرے کہ جس دن یہ شعلۂ قلب میری بے ہمتی سے مجھے اُس دن بلکہ اُسی لمحہ یہ شمعِ حیات بھی

گل ہو جائے . . . . . .

یہ شعلہ یہ لاہوتی لو مجھے چھوڑے جا رہا ہے، مجھے خود اس کا احساس ہو رہا ہے۔ یہ ملوث محیط جس میں میں تیر رہا ہوں زیادہ کثیف زیادہ غلیظ ہوتا جا رہا ہے! واعظ کا وعظ اور نقیب کی ہیجان انگیز صدا میرے پاس سے اثر کئے بغیر گزر جاتے ہیں . . . . . .

"ویران صنم خانوں" کے عنوان سے زندگی کے حقائق کا تجزیہ کرتے ہیں اور اپنے وجدان کا مشکل راستہ طے کر کے فکر و نظر کی اُس منزل پر پہنچتے ہیں جہاں بے حقیقت زندگی کی حقیقت اُن کو مایوس کر دیتی ہے ——— فرماتے ہیں :-

"طفلی و عشق کے ویران معبدوں کو چھوڑ کر میں آگے بڑھا۔ افکار و احساسات کے نادیدہ اُفقوں کی طرف زندگی ڈراؤنی تیزی کے ساتھ مجھے لے گئی اور میں نے دوسروں کے معبد کے دروازوں میں سے اندر جھانکا۔ مگر میری نگاہ نے نہایت گہرے پردوں میں سے گزر کر دیکھا تو یہ دیکھا کہ ہر جگہ ویران معبدوں کے سوا کچھ نہیں۔ قلب نے بھی کہا کہ میں کبھی تجلی گاہِ ارمان تھا۔ کبھی! وہ علوم جس کے لئے علماء سر کھپا رہے ہیں، وہ سوز و گداز بشری جس کی ترجمانی شعراء کرتے رہے ہیں، وہ ہستی، عشق، دین، فکرِ بشر،

"سب کے سب آخر مین دیکھے تو ویران معبد ہی نظر آئے۔

دماغ و قلب کے ویران صنم خانے!

اب اُن مین حسرت و یاس و تمنا سیر کرتے ہین!"

سجاد کی زندگی کا کرب روحانی ـــ جس کا بڑا سبب غالباً یہ تھا کہ وہ اُن کی زندگی اُن کے فطری ماحول سے بہت دُور پھینک دی گئی تھی ـــ اُن کے مضامین مین بار بار ظاہر ہوتا ہے اور وہ اپنے ادبی ذوق کی پُرکیف اور مست جوانی کو ایک ایسے بے پناہ بوڑھاپے مین منتقل ہوتے دیکھتے ہین ـــ اس انحطاط کا ماتم کرتے ہین ـــ جس نے اُن کی شعریت کو تباہ کر دیا! جب ہی تو اپنی فطرت کے اس مزار کے سرہانے بیٹھ کر وہ انسانون کے ویران صنم خانون کا مرثیہ لکھتے ہین!

مین اگر سجاد کا سوانح نگار ہوتا تو اُن کے مضامین پر تبصرہ کرنے سے پہلے کسی نہ کسی طرح یہ بھی پتہ چلاتا کہ اُن کا ہر مضمون کب اور کس ماحول مین لکھا گیا۔ اُس وقت مین بتا سکتا کہ وہ خود اپنی زندگی کے حوادث سے کس حد تک متاثر ہوئے تھے اور کس طرح اُن کی فطرت نے ان حوادث سے مجروح ہو کر ایک بلند پرواز ادیب کو "حسرت و یاس و تمنا" کے تاریک اور ویران صنم خانہ تک پہنچایا تھا۔

اپریل ۲۳ء مین رسالہ ہمایون نے اُن کا ایک مختصر مضمون شائع کیا تھا جس کا عنوان "قوت" تھا۔ ان چند سطرون میں ہم ایک طعن آمیز تمثیل کا پیرایہ دیکھتے ہین۔ وہ مضمون زمانہ کے حالات پر گویا ایک

SATIRE ہے جس کے کانٹون کے نوک بہت تیز ہے۔ ہم ان سطور مین
سجاد کو ہندوستان کے حالاتِ حاضرہ پر تحقیر کی نظر ڈالتے دیکھتے ہین۔
اُن کے قلم کے ان کانٹون کے نوک پر ہین اُن کے خونِ دل کی سُرخی
نظر آتی ہے ایسے لکھتے ہیں :-

"گلی کے کنارے مین اُس مجمع کو اکثر دیکھا کرتا تھا۔
مزدورون کے اقلیون کے، لڑکے غول کے غول دوپہر کو
وہان کھیلتے ہوتے تھے۔ وہ آپس مین الجھتے تھے چیختے تھے۔
چلاتے تھے۔

ایک دن مین اُس راستہ سے گزر رہا تھا۔ لڑکون کا
مجمع تو تھا مگر کھیل نہ تھا بلکہ وہ حلقہ باندھے کسی چیز کا تماشا
دیکھ رہے تھے اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ وہ مزیدار
تماشا انھین بہت لطف دے رہا ہے۔ سب کے چہرون پر
مُسکراہٹ تھی۔ مین نے دیکھا کہ جسے وہ ذوق و شوق سے
دیکھ رہے تھے وہ ایسا تماشا تھا جو غالباً اُن کی
تفریح طبع کے لئے روز ہوتا ہوگا۔ ایک بڑا لڑکا جو سن مین
سب سے زیادہ معلوم ہوتا تھا بلکہ یون کہنا چاہیئے کہ
قریب قریب جوان ہو چکا تھا متکبرانہ بیچ مین کھڑا تھا اور
ایک چھوٹا لڑکا اُس سے دست و گریبان ہو رہا تھا۔ بڑا
لڑکا چھوٹے کو چپتیا رہا تھا اور غلیظ گالیان دے دے کر

اپنے سے علیحدہ کر رہا تھا چھوٹا لڑکا گھونسے کھا رہا ہے، تھپڑ کھا رہا ہے۔ بڑے لڑکے کے ہر جھٹکے سے زمین پر گر پڑتا ہے۔ ہر گھونسے پر ہائے کی آواز اُس کے منھ سے نکلتی ہے، مگر گر کر اُٹھتا ہے، روتا جاتا ہے۔ رونے سے اور گرنے سے اُس کے بال اُس کا چہرہ خاک آلود ہو رہے ہیں، لیکن وہ پھر بڑے لڑکے سے غصہ میں لپٹ جاتا ہے۔ ہچکیاں بندھ رہی ہیں مگر کہے جاتا ہے "میری ہے لاؤ!" یہ کہہ کر ایک قمچی کو بڑے لڑکے سے چھیننا چاہتا ہے۔ طلب حق کے مقابلہ میں اُسے ایک گھونسا۔ ایک لات ملتی ہے جسے کھا کر وہ لڑکھڑا کر پیچھے ہٹتا ہے مگر پھر آگے آتا ہے۔ رونے اور چیخنے کی وجہ سے اُس کی آواز بیٹھ گئی ہے، اُس کا ضعف بڑھتا جا رہا ہے لیکن اپنی قمچی بڑے لڑکے سے واپس لینے کی کوشش کئے جا رہا ہے۔ آخر کار اُس پر ایک ایسا لپڑ پڑا جس سے وہ بھنا گیا اور چکر کھا کر زمین پر آ رہا۔ اب اُس میں اُٹھنے کی قوت نہ رہی تھی۔ کمزوری سے زمین پر پڑا رو رہا تھا اور بڑے لڑکے کو گالیاں دے رہا تھا مگر بڑا لڑکا جبر و قہر سے حاصل کی ہوئی قمچی کو مفتخرانہ انداز سے ہلا ہلا کر اُس چھوٹی مخلوق کے (جو حلقہ باندھے کھڑی تھی اور قوت کے مقابلہ میں عاجز کو پہچانتی تھی) قہقہوں

اور نالیون مین جھومتا ہوا چلا گیا :

عین اُس وقت اُس منظر کے اوپر سے ایک کوا
جس نے ایک آشیانۂ شفقت مین گھس کر ابھی ابھی انڈوں کو
چھوڑا تھا اور انھین کھا کر شکم سیر ہوا تھا مصنوعی فرار کے
انداز سے گزر رہا تھا اور غیض مادرانہ مین بھری ہوئی ایک
مینا سادہ لوحی سے ٹھونگین مارنے کی کوشش کر کے
قوت اور حیلہ کو اپنے زعم مین مجروح کر رہی تھی !!

۲۳ء تک ہندوستان کے گزرے ہوئے دس بارہ سال کی روئداد کی طرف یہ ایک طنز آمیز اشارہ ہے اُس عجز اور بے کسی کی حالت کی طرف جس حالت مین وہ شاید خود اپنے وجود معنوی کو بھی دیکھ رہے تھے۔

اس تمثال کا دوسرا پہلو یہ ہے کہ سجاد کی سریع الحس روح ملک سیاسی کش مکش سے بہت دور رہ کر بھی کتنی قریب تھی !

خیالستان سجاد کے مختصر افسانون کا مجموعہ ہے۔ اور ان کی رومانیت اور تخیل کا بہترین عکس ہے وہ بلاشبہ اُردو ادبیات کے جواہر خانہ مین ایک بہت قیمتی ہیرے کی انگوٹھی ہے۔ ان اوراق مین سجاد اپنی قوت فکر اور رعنائی بیان کے اعلیٰ ترین درجہ تک پہنچے ہین۔ کاغذ کی سطح پر اُن کی فکر فلک پیما نے رومانیت کی روح کے ہزارہا جلوون کو بے نقاب کیا ہے اور اُن کی قلم کی نقاشی نے ایسے دل نواز نقش و نگار بنائے ہین

جن کی نوک و پلک میں افکارِ لطیف کی ایک دُنیا آباد ہے۔ جہاں کہیں وہ مناظرِ فطرت کا عکس اپنی روح کے آئینہ میں دیکھتے ہیں وہاں اُن کی تحریروں کا پڑھنے والا اُن کے وجدان کی موسیقی میں محو ہو کر رہ جاتا ہے۔ مثلاً خارستان و گلستان کا پہلا منظر پیش کرتے ہیں :-

فضا میں خاموشی، بے پایاں سمندر، ڈراؤنی خاموشی، وحشت انگیز سکوت، کوئی صدا نہیں، کوئی اثرِ حیات نہیں، ایک غیر محدود مگر روشن تنہائی، ایک محشرِ سکون ——— یہ عالم ہے! - چاند خاموشی کے ساتھ گویا سوچ رہا ہے، موجیں سوچ رہی ہیں، چاند کی کرنوں کے سیلان سے بچا ہوا شاید سوچ رہا ہے، بادلوں کے منتشر ٹکڑے سوچ رہے ہیں ——— ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہوا اس خاموشی کا بھید چپکے چپکے سمندر کے کان میں کہنا چاہتی ہے اور نہیں کہہ سکتی! سمندر کا سینہ سانس لینے کی کوشش کرنا چاہتا ہے ——— تمام موجودات میں گویا ایک کروٹ لینے کی خواہش معلوم ہوتی ہے ——— ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس بے پایاں سُستی اور سکوت میں اگر کہیں سے ذرا سی صدا بھی آجائے تو دُنیا ہنس پڑے گی ——— اچھل پڑے گی!!"

خارا اور نسرین کی پہلی ملاقات کے منظر کا ایک ٹکڑا دیکھئے :-

"یہ جزیرہ گو کہ بے انتہا خوب صورت تھا۔ لیکن ایسا

معلوم ہوتا تھا کہ ایک گران خواب میں سو رہا ہے اور ہمیشہ سے
کسی چیز کا انتظار کر رہا ہے۔ ان دونوں کا ایک دوسرے کا
بوسہ تھا کہ جزیرہ کے پرند چہچہا کر اُڑنے لگے۔ تمام کلیاں
ایک دم کھل گئیں۔ ایک گرد باد آہنگ و رنگ، ایک
زمزمۂ جوش و خروش نے کُل جزیرہ کو گھیر لیا.....
پہلے نسرین ہوش میں آئی تو دیکھا کہ اُس کے ہونٹوں پر جہان
خانم نے بوسہ لیا تھا ایک پھول کھلا ہوا ہے!"

سجاد کی ادبیت کا شاہکار میری رائے میں خیالستان ہے اس کے بعد دوسرے افسانے اور مضامین جو خاص خاص موضوعات کو مرکزِ نظر بنا کر لکھے گئے ہیں۔ اُن میں زیادہ تر ایک دھیما طنز اثر پیدا کرتا ہے اسلوبِ بیان "خیالستان" کی نسبت سے سادہ ہے یعنی گُل کاری کم ہے مگر چٹکیاں کم نہیں ہیں۔ مثلاً "مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ" میں ایک مضمون نگار اپنے احباب کی کثرت کا شکوہ سنج ہے۔ "صحبتِ ناجنس" میں دو لڑکیوں کی خط و کتابت کو اُس درد و کرب کا پیامی بنایا گیا ہے جو شوہر اور بیوی کے مذاق کے اختلاف سے پیدا ہوتا ہے۔ اس افسانہ میں سجاد نے مزاحی اور طنزیہ اندازِ بیان کو اپنے بہترین اسلوب میں پیش کیا ہے اور سماج کے ایک بڑے گناہ کو اس طرح بے نقاب کیا ہے کہ پڑھنے والا اس نگارش کی ادبیت سے بھی لطف اندوز ہوتا ہے اور اُس کانٹے کی خلش بھی محسوس کرتا ہے جس سے ہماری سماج میں ازدواجی زندگی کبھی کبھی بے آہنگ

ہو جاتی ہے اور اکثر تلخ آہنگ ! عذرا اپنی سہیلی سلمٰی کو اپنے شوہر کا حال لکھتی ہے :-

"وہ لڑکپن کی اُمیدیں ایک لال کی ہلکی پرواز کی طرح غائب ہوگئیں، ایک چھوٹی چڑیا کی طرح اُن کا خون ہوگیا!۔ بیاہ کا تیسرا یا چوتھا دن تھا۔ میں پیانو کے پاس بیٹھی تھی وہ مجھ سے ذرا دُور آرام کرسی پر ڈھیر ہو رہے تھے، میں یوں ہی بیٹھی بیٹھی پیانو کو بجا نہیں رہی تھی بلکہ کھیل رہی تھی کہ میرے کانوں میں وہ بھاری اور کرخت آواز آئی "ہم سُنتے ہیں آپ اچھے گانے گاتی ہیں، اگر دو ایک ہم کو سُنائیں تو بڑی مہربانی ہوگی"۔

میں رُکی اور استعجاب آمیز انداز سے اُن کی طرف دیکھنے لگی معلوم نہیں کہ اُس نظر کے اُنھوں نے کیا معنی لئے کہنے لگے :-

"کوئی راگنی کوئی ٹپہ کوئی غزل ہمارے واسطے ہونا! ہم یہ نہیں کہتا کہ کیا سُناؤ۔ آپ کو جو پسند ہو وہ سُناؤ"۔

میں مبہوت نظر سے دیکھ رہی تھی اور اُس تقریر کو سُن رہی تھی، وہ پھر فرمانے لگے :-

"اچھا اور کچھ نہیں تو یہ غزل تو سُناؤ :

"دونوں ہاتھوں میں مہندی لگالے پری!

مین کیا جواب دیتی حیران تھی، وہ مسلسل گانے کی چیزین
پیش کرتے جاتے تھے۔

"اچھا صاحب! غزل نہین تو کوئی ناٹک کی چیز:۔
"دیتا ہون تجھ کو تختِ سلیمانؑ کی قسم!"
(اور اپنے سینہ پر ہاتھ رکھ کر پورے جوش اور نہایت محبت
اور حرص بھری نظر سے مجھے دیکھ کر)
مل مجھ سے اے پری تجھے انسان کی قسم!"

مجھے چپ لگی ہوئی تھی، آخر وہ اُٹھ کر پیانو کے قریب آگئے
اور فرمانے لگے:۔

"صاحب! کیا غضب ہے مین اس قدر التماس کیا ہون
آپ قبول نہین کرتے! مہربانی کرکے مداری لال یا امانت کی
کوئی چیز آپ سُنا دین گے تو کیا ہوگا!"

ایسے ہی چند دل دوز لطیفے سُنا کر عذرا لکھتی ہے:۔

"سلما! سلما! آ میرے حالِ زار کو دیکھ! کھانے کے بعد
متواتر زور زور سے ڈکار لینے والے آدمی کے ساتھ
زندگی بسر کر رہی ہون کل جو خیال آیا تو دن بھر رویا کی،
پیٹ پر ہاتھ پھیر کر اونٹ کی طرح ڈکار لینا ——
عا! عا! ان غضب! . . . . . یہ آنکھین یہ ڈکار۔
یہ آواز یہ "دونون ہاتھون مین مہندی لگانے پری کا

عشق! کچھ نہیں سوجھتا کہ کہاں پناہ لوں! .....
وہ ایک سیاہ ابر کی طرح گھر پر چھایا ہوا معلوم ہوتا ہے
..... کیا عمر یوں ہی گزرے گی؟"

اس افسانے میں سجاد نے ہماری سماج کے ایک دل خراش حقیقت کو طشت از بام کیا ہے۔ اور اسی طرح "چڑیا چڑے کی کہانی" میں چڑے کی زبان سے اور اسی طرح "نکاح ثانی" میں ایک نوجوان عروس اور ایک بازاری عورت کی گفتگو میں مرد کی زندگی کے متعلق عورت کے جذبات کی ایک نازک اور لطیف تصویر کھینچی ہے۔ اس افسانہ میں نفسیات، گناہ اور شرافت جنسی کا ایک لطیف پہلو نمایاں کر کے ـــــ اخلاقی حسن اور بدصورتی کے تقابل پر اپنا ضرور قلم صرف کر کے ـــــ انھوں نے مرد کی جنس آلودگیوں کے دھبے دھوئے ہیں۔ افسانہ کا آخری منظر وہ ہے جب نوجوان بیوی اپنے شوہر کو ایک بازاری عورت کے پنجہ سے رہا کرنے کے لئے جاتی ہے:-

"ایسی آواز سے جس سے ادائے استہزا ظاہر ہوتی ہے
اُس نے (بازاری عورت نے) جواب دیا "اپنے شوہر کو
مجھ سے چاہتی ہو مگر بی بی جان! آپ غلطی پر ہیں۔
میں نے کسی کے شوہر کو ضبط نہیں کر لیا!" وہ (بیوی)
اس جواب کی پہلے ہی سے متوقع تھی اُس کے سنتے ہی
اُس نے تار باندھ دیا: "آخر اس کی کیا ضرورت ہے

جھوٹ بولنے کی کوئی حاجت نہیں، میں تم سے یہاں لڑائی
لڑنے نہیں آئی ہوں، یقین مانو تم سے بیر رکھنے کا بھی
میں اپنے میں کوئی حق نہیں دیکھتی، میں جو آئی ہوں تو
اس لئے کہ اب بھی شاید تمہارے دل میں وہ چیز باقی ہو
جو ہم سب کا حصہ ہے۔ میں تمہیں ثریا ہرٹ کا نہیں ثریا پریم کا
واسطہ دیتی ہوں؟ میں تم سے اپنا حق وتد چھیننے نہیں
آئی کیونکہ اپنے میں اس کی نہ قابلیت اور نہ طاقت
پاتی ہوں! میں اُسے مانگنے آئی ہوں تمہاری ہتھیلی میں
اس وقت ایک بڑی چیز ہے! اُسے چاہو مسل دو چاہے
چھوڑ دو! ان آنکھوں کو جو برسوں کے رونے سے تر
ہو رہی ہیں تم سکھا سکتی ہو! . . . . . یہ جانتی ہوں کہ
وہ اس وقت مجھ سے زیادہ تمہارا ہے مجھ سے بھاگ کر
تمہارے پاس آتا ہے حالانکہ وہ میرا شوہر ہے اُسے صرف
میرا ہو کر رہنا چاہئے، میرے سوا اُس پر کسی کا حق نہیں
میرے سوا وہ کسی کی ملکیت نہیں، کسی کی امانت نہیں،
تم عورت کے دل کی باتیں سمجھ سکتی ہو۔ سمجھتی ہو نا؟ ہائے
کہیں سمجھو! تم نے میرا شوہر لے کر مجھ سے کیا کیا لے لیا۔
گھر بھر کا امن گھر بھر کا چین لے لیا۔ وہ کل رات اور
بہت سی راتوں کی طرح یہاں تھا، اُس نے ساری رات

شاید کیا، یقیناً، تمھارے یہاں گزاری۔ شاید تم جو مجھ سے ملنے اس کمرہ سے آئین تو اُس کے پہلو سے اُٹھ کر آئین! لیکن جانتی ہو کہ اُس کی بیوی نے یہ رات کیونکر کاٹی؟ اس طرح کی اور سینکڑون راتین کس طرح کاٹین؟ جہنم کے انگارون مین لوٹ کر کاٹین! میری پانچ برس کی ——— ہان سُنتی ہو؟ میرے پاس پانچ برس کی ایک ننھی بھولی جان بھی ہے وہ بھی روتے روتے بابا کا انتظار کرکے سوئی ہے!

. . . . . .

اُدھر وہ (بازاری عورت) کونے مین ایک مونڈھا کھینچ کر اُس پر بیٹھ گئی اور پاؤن پر پاؤن رکھ اُسے ہلانا شروع کیا اور ایک مستہزی اور بے امان نظر سے نوجوان عورت کو دیکھنے لگی "تو اب مین کیا کرون؟ کیا ہر شام بیگم صاحبہ کے گھر اُن کے شوہر کو ہاتھ پکڑ کر پہنچا آیا کرون؟

اس گفتگو مین غصہ پیدا ہوتا ہے۔ بازاری عورت بیوی پر حملہ کرنے اُٹھتی ہے:

"اُس پر حملہ کرنے کے لئے ایک قدم آگے ڈالا مگر صرف ایک قدم، دوسرا قدم اُٹھانا چاہتی تھی کہ پیچھے سے فولادی ہاتھون نے اُس کے کندھون کو پکڑ لیا.....

یہ وہ گم کردہ راہ شوہر تھا جو کسی گوشہ مین کھڑا ان دونون کی گفتگو

سُن رہا تھا ـــــ اس تصویر خانہ کا آخری منظر فسانہ نگار اس طرح پیش کرتا ہے ـــــ اور یہی منظر اُس کا وہ "پیام" ہے جسے وہ اس افسانہ کے ذریعہ سے پڑھنے والوں کے دلوں تک پہنچانا چاہتا ہے:۔

اُس نے دیکھا کہ فاحشہ اُس کی بیوی پر ہاتھ چھوڑنا چاہتی ہے، یہ دیکھتے ہی دُنیا اُس کی آنکھوں میں تاریک ہوگئی۔ وہ بجلی کی تیزی کے ساتھ کوٹھوں کے کمرے میں در آیا اور اپنے آہنی پنجوں سے اُس کے کندھوں کو پکڑ کر جھنجوڑ دیا اور ایک جھٹکا دے کر اُسے اور اُس کے ساتھ اُس کی محبت کو اپنے سے دُور پھینک دیا اور پھر اپنی بیوی کے پاس جا کر اُس کے ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لے لئے اور ایک نگاہ استرحام کے ساتھ جس میں آج کے دن تک کے تمام قصوروں کے لئے طلبِ عفو آکر جمع ہوگئی تھی اُس نے بھرآئی ہوئی آواز سے کہا:۔

"میری خطاؤں کو معاف کر دو میں صرف تمہیں چاہتا ہوں میں صرف تمہارا ہوں اور تمہارا ہو کے رہوں گا۔"

اور پھر اُس کے چہرے کو جس پر دو آنسوؤں کے قطرے، دو قطرہ ہائے سعادت جھلک رہے تھے

اپنی طرف کھینچ کر اپنے ہونٹ اس کے ہونٹوں پر رکھ دیے! ۱
اور جب کہ فاحشہ اپنے غصہ اور حسد کو ایک
کھسیانی ہنسی سے چھپانے کی کوشش کر رہی تھی اس
بیاہے جوڑے نے جن کے درمیان اب تک ایک
سرد مہری کی دیوار حایل تھی جسے وہ ہٹا نہ سکے تھے
پاک وصاف محبت بھرا بوسہ لیکر گویا دوسری مرتبہ
نکاح کیا اور وہ پیمانِ وفا باندھا جو اب عمر بھر تک
نہ ٹوٹیگا ـــــ یہ بوسہ اُس پیمانِ وفا کی مہر تھا!"

جس طرح اس افسانہ میں سجاد نے نہ صرف ہماری سطح کی ایک ناخوشگوار حقیقت کو اپنے قلم کے زور سے دل گداز بنایا ہے، بلکہ افسانہ کی روح میں ازدواج کے اخلاقی معیار کو سمو دیا ہے اس طرح "سودائے سنگین" میں اُنھوں نے حُسن و عشق کی آویزش کا ایک حزنیہ بہت موثر انداز میں پیش کر کے جذبات نگاری کا حق ادا کر دیا ہے۔ اگر "خیالستان" میں اُنھوں نے انسانی زندگی کے رومان اور جنسی فلسفہ کی شعریت کو ایک ایسی سطح مرتفع پر نہ پہنچا دیا ہوتا جو اوسط درجہ کے اہلِ قلم کی دسترس سے باہر ہے تو میں اُن کے تمام افسانوں میں "سودائے سنگین" کے روحانی حزنیہ کو اُن کا سب سے بڑا شاہکار قرار دیتا۔ اس افسانہ کا اٹھان کچھ اس قدر بے تکان ہے کہ گویا اُس کا لکھنے والا "فرامرز" کا نام لیکر فی الاصل خود اپنے

وجودِ معنوی کی تصویر کھینچ رہا ہے! ۔ جو لوگ سجاد کی زندگی کے اندرون کی کوئی جھلک دیکھ چکے ہیں وہ دیکھیں کہ سودائے سنگین میں سجاد نے فرامرز کے وجودِ معنوی کا عکس جس نقش و نگار میں پیش کیا ہے اور اپنے اس افسانہ میں جو تصویر خانہ ترتیب دیا ہے وہ خود اُن کے وجدان اور اُن کی واردات سے کس قدر قریب ہے۔

اس طرح اپنے افسانہ کے ہیرو کا تعارف کراتے ہیں :۔

"فرامرز کو میں برسوں سے جانتا تھا۔ یہ ایک شاعر تھا۔ حساً و فکراً شاعر، اگرچہ لساناً نہ ہو ـــــ اپنی تمام ہیئتِ معنویہ کے ساتھ شاعر تھا کہ زندگی کو نورِ شعر میں دیکھنا چاہتا تھا۔ یہ اُن بدبختوں میں سے تھا جو زندگی کی مادیات کے تھپیڑے کھانے کے لئے پیدا ہوئے ہیں حال آنکہ اُن کا خستہ اور مجروح اور ہائے ستم! شاعرانہ دل مثل ایک مریض بچے کے اُن تھپیڑوں کے کھانے کی طاقت نہیں رکھتا ـــــ مگر اُس کی طبیعت میں ایک میلانِ نشو تھا کہ سب سے زیادہ مکدر زمانہ میں اپنے پُر ملال چہرے پر ایک مُسکراہٹ ضرور رکھتا تھا۔ اس تبسم سے میں یہ سمجھتا تھا کہ اُسے زندگی کی مادیات سے جب پالا پڑتا ہے تو وہ اُن کا یقین نہ کرنے میں ثابت قدم

رہنا چاہتا ہے اور اس طرح اپنے تئیں دھوکا دیا کرتا ہے۔
خود کہا بھی یہی کرتا تھا:

"زندگی میں سے موسیقی اور شعر اور پھول اور روشنی اور پھر ان سب کا مجموعہ ان سب کا ماحصل عورت کو نکال ڈالو، پھر دیکھیں تم کیونکر اس دنیا میں زندہ رہنے کی قوت اپنے اندر پاتے ہو؟ اگر زندگی ان ہی چیزوں سے عبارت ہوئی اور ان کی حقیقت بھی صرف تخیل سے مرکب ہوئی تو ہم سب کتنے خوش قسمت ہوتے؟ مگر یہ رنگین چیزیں ہوا میں رنگ بکھر جاتی ہیں، غائب ہو جاتی ہیں ——— اور یہ عورتیں؟

کتاب حیات کی اس جلد کو ایک جلد زراندود کی شکل میں دور ہی سے دیکھتا تھا۔ اسے پڑھنے اس کے بابوں اور صفحوں کو جو آنسوؤں سے لکھے گئے ہیں کھول کر دیکھنے کی نوبت نہ آئی تھی۔ ابھی اسے یہ حقیقت معلوم نہ ہوئی تھی کہ زندگی میں شعر ایک نوحہ، ماتم، موسیقی، ایک فغان یاس، پھول ایک منجمد قطرہ، گریہ روشنی، ایک امید گریز، ان کے علاوہ اور کچھ نہیں ——— اور ابھی اس نے یہ نہیں معلوم کیا تھا کہ عورت بھی اس سراب کے مانند ہے کہ ڈھونڈو مگر نہیں ملتا، دکھائی دیتا معلوم

ہوتا ہے مگر ہاتھ نہیں آتا! . . . . . ."

فرامرز کے "سودائے سنگین" کا آخری منظر اس طرح پیش کرتے ہیں کہ وہ اپنے بے وفا محبوب کے مرمریں مجسمہ کے سامنے کھڑا ہے اور اپنے عشق و محبت کی گزری ہوئی داستان کے نقوش کو تخیل کی وسیع دنیا میں اس طرح اُجاگر کر رہا ہے:

"یہ تھی، ہاں یہی تھی، اُس کمرہ کو اپنے پاؤں تلے لڑھکاتی میرے پاس آئی اور آتے وقت اُس تاریکی میں لرزتی اور قد میں بڑھتی جاتی تھی بجلی جو چمکی تو میں نے اُسے صاف اور واضح طور پر دیکھا۔ اُس نے باہیں میرے گلے میں ڈال دیں، تاروں کے تار پیکر پر اہرمن اپنے چمکدار پنکھوں سے خون گرا رہا تھا کہ ہم ایک لمحہ میں ایک بوسۂ محبت کے ساتھ ساری عمر بسر کر گئے! ـــــ اب اس رات کے بعد ہر رات کی تاریکی میں وہ لرزتی اپنے کمرہ کو لڑھکاتی لڑھکاتی اپنی عریاں باہیں میرے گلے میں ڈال دیتی ہے اور ایک لمحہ میں ـــــ اُس لمحہ میں جو عمر کے طول کے برابر ہوتا ہے ـــــ مجھے وہ لطف زندگی جو کسی عورت میں خاص کر اُس میں نہیں جس نے میرے ساتھ بے وفائی کی ـــــ"

کون کہہ سکتا ہے کہ سجاد نے بھی اپنی زندگی میں اس مجسمۂ مرمر کی طرح کسی ایسے ہی مجسمۂ مرمر کی خوابیدہ روح کو جاگتے نہ دیکھا ہو اکتنی راتوں کی

تاریکیون نے فرامرز کے اُس مجسمہ مرمر کی ٹھنڈی روح کو گرمایا ہوگا! کتنے ایسے بوسون کو جس مین سے ہر ایک کے ساتھ ایک پوری عمر بسر ہوگئی ہو سجاد نے دُنیا کی تاریکی مین اُجالا کرتے دیکھا ہوگا! کیا اُنھون نے اپنے تصورات کی ناپید کنار وسعتون مین فرامرز کو اپنا مشیل یا اپنے کو فرامرز کا مشیل پایا؟ ——— اب وہ تمام وسعتین سمٹ کر ایک مشتِ خاک بن چکی ہین اور وہ مشتِ خاک ایک سربمہر تودۂ خاک کے اندر وہ سب کچھ سمیٹ کر لے گئی جو اُس کا تھا! سجاد کا ورثہ اب صرف یہ چند اوراق ہین ——— کچھ وہ کہ گویا ایک صحنِ چمن ہے جس مین پھول مُسکرا رہے ہین اور کچھ وہ کہ گویا کسی شہید کا خون آلود کفن ہے لالہ رنگ اور داغ دار! ——— بلکہ مین تو سجاد کے قلم کی گلکاریون مین موسم بہار کا ایک تختۂ چمن دیکھتا ہون کہ وہین مُسکراتے ہوئے پھولون کے ہجوم مین ایک خود آلودہ کفن کے ٹکڑے بھی بکھرے پڑے ہین! ——— مزاح اور طنز کی شوخیون مین بھی سجاد کی غمگین روح کا عکس موجود ہے اور یہی ان کی فطری شعریت کا کمال ہے!

سجاد کی شعرگوئی ان اوراق مین پورا موضوع نہین ہے تاہم جو کچھ اوپر کہہ چکا اُسی کی آئینہ دار اُن کی ایک نظم کے چند اشعار بھی پیش کئے دیتا ہون۔ اس نظم کا عنوان ہے "بلبل"

فرماتے ہین:

نہالِ گُل پہ جو تیرا مکان ہے اے بلبل
تو پھر یہ کس لئے شور و فغان ہے اے بلبل؟
خروشِ جوئے بہاری ہے یا ہے خندۂ گُل
تو کس کے واسطے نالہ کناں ہے اے بلبل؟
عجب نہیں کہ جو یہ پوچھیں تجھ سے غنچہ دہن
بتا کہ کیا ترا دردِ نہاں ہے اے بلبل؟
کسی کو عشق کی تیرے خبر نہیں افسوس
مرا قلم ہی ترا ترجمان ہے اے بلبل!

حقیقت یہ ہے کہ سجّاد کی غمگین روح شکستِ آرزو کی ان طوفانی موجوں سے اپنے لئے موسیقی حاصل کرتی تھی، اُن کا آغاز وہ تھا کہ اگر خود علیگڈھ کے دارالعلوم نے جہاں اُن کی نوجوانی کا بہترین زمانہ گزرا اُن کی قدر کی ہوتی اور اُن کو ایک علمی اور ادبی فضا میں سکونِ قلب حاصل کرنے کا موقعہ دیا ہوتا تو خدا جانے وہ کتنے بے مثل ادبی شاہکار لکھتے جن سے ہماری روحوں کے آتش خانے گرم ہوتے! لیکن ہرن کی پیٹھ پر گھانس لادی گئی اور سجّاد کو دُنیا نے ادب کی محفل کے بجائے "ڈپٹی کلکٹری" کی کچہری میں دیکھا! شعر و ادب کے اُن چند لمحوں کو جنھوں نے اُن کی زندگی میں راہ پائی وہ عمر بھر ایک جنازے کی طرح اپنے کاندھے پر لئے پھرے ـــــ لوگ اُس جنازہ کے دوشالہ کی زرکاری کو دیکھنے لگے۔ یہ نہ دیکھا کہ اُس دوشالہ کے نیچے کوئی بہت پُرانا

نا شعور ہے! سجاد کی ادبی زندگی کا خون اُن لوگوں کی گردن پر ہے جنھوں نے اس بہتے ہوئے چشمہ کا رُخ باغ کی کیاریوں سے پھیر کر مینڈکوں کے اُس تالاب کی طرف بدل دیا جہاں ایک چلو پانی پورا سمندر سمجھا جاتا ہے! اس طرح سجاد مرنے سے پہلے ہی مر چکے تھے — مارے جا چکے تھے!

سجاد کی ادبیات میں اُن کا مخصوص اندازِ نگارش بہت نمایاں ہے۔ ترجموں میں بھی اور اُن کے طبعزاد افسانوں میں بھی، غالب کی طرح اُنھوں نے بھی الفاظ کی نئی نئی ترکیبیں ایجاد کیں، ایک نیا اسلوبِ بیان ایجاد کیا اور دو دو چار چار لفظوں کے طبعزاد مرکبات میں قوتِ بیان کی تمام شدت کو مرکوز کر دینے کا ایک نیا انداز اختیار کیا۔ اُن کے اس "تجدد" کو جدید ترکی ادب سے بہت امداد ملی ہوگی لیکن اُردو زبان میں اپنے بیان کی روانی کے ساتھ ساتھ بظاہر مشکل مرکبات کو اس طرح کھپا دینا کہ وہ اُن کے بیان کی موسیقی سے ہم آہنگ ہو جائیں اُن ہی کا کام تھا۔ یہی اُن کی مخصوص انفرادیت تھی چند مثالیں پیش کرتا ہوں:—

"چاہنے اور چاہے جانے کی ایک عمیق احتیاج میری روح کو مضطرب کر رہی تھی۔" "مَیں نے اپنی زندگی اپنی عصمت اپنی تمام دُنیائے امید تمھارے قدموں پر نثار کر دی تم نے اُنھیں کیا کیا؟ اُن میں سے ہر ایک

ایک بڑی مکافات ایک بڑی بڑی قیمتوں کی ارزش رکھی تھی۔
کہاں ہے اُن کی مکافات!"

"پلکوں کو اس قدر سیاہ بناؤ کہ اُن میں سے تمھاری
نظر نکلے تو نورِ مخمور کی طرح نکلے۔" "وہ غصہ جو رقابتِ عشق سے
پیدا ہوتا ہے ..... وہ دل کے ایک کونہ میں دل کی
تاریکی سے صلح کر کے ملال کے ساتھ ترقی کرتا رہتا ہے۔" "ہر روح
اپنے مابقے نصف کو ہر خوب صورت چیز میں ڈھونڈتی ہے۔"
"ایسے آنسوؤں کے قطرے چاہے کیسی ہی شور و سنگلاخ
زمین پر گریں ضرور وہاں ایک نہالِ شفقت اُگے گا۔"

ان مرکبات کا ایک سیلاب ہے جو سجاد کے بے تکان قلم سے بہ رہا ہے:۔

"ابتسامِ مسرت۔ خندۂ جگر۔ آہِ خسران۔ گردبادِ حیات۔
پرستیدۂ یگانہ۔ صہبیت۔ اضطرابِ وجدانیہ۔ مجبورِ سودا انما۔
عصبی بحران۔ حُسنِ تضرع۔ دستِ تغلب۔ محاکماتِ فکریہ۔
حیاتِ ساعیانہ۔ بیت القسوہ۔ نسوۂ مستی۔ ادائے تسلیت۔
فجیعۂ حیات۔ فاجعۂ طولانی۔ مضحکِ خوف۔ رابطۂ مناسبات۔
ضربۂ بے وفائی۔ نوازشِ کار۔ خندۂ ضیاء۔ سلسبیلِ قمر۔
صرصرِ رنگ و سحاب۔ عزمِ آہنیں۔ حکمِ عدالت کی مہابت۔
طغیانِ غرور۔ قطرۂ سعادت۔ گردبادِ اہنگ و رنگ۔
ادیبِ شہیر۔ فغانِ یاس۔ امیدِ گریزاں۔ ——"

غالب کی نظم کی طرح سجاد کی نثر نے ان مشکل اور گراں تراکیب سے قدیم اسلوبِ بیان کا شیرازہ بکھیر کر پڑھنے والوں کے ادراک کو اِن مرکب الفاظ کی وسعتوں اور گہرائیوں کے قریب بلایا۔ زبان کے نشو و نما کا یہ دَور اب گزر چکا ہے پھر بھی بلند پایہ ادبیات میں خندۂ جگر، حُسنِ تضرع۔ ضربۂ بے وفائی۔ خندۂ ضیاء۔ سلسبیل قمر۔ فغانِ یاس۔ امید گریزاں اور گرد بادِ آہنگ و رنگ کی بلاغت اور عظمت کم نہیں ہو سکی ہے! ادبیات کے یہ "تاج محل" ہر روز تعمیر نہیں ہوا کرتے! لیکن جب کبھی دیکھئے تو تعمیر معلوم ہوتے ہیں ——— البتہ اب دُنیا کو ان "تاج محلوں" کے بنانے کی فرصت نہیں! تاہم باوجود اس کے کیا اُس قوتِ تعمیر اور اُس حُسنِ عمل کی عظمت کم ہو سکتی ہے جو "تاج محل" کے معماروں کو نصیب ہوئی تھی؟

سجاد ایک ترقی پسند ادیب تھے! ——— کیا یہ کوئی عجیب دعویٰ ہے؟ بلاشبہ ترقی پسندی کے صحیح مفہوم کے اندر سجاد کا اندازِ نگارش "ترقی پسند" تھا انھوں نے اُردو ادب کو ترکی ادب کے ترقی پسند رجحانات سے متاثر کر کے قدامت کی زنجیریں توڑ دیں ——— نہ صرف انشا پردازی کے اعتبار سے بلکہ مطالب کے اعتبار سے بھی انھوں نے اپنے پڑھنے والوں کو ترقی پسندی کا پیام دیا۔ اُن کے افسانوں کے تمام موضوعات بھی ایسے ہی ہیں اور خود اُردو زبان کے

متعلق بھی اُن کے خیالات نے قدامت پسندی کی حدود کو توڑ دیا تھا۔ زبان کی ترقی اور تہذیب کے متعلق وہ قدیم راستوں سے ہٹ کر آگے بڑھنا چاہتے تھے اور یہ رجحان اُس خطبۂ صدارت مین بھی پوری طرح ظاہر ہوتا ہے جو اُنھون نے ہندوستانی اکیڈمی کی چھٹی کانفرنس مین پڑھا تھا۔ اس خطبہ مین اُردو زبان کی ترقی کے وسایل سے بحث کرتے ہوئے اُنھون نے طباعت کے مسئلہ پر کہا تھا کہ :—

"جب تک آپ لیتھو کے شکنجے سے اپنے اخبارات اور اپنی کتابون کو آزاد نہ کرینگے میری رائے مین اُردو پوری ترقی نہین کر سکتی ..... سوائے ہندوستان کے اور ہندوستان مین بھی سوائے اُردو کے کہین اخبار اور کتابین لیتھو مین نہین چھاپی جاتین۔ ایران۔ مصر۔ ترکی۔ عربستان اور توا اور افغانستان اور حجاز بھی اُن تمام ممالک مین لیتھو کی چھپائی یک قلم موقوف کر دی گئی ..... ہمارا ہندوستان۔ مین نے غلط کہا، ہماری اُردو، ابھی تک "پتھر کے زمانہ" مین ہے۔ اس سے آگے نہین بڑھی!"

اُنھون نے اپنے اس خطبہ کا بڑا حصہ ٹائپ کی اس بحث کے لئے وقف کیا تھا اور پھر اس بحث کو یہان تک پہنچایا تھا کہ اُردو زبان کے لئے رومن رسم الخط اختیار کر لینے کی تحریک پر زور دیتے ہوئے

کہا تھا کہ :-

"ایک اور خیال میں نے بار بار آپ کے سامنے پیش کیا ہے
..... اب پھر آپ کو بہکانے اور آپ کے
درد سر کا باعث ہونے کے لئے میں اُسی راگ کو
الاپتا ہوں لیکن اس مرتبہ میری ہمت بڑھی ہوئی ہے
..... نہایت مختصر طور سے عرض کر دوں کہ
میں یہ نہیں کہتا کہ ترکی کی طرح قانوناً ہندوستان کا
فارسی حروف یا ناگری حروف میں لکھنا بند کر دیا جائے
اور ہر شخص مجبور کیا جائے کہ وہ رومن میں لکھے پڑھے،
نہیں، میری غرض یہ ہے کہ موجودہ فارسی خط اور
ناگری خط جاری رہے مگر ساتھ ہی اس کے رومن کو بھی
رواج دینے کی کوشش کی جائے۔"

اس مسئلہ پر مرحوم کی مفصل رائے ایک ضمیمہ کی صورت میں اُن کے خطبہ کے ساتھ ہی اکیڈمی کے رسالہ کی اپریل ۳۸ء کی اشاعت میں شائع ہوئی ہے۔ قطع نظر اس امر کے کہ یہ تجویز کہاں تک صحیح یا غلط یا قابلِ عمل یا ناقابلِ عمل ہے۔ سجاد مرحوم کے ان رجحانات سے پتہ چلتا ہے کہ وہ اُردو ادب کو ایک بین الاقوامی حیثیت میں دیکھنے کے کس قدر خواہشمند تھے اور حقیقت بھی یہی ہے کہ ٹیگور کے بعد سجاد ہی نے سب سے زیادہ اپنے ادب کو باہر کے (خصوصاً

ترکی ادب کے) اثرات سے متاثر کیا۔ اُن کے زمانہ کا ترکی ادب "جدید ادب" تھا۔ وہ ادب تھا جو ترکون کو نئی زندگی کے دروازہ تک لایا۔ اسی لئے مین کہتا ہون کہ جو نسبت ۱۹ ویں صدی کے آخر اور بیسویں صدی کے آغاز مین ترکی ادب کو اُس کے عہدِ جدید سے حاصل ہوئی وہی نسبت سجاد کی ادبیات کو، کس قدر کم درجہ مین، ہندوستان کے دورِ جدید سے حاصل ہے ——— کم درجہ مین اس لئے کہ مرحوم اپنی زندگی کا بہت ہی مختصر زمانہ نئے ادب کی تعمیر مین صرف کر سکے۔ بہرحال جو کچھ وراثت وہ اپنی زبان کے لئے چھوڑ گئے اُس کی قدر و قیمت سے انکار کرنا ناحق شناسی کا بدترین گناہ ہوگا۔ اُردو زبان ایک زندہ زبان ہے اُس کی باعمل روح سے بلدرم کی روح ہمیشہ بغل گیر رہے گی اور یہ ناممکن ہے کہ ہم اُردو ادب کی ترقیون کا ذکر کرین اور سجا کو بھول جائین!

وہ آخری ملاقات مجھے یاد آتی ہے۔ ایک دن کہنے لگے "کیون بھائی یہ کیا بات ہے کہ اُردو زبان کے لئے اب کوئی دوسرا پریم چند پیدا نہین ہوتا؟" مین نے کہا "کوئی پریم چند ہو یا اقبال ہو یا ٹیگور ہو یہ نوع تو صرف ایک ہی پیدا ہوا کرتی ہے! قدرت شاہکارون کے پیدا کرنے مین کبھی بھی فیاض نہ تھی!" ——— ایک غمگین اور تھکی ہوئی مُسکراہٹ کے ساتھ کہنے لگے: "اے کاش ..... اور

"اے کاش" کہہ کر رک گئے! ـــــ مین جانتا تھا کہ اس کے بعد وہ کیا کہتے! اس لئے گفتگو کا رُخ بدل دیا۔

ـ بہرحال میرے پاس سجاد کی آخری یادگار اُن کی وہی غمگین اور تھکی ہوئی مُسکراہٹ ہے جو اُس دن شام کو اُن کے ہونٹون پر مین نے دیکھی تھی! آج جب مین اُن کے متعلق یہ چند اوراق لکھنے بیٹھا اور مجھے وہ آخری ملاقات یاد آئی تو اُن کے افکار کا آئینہ بنکر اُن کے وہی فلسفیانہ الفاظ پھر مجھے یاد آئے جو اُنھون نے "سیل زمانہ" کو مخاطب کر کے لکھے تھے:ـ

"بہے جا!ـ بہائے جا! نہ تجھ مین سلامتی نہ تیرے کنارے سلامتی! مٹے ہوؤن کے نشان مٹائے جا! تیرا کون کو ڈُبا، غوّاصون کو غرق کر۔ یہی تیرا کام ہے.... بہتر یہی ہے کہ لاتعداد خس و خاشاک کی طرح جو مجھ سے پہلے آئے اور بعد مین آئین گے، بہے جاؤن!.....

بس اے سیلِ زمانہ بہے جا! بہائے لئے جا! اُس بحرِ ناپیدا کنار مین اُس عمّانِ عظیم الشان مین، اُس اوقیانوس ابد مین، اب یا جب، تیرا دل چاہے مجھے گرا دے!!"

سر سید رضا علی

سجّاد حیدر یلدرم مرحوم

سجاد حیدر کی قبر پر حقیقت اور محبت کے دو پھول رضا علی کی طرف سے

مونس ہے بعدِ مرگ کسی کا جہان میں کون
دو پھول بھی لحد پہ کوئی دھر نہ جائے گا

سر سید احمد خان علیہ الرحمۃ کی اس اصلاحی تحریک کو جس نے ۱۸۷۵ء میں شہر کو یل میں درسگاہ کی صورت اختیار کی میں اپنے نزدیک سلطنت مغلیہ کے خاتمہ کے بعد مسلمانانِ ہند کا سب سے بڑا سرمایہ سمجھتا ہوں علی گڈھ کی زندگی کا پہلا دور ۱۸۷۵ء میں شروع ہو کر ۱۸۹۵ء میں ختم ہوا۔ اسی طرح دوسرے اور تیسرے دور کا آخری سال ۱۹۱۵ء اور ۱۹۳۵ء کو سمجھنا چاہیئے۔ چوتھا دور نصف کے قریب گذر چکا ہے۔ قرینہ یہ ہے کہ ۱۹۵۵ء تک کم و بیش صحیح اندازہ ہو سکے گا کہ

ہمارے ملک میں تعلیم کو سیاست سے کیا مناسبت ہے اور اگر کسی خدا کے بندے کو علی گڈھ کی سچی تاریخ لکھنے کی توفیق اس وقت میں پڑی تو معلوم ہو جائے گا کہ تنہا تعلیم کے دائرہ میں ہی نہیں بلکہ طلب حق۔ خداشناسی اور خدا پرستی۔ عالی حوصلگی اور رواداری کے بے آب و گیاہ لق و دق بیابان۔ معاشرتی اصلاح کی نظر فریب وادیوں اور سیاسی مسلک کے طلسمی کارخانوں میں جو منزلیں علی گڈھ نے طے کی ہیں ان سے وہ توقعات کس حد تک پوری ہوئیں یا ان کے پورے ہونے کی امید ہو سکتی ہے جو سر سید احمد خان مرحوم اور ان کے رفیقوں نے تحریک علی گڈھ کو عملی جامہ پہناتے وقت قائم کی تھیں۔

سجاد حیدر کی موت اس دردناک حقیقت کو یاد دلاتی ہے کہ علی گڈھ میں علمی مذاق کی قدر کبھی نہیں ہوئی ادبی مذاق پیدا کرنے یا طلبا کا علمی ذوق بڑھانے یا ان کی ہمت بندھانے کا خیال علی گڈھ کے پہلے دور میں بھی نہ اساتذہ کو تھا نہ ٹرسٹیوں کو۔ مولوی عزیز مرزا مرحوم اور خواجہ غلام الثقلین مرحوم دور اول کے بہترین علمی اور ادبی مذاق رکھنے والے طالب علم تھے ہم عصر ان دونوں صاحبوں کی بڑی قدر کرتے تھے مگر کالج کے ارباب حل و عقد کی آنکھوں میں ہمیشہ کھٹکتے ہی رہے۔ دوسرے دور کے طلبا میں سجاد حیدر کا مرتبہ بہ لحاظ علمی قابلیت کے بہت بلند تھا، اردو اور

انگریزی بہت اچھی لکھتے اور بولتے تھے۔ انشا پردازی کی سنہری لڑیوں میں موقع محل سے ہمیشہ لطافت اور بذلہ سنجی کے موتی پروتے تھے، مطالعہ کا دائرہ بہت وسیع تھا۔ ہماری قومی زندگی میں جن نئے خیالات کو مفید سمجھتے تھے ان کی زبردست تائید تحریر اور تقریر کے ذریعے سے کرتے تھے۔ رواداری کا یہ عالم تھا کہ دوسروں کی بات سننے اور اس پر عمل کرنے کے لئے ہمیشہ تیار رہتے تھے۔ بڑے خوش خلق اور سادہ مزاج تھے تعلیم نسوان کے بڑے زبردست حامی تھے کھیل کود سے کوئی تعلق نہیں رکھتے تھے جس کی غالباً سب سے بڑی وجہ یہ تھی کہ مسٹر بیک کے چہیتے طلبا سب کھلاڑی تھے جن کو علمی مذاق سے کچھ سروکار نہ تھا کھیل کود کے ذریعے سے جسم کی تربیت نہایت ضروری چیز ہے لیکن کھیل کود ذریعہ ہے ایک مقصد حاصل کرنے کا۔ اصلی مقصد دماغ کا صحیح نشو و نما اور اس کی تربیت اور صحت کو اچھی حالت میں رکھنا ہے جس کے حاصل کرنے کا کھیل کود، ورزش، کسرت ایک ذریعہ ہے۔ اصل مقصد کو چھوڑ کر ذریعہ کو بجائے خود مقصد بنا لینا بالکل غلط طریقہ ہے مگر یہ طریقہ میرے زمانہ میں علی گڈھ کی مقدس روایات میں داخل تھا۔ مسٹر بیک کی زبردست شخصیت نے اس مذموم طریقہ کے پھیلاؤ کو یہاں تک پہنچا دیا کہ اس زمانہ میں ذوقِ ادب اور کھیل کود کی قدر و قیمت کا اپنی اپنی جگہ جائزہ لینے کے بحث پر مولانا شوکت علی مرحوم نے

لاہور کے اسلامی اخبار پنجاب آبزرور میں جو انگریزی نکلتا تھا ایک مضمون لکھا تو بجائے نام لکھنے کے اپنا ادبی لقب بڑے فخر سے "مسٹنڈا وحشی" مضمون کے آخر میں درج کیا۔ کھلاڑی طلبا کی اس بے جا قدر و منزلت کا یہ نتیجہ ہوا کہ علمی اور ادبی ذوق رکھنے والے طالب علموں کی بے تعلقی کھیل کود ورزش اور کسرت سے بڑھتی گئی اور رفتہ رفتہ وہ کرکٹ کی گیند کو ہاتھ لگانا یا فٹ بال کو پابوسی کا موقع دینا اپنے لئے باعث توہین سمجھنے لگے۔ صدیوں کی تعلیم و تربیت نے مغربی ممالک میں ان قابلیتوں کی تربیت کی حدود مقرر کر دی ہیں جن کا تعلق جسمانی اور دماغی نشو و نما سے ہے۔ ہمارے ملک نے اس معاملہ میں ابھی کافی تجربہ حاصل نہیں کیا ہے اور میری ناچیز رائے میں نہایت ضروری ہے کہ مسلم یونیورسٹی کے ارباب بست و کشاد دماغ کو دماغ اور جسم کو جسم سمجھیں اور اس پالیسی کو نہ دہرائیں جس نے اب سے چالیس پچاس برس پہلے طلبا کے ذوق علم و ادب پر کرکٹ کے نیٹ کا پردہ ڈال رکھا تھا۔

میری پہلی ملاقات سجاد حیدر یلدرم مرحوم سے جولائی ۱۸۹۸ء میں ہوئی تھی۔ محمد حیات خان، مشتاق احمد زاہدی اور حیدر حسن مرحوم بھی اس زمانے کے علمی ذوق رکھنے والے طلبا میں سے تھے بی اے پاس کرنے کے بعد مشتاق احمد نے علیگڈھ چھوڑ دیا۔ مگر دوستوں سے ملنے کے لئے اکثر علیگڈھ آتے تھے۔ یہ سب حضرات علیگڈھ کی زندگی کے

گہرے نقاد تھے۔ علی گڈھ مین اس وقت تک کوئی ایسا انتظام نہ تھا کہ اگر کوئی ہونہار طالب علم کسی خاص مضمون مین کمزور ہوتا تو اس کمزور مضمون کی طرف اساتذہ خاص توجہ کرتے۔ سجاد حیدر مرحوم ریاضی سے گھبراتے تھے اور اسی وجہ سے ایف۔ اے کے امتحان مین دُرِ مقصود کی تلاش مین ایک سے زیادہ مرتبہ غوطے لگانے پڑے۔ میرے نزدیک ایسے ہونہار طالب علموں کو جنھین کسی خاص درسی مضمون سے مناسبت نہ ہو ان کے حال پر چھوڑ دینا بڑی غلطی ہے۔ اسلامی درسگاہون اور بالخصوص مسلم یونیورسٹی کا اہم فرض ہے کہ ہونہار طالب علمون کی تعلیم کا اس مضمون مین جس سے انھین خاص مناسبت نہ ہو مناسب انتظام کرے تاکہ ان کی عمر کے ایک یا دو عزیز سال رائیگان نہ جائین۔

سر سید احمد خان علیہ الرحمۃ کے اکثر دوست نہ صرف روشن خیال اور ضرورت زمانہ کے پہچاننے والے تھے بلکہ علم و فضل مین بھی ان کا درجہ بلند تھا۔ نواب حاجی اسمٰعیل خان صاحب رئیس دتاولی سید صاحب کے بڑے مخلص دوست تھے۔ نواب صاحب عربی اور فارسی مین یدِ طولیٰ رکھتے تھے۔ اُردو کے بہت اچھے ادیب اور صاحب تصنیف تھے۔ ان کو پولٹیکل معاملات سے بھی گہری دلچسپی تھی اور تین سال تک بذریعۂ نامزدگی ہمارے صوبہ کی کونسل کے ممبر رہ چکے تھے۔ ۱۸۹۲ء کے گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ کی بہ موجب میونسپلیٹیون اور ڈسٹرکٹ بورڈون کو یہ حق دیا گیا تھا کہ صوبہ کی

کونسل میں بعض جگہوں کو بذریعۂ انتخاب پُر کر سکیں۔ مگر رائے دہندوں کا
جو اکثر ہندو تھے کسی مسلمان کو منتخب کرنا ایسا ہی بعید از فہم تھا
جیسا مسٹر چرچل یا مسٹر ایمری کا کسی ہندوستانی کو صوبہ کا گورنر مقرر
کرنا یا پولینڈ والوں کا روس کی انصاف پسندی اور راست بازی کی
داد دینا یا جاپانیوں کا دنیا کو یہ یقین دلانا کہ وہ چین کے سچے دوست ہیں
اور چین کو مضبوط بنانے اور اہلِ یورپ سے اس کا پنڈ چھڑانے کے لئے
بادلِ ناخواستہ چین سے جنگ کر رہے ہیں۔ نواب اسمٰعیل خان صاحب
اس زمانہ میں علی گڈھ سے ایک ماہانہ رسالہ نکالتے تھے جس کا نام معارف تھا
ملک کے مشہور ادیب اس رسالے میں مضامین لکھتے تھے ان کا معیار بھی
بہت بلند ہوتا تھا۔ سجاد حیدر مرحوم نواب صاحب کے سکرٹری تھے
اور رسالۂ معارف کے ایڈیٹر مولوی وحید الدین سلیم۔ مولوی صاحب
اور مولانا محمد علی نے سب سے پہلے اُردو دان اخبار بین حضرات کو
سیاسی مسائل کے سادہ دسترخوان پر ادب کی چاشنی سے لذت آشنا
کیا۔ سجاد حیدر معارف میں خود بھی مضمون لکھتے تھے اور معارف کے لئے
انگریزی رسالوں کے اعلیٰ مضامین کا اُردو میں ترجمہ بھی کرتے تھے مرحوم اس خدمت پر
کئی سال تک مامور رہے۔ مغربی ممالک کا موجودہ نظریہ تو یہ ہے کہ ہر ذہین
اور طباع آدمی جس کام پر توجہ کرے اس میں پوری مہارت حاصل
کر سکتا ہے۔ ممکن ہے یہ نظریہ تمام تر صحیح ہو یا تمام تر غلط لیکن اس میں
شبہ نہیں کہ بعض طبیعتوں میں کام کرنے کی فطری قابلیت موجود ہوتی ہے۔

سجاد حیدر کی طبیعت کا رجحان علم و ادب کی طرف تھا لیکن آج سے
چالیس برس پہلے ہندوستانی اس قابل نہیں سمجھے جاتے تھے کہ کوئی
یونیورسٹی انھیں فارسی عربی یا سنسکرت یا ریاضی کی تعلیم دینے کے سوا
کسی اور مضمون کے پڑھانے کی خدمت ان کی سپرد کر سکے۔ کالجوں میں
ریاضی پڑھانے کی خدمت ہندوستانیوں کی سپرد اس لئے ہونے لگی تھی کہ
بنگالیوں نے ثابت کر دیا تھا کہ ریاضی پڑھانے کی قابلیت ان میں
انگریزوں سے کم نہیں ہے۔ پی۔ گھوش کی ارتھمیٹک (علم حساب کی
کتاب) اس زمانے کی مشہور تصنیف تھی۔ یا بوجادب چندر چکرورتی نے بھی
جو علی گڈھ میں ریاضی کے پروفیسر تھے ایک بہت اچھی ارتھمیٹک
لکھی تھی جو ہمارے صوبہ کی اکثر درسگاہوں میں بجائے پی۔ گھوش کی
کتاب کے استعمال کی جاتی تھی لیکن ہمارا صوبہ تعلیم کے معاملہ میں اس قدر
پچھڑا ہوا تھا کہ انگریزی ادب کے علاوہ بھی اکثر و بیشتر مضامین کے
پروفیسر انگریز ہوتے تھے۔ میری ناچیز رائے میں اگر سجاد حیدر مرحوم
بی۔ اے پاس کرنے کے بعد علی گڈھ کالج میں انگریزی زبان کے
جونیر لیکچرر مقرر کر دئے جاتے تو انگریزی ادب کی دنیا میں کافی شہرت
حاصل کرنے کا موقع ان کو مل جاتا۔ اردو غریب اس زمانہ میں اس
قابل نہ سمجھی جاتی تھی کہ کسی یونیورسٹی یا کالج کے احاطہ میں اسے باریابی کا
شرف حاصل ہو سکے۔ سجاد مرحوم کے سپرد اگر فارسی پڑھانے کی خدمت
کر دی جاتی تو لکیر کے فقیر ہونے کی بجائے ان کی جدت پسند طبیعت

بیسویں صدی عیسوی کے ایرانی چمن کے گل بوٹے اہلِ وطن کے سامنے اس خوبی سے پیش کر سکتی کہ فارسی زبان و ادب کے خوش نما نخلے ہمارے نوجوانوں کے دلوں میں نئی امنگیں پیدا کرتے۔ نواب اسمٰعیل خان اور ان کے علم دوست اصحاب کی صحبت اور رسالۂ معارف سے عملاً سب ایڈیٹری کا تعلق ہونے کے باعث سجاد حیدر مرحوم کو بہت فائدہ ہوا۔ یہ افسوس ضرور ہے کہ سرکاری ملازمت کی قیود و شرائط کے باعث مرحوم کی طبیعت کے جوہر پورے طور پر نہ کھلنے پائے۔ بھلا غور کیجئے جب سجاد جیسے آزاد منش اور شگفتہ مزاج آدمی کو چھ سات گھنٹے روزانہ کچہری میں بیٹھ کر مال کے مقدمات میں کھتونی اور خسرہ کے اندراجات کو پٹواری کے اس بیان سے مطابق کرنا پڑے جو اندراجاتِ مذکورہ کے بالکل متضاد ہو اور جب بہ حیثیت مجسٹریٹ ضربِ شدید کے مقدمہ میں ملزم کے ایک درجن معزز گواہانِ صفائی کی شہادت قلم بند کرنا پڑے کہ جس وقت مار پیٹ کا ہونا بیان کیا جاتا ہے ٹھیک اس وقت ملزم کسی شادی میں شریک یا دعوتِ کتھا میں موجود تھا تو طبیعت کی شگفتگی کیا خاک قائم رہ سکتی ہے سجاد حیدر نے بہت سے تجربے حاصل کئے۔ ممالک متوسط کے ایک بڑے رئیس کے اتالیق رہے۔ سردار یعقوب خان صاحب کے عرصہ تک اسسٹنٹ پولیٹکل آفیسر اور پولیٹکل آفیسر رہے۔ سر محمد علی محمد خان مرحوم مہاراجہ محمود آباد کے پرائیویٹ سکرٹری کی خدمات انجام دیں۔ ڈپٹی کلکٹر رہے۔ بہت ممکن ہے کہ

مہتمم خزانہ کے وہ فرائض بھی انجام دیئے ہوں جو دو برس کے عرصہ میں آدمی کو انسان سے مشین بنا ڈالتے ہیں۔ سیر و سیاحت کی علمی و ادبی شغف جاری رکھا۔ پنشن لی۔ اور پھر محمود آباد پہنچ گئے جب زندگی میں اتنے مرحلے پیش آئیں اور دنیا کے جھگڑے چین نہ لینے دیں تو بڑے سے بڑے ہنسوڑ آدمی کی طبیعت بھی مرجھا جائے گی۔

سجاد حیدر رسوم و قیود کے پابند نہ تھے بلکہ وہ ایسے رسم و رواج کی اصلاح کرنا چاہتے تھے جس سے سوسائٹی کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ شادی کے معاملہ میں انھوں نے بڑی ہمت مردانہ سے کام لیا اور ایک اعلیٰ درجہ کی تعلیم یافتہ خاتون سے جو ایک شیعہ خاندان میں پیدا ہوئیں اور خود بھی شیعہ ہیں شادی کی۔ بنت نذر الباقر صاحبہ (بیگم سجاد حیدر) مراد آباد کے ایک معزز سید خاندان کی بیٹی ہیں۔ ان کے والد نے ان کو بہت اچھی تعلیم دلائی اور آج سے تیس برس پہلے وہ نسوانی اصلاحی تحریک کی صف اول کی ممتاز کام کرنے والیوں میں تھیں۔ رواداری عجیب نعمت ہے۔ سجاد حیدر سنی تھے اور بی بی شیعہ مگر دونوں نہایت خوش و خرم اور فرقہ وارانہ اختلاف کی پراگندگی سے محفوظ و مامون رہے۔ سجاد حیدر اور بیگم سجاد حیدر نے اپنی اولاد کو بھی جو نہایت سعید ہے۔ بہت اچھی تعلیم دلائی۔ یلدرم نہٹور ضلع بجنور میں پیدا ہوئے تھے ان کے والد پولیس کے انسپکٹر اور اخیر زمانہ میں بنارس کے کوتوال تھے، اس زمانہ میں لکھنؤ، بنارس، الہ آباد، آگرہ،

بریلی اور میرٹھ کی کوتوالی محکمۂ پولیس مین سب سے بڑا عہدہ تھا جو ہندوستانیون کو مل سکتا تھا۔ یلدرم کے دو چھوٹے بھائی ہین ان دونون نے بھی علی گڈھ مین تعلیم پائی نصیر الدین حیدر علی گڈھ مین میرے ہم جماعت تھے۔ ڈپٹی کلکٹری سے پنشن لینے کے بعد اب تین چار سال سے ریاست ٹونک مین ریونیو منسٹر (وزیر مال) ہین۔ خان بہادر ڈاکٹر حیدر الدین حیدر رسول سرجن تھے وہ بھی اب غالباً پنشن لے چکے ہین۔

مرحوم کی طبیعت مین بلا کی شوخی تھی۔ یون تو تصنیف و تالیف کا سلسلہ کم و بیش زندگی بھر قائم رہا مگر طالب علمی کے زمانے مین جو نظمین اور مضامین انھون نے لکھے ہین وہ بڑے پُر لطف ہین اور ان سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر مرحوم کو زمانہ چین سے بیٹھنے دیتا تو وہ ملک و قوم کی عظیم الشان ادبی خدمت انجام دیتے۔ مرزا پھویا چھوٹی سی نظم ہے جو سجاد نے سنہ ۱۹۱۹ء مین لکھی۔ مرحوم نے اس نظم مین ایک سچی کہانی بیان کی ہے۔ کہانی یہ ہے کہ سر سید احمد خان کی وفات کے بعد علی گڈھ کالج کی امداد کے لئے سر سید میموریل فنڈ قائم کیا گیا۔ محسن الملک نے ملک کا دورہ کیا اور بہت سے شہرون مین جلسے کرکے تقریرین کین اور تقریرون مین بتایا کہ قوم کا فرض ہے کہ اپنے کالج کی مالی امداد کرے اور مسلمان لڑکون کو تعلیم کے لئے علی گڈھ بھیجے۔ مرزا پھویا لکھنؤ کے ایک تعلقدار کے اکلوتے بیٹے تھے۔ مرزا کی عمر

بیس سال کی تھی۔ بڑے ناز و نعمت سے پلے تھے اور گھر سے باہر نکلنے کا کبھی اتفاق نہ ہوا تھا۔ محسن الملک کی سحر بیانی کا یہ اثر ہوا کہ مرزا کے باپ نے مرزا کو علی گڈھ بھیجنے کا تہیّہ کر لیا۔ یہاں نظم کے کچھ شعر سُنئے ؎

اس ارادہ کو جب کہا گھر مین — پڑ گیا رونا پیٹنا گھر مین
چیخی مرزا کی ماں کہ ہائے ہائے — کوئی جا کر ذرا انھین سمجھائے
میرا بچہ نہ جائے گا کوئل — میرا پتھر کا تو نہین ہے دل

باپ نے ایک نہ سُنی اور مرزا کو لکھنؤ چھوڑنا پڑا۔ وداعی منظر ملاحظہ کیجئے ؎

خالہ اماں، ممانی، بھابی جان — اپنے مرزا پہ سب ہوئین قربان
آپا جانی نے بھی بلائین لین — سب نے مل مل کے یون دُعائین دین
یا الٰہی یہ خیریت سے پھرے — اور دشمن پہ اس کی بجلی گرے
واسطہ مرتضیٰ علیؑ کا تجھے — جلد لا کر ملائیو ہم سے

مرزا علی گڈھ پہنچے۔ نئی دُنیا نظر آئی ہکّا بکّا ہین کسی سے کچھ نہین کہتے ہفتہ بھر تک علی گڈھ کے طور طریق دیکھے اس کے بعد قبلہ و کعبہ کی خدمت مین عریضہ لکھا۔ اب علی گڈھ کے حالات مرزا کی زبان سے سُنئے ؎

یان کے لڑکون کا حال ہی ہے جُدا — ایسا دیکھا کبھی، کبھی نہ سُنا
جنس ہر اک نئی دکان نئی — اور تو اور ہے زبان نئی
ایک دال ایک گوشت کہتے ہین — جانین کس دیس مین یہ رہتے ہین
ہون پریشان تو آ لیا فرمائین! — خوش ہون گر تو ہیر ہیر یہ سُنائین

گر ہو اچھا لباس ٹھاٹ کہیں — اور گنواروں کو راج گھاٹ کہیں
بو تنعم کی ہو ذرا سی بھی — اس کو کہتے ہیں یاں یہ عیاشی
عمدہ کھانا کھلانا عیاشی — عمدہ شربت پلانا عیاشی

علی گڑھ کی منظم زندگی کی تصویر لکھنؤ کے رئیس زادے کی عینک لگا کر دیکھئے ؎

صبح ٹرکے ڈرل کراتے ہیں — ایسے بے رحم ہیں تھکاتے ہیں
حکم ہے وقت ہی پہ کھانا کھاؤ — شام کو ایک جگہ جمع ہو جاؤ
بھوک ہو یا نہ ہو نہیں پروا — ہے اسی وقت کھانا پڑتا

طلباء کو بغیر اجازت حاصل کئے شہر جانے کی ممانعت تھی مرزا اس کی شکایت کرتے ہیں ؎

یاں کی آزادی ہے بہت محدود — شہر جانا بھی ہو گیا مسدود
اس لئے عرض ہے کہ یہ چیزیں — لکھنؤ سے روانہ آپ کریں
ایک ڈبیہ دیا سلائی کی — پوڑیہ اک نیلی روشنائی کی
اک برش جوتہ صاف کرنے کا — اور برال کو بھی ساتھ تھوڑا سا
بوٹ کے لیس کی ضرورت ہے — اور موزے بھی چند اچھے سے
دو گھڑے اک صراحی پیالے چار — اور ممکن ہو گر تو تھوڑا اچار
اور باقی تو خیریت ہے سب — سب کو تسلیم زیادہ حد ادب

ممکن ہے کہ زبان پر دلی اور لکھنؤ کے ناقدانِ سخن اعتراض کریں لیکن دو باتیں ملحوظِ خاطر رہیں۔ ایک تو یہ کہ یہ کلام سجاد حیدر کے لڑکپن کا ہے۔ دوسرے یہ کہ جس زبان میں یہ نظم لکھی گئی ہے اس کا تعلق دلی اور لکھنؤ سے ہو یا نہ ہو

گریہ وہ زبان ہے جو اب سے چالیس پینتالیس برس پہلے علی گڈھ کالج کی ٹکسالی زبان تھی۔ مین نے قصداً بعض ایسے شعر منتخب کئے ہین جن مین علی گڈھ کے مخصوص محاورے زبانِ حال سے بتلا رہے ہین کہ ہم نہ دلی کے مُرید ہین نہ لکھنؤ کے چیلے۔ ہم تو اس وسیع اور تر و تازہ چمن اُردو کے نئے پودون کے رنگین پھُول ہین جو سرزمین کویل پر اُگے تھے۔ یہ رنگ و بُو آپ کہین اور نہ پائیے گا ان پھُولون کو دیکھنے اور خوش بُو سونگھنے کے لئے آپ کو کویل ہی آنا پڑے گا۔ رسالۂ مخزن مین جو مضامین یلدرم نے لکھے تھے وہ بھی زبان کی خوبی اور خیالات کی جدّت کے لحاظ سے بڑے پُر لطف تھے اور آج بھی ہمارے نوجوان ان کے مطالعہ سے فائدہ اُٹھا سکتے ہین۔

یلدرم مرحوم ترک قوم اور ترکی زبان کے بڑے والہ و شیفتہ تھے۔ ترکی زبان علی گڈھ مین ہی پڑھنا شروع کر دی تھی۔ ترکی اخبارات بھی منگاتے تھے اور ترکی زبان کی جب کوئی مخصوص طرز اُنہین پسند آتی تھی تو بہت خوش ہوتے تھے اور دوستون سے اس کا تذکرہ کرتے تھے۔ مین ترکی زبان سے ناواقف ہون اس لئے ترکی زبان کی وسعت اور دل آویزی کے بارے مین میرا کچھ کہنا قابلِ قبول نہین ہو سکتا۔ اتنا ضرور مجھے معلوم ہے کہ ترکی کا اپنا ذاتی سرمایہ بہت محدود و مختصر ہے۔ ترکی زبان کا کوئی شاعر ایسا نہین ہے جس کا مقابلہ میر یا سودا۔ ناسخ یا آتش۔ غالب یا انیس سے کیا جا سکے۔

عربی شعراء سے مقابلہ کا تو ذکر ہی کیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ترکی مدارس میں بیس سال پہلے تک فارسی شعراء کا کلام پڑھایا جاتا تھا اور فارسی شعراء کو ہی ترک اپنا قومی شاعر سمجھتے تھے۔ گذشتہ بیس برس میں جب سے اتاترک مصطفےٰ کمال نے لاطینی رسم الخط جاری کیا ہے ترکی میں یہ رواج شروع ہوا ہے کہ قومی نظمیں ترکی زبان میں کہی جائیں مگر ہنوز دلی دور والا مضمون ہے۔ یلدرم پکے قوم پرست تھے اور انیسویں صدی عیسوی کے آخر میں اسلام کی بے بسی کا جو عالم تھا اس کے لحاظ سے وہ چاہتے تھے کہ تمام دنیائے اسلام ترکی کی برتری تسلیم کرے اور ترکی کی رہنمائی میں سارے اسلامی ممالک بالخصوص ہندی مسلمان مغربی علوم و فنون سے اپنی اپنی ضرورت کے بقدر مستفید ہو سکیں۔ مرحوم غالباً دو مرتبہ ترکی گئے تھے۔

سجاد حیدر مرحوم سے میری آخری ملاقات یکم جنوری ۱۹۴۳ء کو لکھنؤ میں ہوئی تھی۔ میرے دوست سید محمد سبطین صاحب وکیل پرتاب گڑھ کے لڑکے کی برات آئی تھی اور شب گذشتہ کو عزیزی سید علی ظہیر بیرسٹر کی لڑکی سے جو ماشاء اللہ خود بھی بی۔ اے ہے نکاح ہوا تھا۔ یکم جنوری کو دوپہر کی دعوت میں بہت سے دوستوں کا مجمع تھا۔ سجاد حیدر بھی شریک تھے صحت اچھی نہ تھی۔ بہت سے کپڑے پہن رکھے تھے۔ عرصہ کے بعد ملاقات ہوئی تھی دو ڈھائی گھنٹے تک بہت پر لطف صحبت رہی۔ محمد سبطین صاحب خود بھی فارسی کے

ALIGARH.

اچھے ادیب ہین اور شعر بھی کہتے ہین ۔ بلا کا حافظہ ہے ۔ سر وزیر حسن اور خان بہادر سید اصغر حسن بھی موجود تھے ۔ دیر تک علی گڈھ کی پرانی صحبتون کے تذکرے ہوتے رہے ۔ زمانہ بڑی عجلت کے ساتھ بدل رہا ہے تاہم ہماری سوسائٹی کا ابھی تک یہ حال ہے کہ جہان دس پانچ ذوقِ سلیم والے آدمی جمع ہو جاتے ہین وہان شعر و سخن کا تذکرہ ہونا لازمی ہے ۔ چند ہفتے پہلے سر محمد یعقوب کی وفات پر مین ایک مضمون سرگزشت مین لکھ چکا تھا اس مضمون کی جو داد دورانِ گفتگو مین سجاد حیدر نے دی اسے مین کبھی نہ بھولون گا ۔ کہنے لگے تمھارا مضمون مین نے پڑھا اور مین اس سے اس درجہ متاثر ہون کہ مین نے ارادہ کر لیا ہے کہ یعقوب مرحوم کا مرثیہ ضرور لکھون گا جس مین ان حالات کا تذکرہ کرون گا جو تم نے اپنے مضمون مین لکھے ہین ۔ دنیا عجیب جگہ ہے ۔ افسوس ہے کہ اس قدر جلد وہ وقت آگیا کہ مرثیہ لکھنے والے کا ہی مرثیہ کوئی اور لکھے ۔ سجاد کی کس کس خوبی کا تذکرہ کیا جائے ۔ علی گڈھ کے دورِ ثانی مین بڑی مشکل سے کوئی اور شخص ایسا ملے گا جس کی ذات مین اتنی جامعیت ہو جو سجاد حیدر کی ذات مین موجود تھی ۔ مرحوم نے دوستون کا وسیع حلقہ چھوڑا ہے جن مین بہتون کی سجاد کے بعد یہ حالت ہو گئی ہے ۔

شعر:۔ تمھارے بعد یہ ہے حال ہم صفیرون کا!
اس آشیان مین صدا دی اُدھر پکار آئے

سید اظہار الحسن، بی، اے ایل، ایل، بی

سیّد سجّاد حیدر

ادیبِ جمیل سیّد سجّاد حیدر، بی۔ اے انہٹور ضلع بجنور کے ایک ممتاز خاندانِ سادات کے چشم و چراغ ہیں جس کے اکثر افراد صاحبِ عزت و حشمت ہین لیکن جو شہرت اور عزت سید سجاد حیدر کو حاصل ہوئی، وہ کسی دوسرے کا مقدر نہ تھی۔ بچپن کے حالات زیادہ معلوم نہین۔ لیکن کالج مین پہنچنے کے بعد ہی سے بہ قول حضرت سعدیؒ بالائے سر ستارۂ بلندی چمکنے لگا تھا۔ شبلیؒ جیسے باکمال اُستاد اور مولانا محمد علی اور حسرت موہانی جیسے صاحبِ ذوق رفیقون کے فیضِ صحبت نے سید صاحب کی ہونہار طبیعت کے ساتھ سونے پر سُہاگہ کا کام کیا۔ اور بالآخر سید صاحب نے دُنیائے ادب مین وہ پوزیشن حاصل کرلی جس پر ہر ایک ادیب کو بجا طور پر ناز ہوسکتا ہے۔

آپ کی شادی ضلع بلند شہر کے ایک معزز خاندان ہوئی ہے۔ اور

اُردو ادیبوں میں یہ فخر تنہا آپ کو حاصل ہے کہ آپ کی بیگم صاحبہ بھی دُنیائے ادب میں بلند مرتبہ رکھتی ہیں۔ محترمہ نذر سجاد صاحبہ عالمِ نسواں کا ایک گوہرِ درخشندہ ہیں اور ادبِ اُردو متعدد تصانیف کے لئے آپ کے رشحاتِ قلم کا ممنون ہے۔

علی گڈھ کالج نے اپنے پچپن سالہ دورِ حیات میں جتنے باکمال پیدا کئے۔ اُن میں سیّد صاحب کا درجہ بہت ممتاز ہے۔ کالج کی زندگی آپ نے نہایت ناموری کے ساتھ گذاری۔ انجمنِ اُردو، مسلمی اور یونین وغیرہ کی خدمات آپ سے وابستہ رہیں۔ شاعری کا آغاز بھی اسی زمانہ سے ہوا۔ اور کالج کی چہل پہل اور روایتوں کے درمیان اُس کی پرورش ہوئی۔ تعلیم ختم کرنے کے بعد آپ برطانوی سفارت خانہ سے متعلق ہو کر بغداد شریف چلے گئے لیکن ادبی ذوق نے وہاں بھی اس غریب الوطن کا ساتھ نہ چھوڑا۔ اور "یلدرم از بغداد" کے اکثر مضامین ہندوستان کے اُردو رسائل بڑے فخر سے شائع کرتے رہے۔ فصیح الملک کا ماتم ارضِ عراق میں کیا۔ "بنزئی جاپان بنزئی" کی مشہور رزمیہ نظم بھی سواحلِ دجلہ و فرات کے حصّہ میں آئی۔

علی گڈھ کالج کے سابق متعلمین کو جو وابستگی اپنی مادرِ تعلیمی کے ساتھ ہوتی ہے وہ کچھ انھیں کے لئے مخصوص ہے۔ سید صاحب کو بھی الفت کالج سے بہرہ وافر ملا ہے جس کا اظہار مختلف پہلوؤں سے ہوتا رہتا ہے۔ مسلم یونیورسٹی کے آغاز سے سال گذشتہ تک آپ رجسٹرار اور شعبۂ اُردو کے اعزازی ریڈر

رہے۔ اسی دوران میں آپ نے مرحوم اولڈ بوائز ایسوسی ایشن کے حق میں مسیحائی کی۔ نہ صرف ایسوسی ایشن مذکور آپ کی ان تھک کوششوں سے از سرِ نو زندہ ہو گیا بلکہ اُس کی اپنی "لاج" بھی واپس مل گئی۔ اسی زمانہ میں آپ ممالک ترکیہ کی سیاحت کے واسطے تشریف لے گئے۔ وہاں کے اکثر مشاہیر سے آپ کے دوستانہ تعلقات ہیں۔

سیّد صاحب مغربی تہذیب کو پسند فرماتے ہیں۔ لباس قطعی انگریزی ہوتا ہے۔ البتہ کبھی کبھی ترکی ٹوپی زیبِ سر فرما لیتے ہیں۔ طرزِ معاشرت میں بھی انگریزی تہذیب کی جھلک بہت نمایاں ہے قدرت کی ستم ظریفی ملاحظہ فرمائیے کہ آپ ایک ایسے محکمہ سے وابستہ کر دیئے گئے جس سے آپ کی ادب دوستی کو قطعی کوئی مناسبت نہیں۔ یعنی آپ ڈپٹی کلکٹر ہیں۔

معارف (علی گڈھ) اُردوئے معلیٰ۔ مخزن (دورِ اوّل) زمانہ علی گڈھ میگزین۔ ہمایون۔ سہیل اور نیرنگ خیال کے صفحات اکثر آپ کے نقوشِ قلم سے مزین ہوتے رہے ہیں۔ "خیالستان" "حکایات" و "احساسات" "ثالث بالخیر" "زہرا" اور "جلال الدین خوارزم شاہ" آپ کی مستقل تصانیف ہیں۔ خیالستان اور حکایات آپ کے متفرق مضامین اور افسانوں کے مجموعے ہیں جن میں سے بعض طبعزاد ہیں۔ اور بعض ترکی وغیرہ سے ملخص اور ماخوذ۔ جلال الدین خوارزم شاہ" مشہور ترکی ادیب نامق کمال بے کے معرکۃ الآرا ڈرامہ کا بے مثل ترجمہ ہے۔

"ثالث بالخیر" اور "زہرا" بھی ترکی کے تراجم ہین ۔ اگرچہ سیّد صاحب فنِ شعر مین بھی اچھی دستگاہ رکھتے ہین لیکن اس صنف مین ہنوز کوئی مستقل تصنیف آپ کی شائع نہین ہوئی ہے ۔ اور نہ غالباً آپ ایسی کوئی تصنیف شائع کرنا پسند فرماتے ہین ۔

میر سوز مرحوم نے ایک دفعہ شاعرون کی کثرت کے سلسلہ مین کہا تھا ع

ڈھونڈھتے ہین پر تخلص بھی نیا ملتا نہین

سید صاحب نے اس مقولہ کو بالکل غلط ثابت کر دیا ہے ۔ کم از کم میری نظر سے نہین گزرا کہ اُردو کے کسی اور شاعر کا تخلص بلدرم ہو اس سے آپ کی جدت پسندی کے علاوہ اُس شغف کا بھی اظہار ہوتا ہے جو آپ کو ترکی زبان و ادب سے ہے ۔

سید صاحب ہندوستان کی اُن چند معدودے ہستیون مین سے ہین جن کو ترکی زبان و ادب مین دستگاہ حاصل ہے ۔ آپ نے ترکی ادب کا گہرا مطالعہ کیا ہے ۔ ترکی ادیبون کے دل کش اور اچھوتے خیالات نے سید صاحب کی بے چین طبیعت پر خاص اثر کیا ۔ یہان تک کہ ترکیت نے آپ کی تصانیف مین مرکزی حیثیت حاصل کر لی ۔ اُردو دان طبقہ کو ترکی ادب سے روشناس کرانے کا فخر تنہا سید صاحب کو حاصل ہے ۔ آپ کے بیشتر مضامین اور تصانیف ترکی سے ماخوذ ہین ۔

اب سے کچھ عرصہ قبل اُردو مین ادبِ لطیف کا عنصر بالکل نہ تھا ۔

یانہ ہونے کے برابر تھا۔ اس معاملہ میں بھی ادب اُردو سید سجاد حیدر کا ممنون ہے۔ اس رنگ کو سچ پوچھو تو آپ نے چار چاند لگا دیئے یہ قول ایک ناقد کے:

"اُس وقت ملک میں جتنے نمونے ادبِ لطیف کے موجود ہیں۔ ممکن ہے اُن کے متعلق اختلافِ آرا ہو سکے۔ لیکن سید صاحب کی تصانیف کے متعلق کبھی دو رائیں نہیں ہو سکتیں۔"

سید صاحب ایک مخصوص رنگ کے مالک اور صاحبِ طرز اُستاد ہیں۔ آپ کا تتبع آسان کام نہیں اور یہی وجہ ہے کہ کوئی شخص آج تک آپ کی کامیاب تقلید نہ کر سکا۔ آپ کی عبارت نہایت صاف، شگفتہ، پُرزور اور دلچسپ ہوتی ہے۔ کوئی مضمون یا افسانہ اُٹھا لیجئے۔ ناممکن ہے کہ آپ اُس کو ختم کئے بغیر چھوڑ دیں۔ جملوں کے اندر روانی اور جوش کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہوتا ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ہی سلاست بھی ہاتھ سے جانے نہیں پاتی۔ موقع اور محل کا لحاظ بھی رہتا ہے۔ بندش بھی چُست ہوتی ہے۔ اندازِ بیان کی رنگینی عبارت کو اور بھی دلاویز بنا دیتی ہے۔ غرض آپ کی تحریریں انشا پردازی کی جان اور فصاحت و بلاغت کا اچھا نمونہ ہوتی ہیں۔

آپ کے مضامین تخیل سے مالا مال ہوتے ہیں۔ آپ جس خیال کو اُس کی مکمل تصویر ناظرین کے سامنے پیش کر دیتے ہیں۔ پڑھنے والا

یہ محسوس کرنے لگتا ہے کہ وہ اُسی ماحول میں ہے جس میں کہ خود مصنف ہے۔ اور یہی تصنیف کا کمال ہے۔ ذیل میں آپ کے مضمون "ہجوم میں تنہائی" سے ایک اقتباس پیش کرتا ہوں:۔

"دوست سے دوست، محبوب سے عاشق سے یا بالعکس، محبوب عاشق سے جدا ہو رہا ہے۔ ہار پہنائے جا رہے ہیں۔ گلدستے پیش کئے جا رہے ہیں۔ لنگر اٹھا۔ جہاز آہستہ آہستہ ساحل سے ہٹنا شروع ہوا۔ رخصت کرنے والوں کی ساحل اور دل پر صفیں کھڑی ہو گئیں۔ رومال کبھی آنکھوں پر جاتے ہیں کبھی ہلتے ہیں۔ کوئی مسکرا مسکرا کر جانے والے کو ساحل پر بلا رہا ہے۔ جانے والا ساحل کے دوست کو اشارے سے وطن پر آنے کی دعوت دیتا ہے۔ پرسوز وداع، حزن و فراق و دلنواز بیان موجود ہیں۔ جہاں ہر طرف معانقے، مصافحے ہو رہے ہوں، وہاں اپنا ہاتھ جیب میں ہونا بھی دل پر عجیب اثر کرتا ہے۔ میں ہجوم میں تنہا ہوں۔

"ان سینکڑوں رومالوں میں سے میرے لئے ایک میں جنبش نہیں۔ اور نہ میرا ہاتھ رومال کو اس کے آرام کی جگہ سے کسی کے لئے باہر لانے کی کوشش کرتا ہے۔"

"جس طرح کسی دوسرے سیارہ کا باشندہ ہمارے حرکات کو بے پروا یا نازاز سے دیکھتا ہوگا اسی طرح میں اس ہجوم کی حرکات پر نظر ڈال رہا ہوں۔ انداز بے پروا یا نہ مہر

گر نظر رشک آمیز ہے۔"

آپ نے ملاحظہ فرمایا۔ محض چند جملوں میں اس زبردست ادیب نے کتنی کامیاب مصوری کی ہے۔ جہاز کے ساحل چھوڑنے کی مکمل تصویر پیشِ نظر ہو جاتی ہے۔ کیا "ہجوم میں تنہائی" کی اس سے بہتر مثال پیش کی جا سکتی ہے۔ آخری فقرہ بجائے خود ایک تصویر ہے۔

مزاح (Humour) کا عنصر بھی آپ کے مضامین میں بہت نمایاں ہوتا ہے۔ اور جس خوبی سے آپ اس کو نبھاتے ہیں وہ آپ ہی کا حصہ ہے۔ ظرافت کے پیرایہ میں واقعات کا خاکہ کھینچنا بلکہ فطرت کی مصوری کرنا آپ کا خاص انداز ہے۔ لیلیٰ مجنوں کے واقعات بہت فرسودہ ہو گئے ہیں۔ اور اب اُن میں دل فریبی کی شان پیدا کرنا آسان کام نہیں۔ لیکن سید صاحب نے اس "ایامِ جاہلت" کے فسانہ کو کچھ اس طرح سے بیسویں صدی کے "متمدن" دور سے متعلق کر کے پیش کیا ہے کہ بے ساختہ ہاتھ چوم لینے کو جی چاہتا ہے۔ حکایہ لیلیٰ مجنوں پڑھئے اور سید صاحب کے کمال کی داد دیجئے۔ ضمنی طور پر جو فوٹو تہذیب مغربی اس فسانہ میں پیش کیا گیا ہے۔ وہ خاص طور پر قابلِ التفات ہے۔ اس فسانہ کا اقتباس پیش کرنا دراصل مصنف پر ظلم کرنا ہے۔ اس کا لطف اُٹھانا ہو تو "خیالستان" ملاحظہ فرمائیے لیکن میں اس کا آخری جزو یہاں پیش کرتا ہوں جس سے سید صاحب کی شانِ انشا پردازی کا اندازہ ہو سکے گا:۔

"قیس کا باپ اپنے دُنیا کی نظر میں دیوانے" بیٹے کی
حالت سے مایوس ہو کر اجابتِ دعا کی اُمید میں مکہ آیا۔ وہاں آیا۔

جہان ہر شخص اپنی عزیز ترین تمنّا لے کر آتا ہے ۔ اور جہان
جس در کے سامنے جس چھت کے نیچے سب سے زیادہ صمیمی ،
سب سے زیادہ دلی دعائین مانگی جاتی ہین ۔ یا زیادہ صحیح
یہ کہ ہر جگہ سے زیادہ قوی امید اجابت کے ساتھ تخت سماوی
کی طرف جاتی ہین (ورنہ صمیمیت تو دُنیا کے ہر گوشہ مین زیادہ قلب
کر رہی ہے) وہان وہ اُسے لیکر پہنچا ۔ خود خضوع و خشوع سے
دعا مانگی اور قیس سے بھی کہا کہ اپنی قابلِ رحم حالت سے
نجات پانے کے لئے دستِ دعا اُٹھائے ۔"

"اور قیس نے دستِ دعا اُٹھائے ۔ اور انتہائے صمیمیت
غایت تضرع سے ، اعمال دل سے نکلنے والی صدائے دعا مانگی ۔
مگر کیا ؟ وہی جو اُس نے سیکڑون برس پہلے مانگی تھی ۔ اور جو
ہر قیس طبیعت چاہے وہ کہین ہو ، اور کسی زمانہ مین ہو ، مانگیگا :-
"مین جس مصیبت مین مبتلا ہون ، خدا کرے وہ کبھی
کم نہ ہو ۔"

سیّد سجّاد حیدر قدرت کی طرف سے گداز دل لے کر آئے ہین فطرت نے آپ کو
شاعر پیدا کیا ہے ۔ اور شعریت آپ سے جدا نہین ہو سکتی آپ نے نثر مین بھی
شاعری کی ہے ۔ "خارستان اور گلستان" اور حضرتِ دل کی سوانح عمری جو
اُنھون نے اپنے کاتب خصوصی سیّد سجّاد حیدر سے لکھوائی ۔ پڑھئے ۔ کیا آپ
اس کو شاعری نہ کہین گے ۔

حضرتِ دل فرما رہے ہیں :۔

"دوسری حسین اور خوب صورت چیز جس نے مجھے اپنی طرف کھینچا وہ شمع تھی۔ یہ نورِ عریاں مجھے گھنٹوں محوِ حیرت رکھتا تھا۔ اور کہیں قریب ہوا تو میں اُس سے ملنے کے لئے بے اختیار اُس کی طرف ہاتھ بڑھاتا تھا۔"

"لیکن یہ کیا؟ مجھے روکتے تھے۔ کیوں؟ کیوں مجھے اس حسین شے سے ملنے نہیں دیتے تھے؟ اس لئے کہ پہلے کی طرح ہر حسین شے شفیق نہیں۔ یہ حقیقت، یہ دل کش حقیقت مجھے بعد میں معلوم ہوئی۔ اچھا ہوتا جب ہی معلوم ہو جاتی۔"

خط کشیدہ عبارت کسی شعر سے کم دل چسپ نہیں۔ جنابِ دل اپنا مغرب کا تجربہ یوں بیان فرماتے ہیں :۔

"مگر مغرب میں سب سے زیادہ ظالم (فریاد۔ فریاد اُن کے ستموں سے) وہ تھے جو تیر مارتے تھے۔ برچھیاں کبھی تھے۔ لیکن جب ہم شکایت کرتے تھے تو صاف مکر جاتے تھے "ہم نے نہیں مارا" پہلے تو میں اسے بناوٹ سمجھا۔ ملتجی نظروں سے اُن کی طرف دیکھا اور عرض کیا "میں آپ کو جھوٹا نہیں بنانا چاہتا لیکن میں نے دیکھا کہ آپ نے تیر مارتے۔"

"میری ملتجی آنکھوں کا اُن آنکھوں سے ملنا تھا کہ سیکڑوں

ہزاروں تیروں کی پے در پے بوچھاڑ پڑنے لگی۔ مگر اُن کو اُس وقت عین اس بوچھاڑ کے وقت بھی اپنی بے تقصیری پر اصرار تھا۔"

"یہ ہم پر بہتان ہے۔ تیر دیر کیسا داور آنکھوں میں آنسو بھر لائے، ہم کچھ نہیں جانتے۔ اور ہزاروں تیر برسا دیئے۔ تم اس قدر زخمی کیوں نظر آتے ہو کس نے گھایل کیا؟ اور ایک نظر۔ ایک ترحم انگیز اور ہوش رُبا نظر۔ ڈالی اور ایک لاکھ برچھیوں نے مجھے چھلنی کر دیا۔"

"ہے ہے، اس قدر نہ تڑپو، کس بے رحم نے تمھیں خون میں شرابور کر دیا۔ مگر بجریا کی کٹریا سے اور کیجو کے لگا دیئے۔ بعد میں معلوم ہوا کہ حقیقت میں اُنھیں اپنے ظلموں کی خبر نہیں۔ تیر زنی کی بوچھاڑ عمداً نہیں کی جاتی بلکہ اپنے آپ ہوتی رہتی ہے۔ اُف! اُف! خدا ان تیر اندازوں سے پالا نہ ڈالے۔ کھلے بند قزاق زخم لگا کے بھاگ جانے والے قزاق ایا ٹھگ۔ ان سب سے میں سینہ سپر ہو سکتا ہوں اور ہوا ہوں لیکن اس تیری صنف سے تاب مقاومت نہیں۔ نہیں بالکل نہیں۔"

میں نہیں سمجھ سکتا کہ شاعری میں اس سے زیادہ کیا دلچسپی ہو سکتی ہے۔ اگر یہ شاعری نہیں تو کیا ہے۔

آپ کے مضامین کے مطالعہ سے واضح ہوتا ہے کہ آپ کو اپنے گرد و پیش کے

حالات پر گہری نظر ڈالنے اور معمولی معمولی واقعات سے اہم نتائج اخذ کرنے کی عادت ہے۔ کسی حکیم کا قول ہے کہ "انسان کے لئے بہترین مضمون مطالعہ خود انسان ہے۔" سید صاحب نے بھی اس "طرفہ معجون" کا خوب مطالعہ کیا ہے۔ "چڑیا چڑے کی کہانی" سب نے اپنے بچپن میں سُنی ہوگی۔ سید صاحب نے بھی یہ کہانی اپنے مخصوص طرز میں لکھی ہے۔ اس سے جہاں آپ کی جدت پسندی، انوکھے طرزِ بیان اور زبان پر قدرت کا اندازہ ہوتا ہے۔ وہاں یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے فطرتِ انسانی کا گہرا مطالعہ کیا ہے۔ دو بے زبان جانوروں کی زبانی جبلت انسانی کو بے نقاب کر دیا ہے۔ "مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ" کس قدر دل کش مضمون ہے کتنا دل فریب اندازِ بیان ہے۔ کیا یہ آپ کا روزمرہ کا تجربہ نہیں کہ "دوستوں" میں آپ کا کس قدر وقت ضائع ہوتا ہے۔ بعض اوقات کتنا بے محل دخل در معقولات آپ کے نظام میں دیا جاتا ہے۔ کبھی کبھی آپ خود بھی پریشان ہو جاتے ہیں۔ لیکن آپ مجبور ہیں۔ آپ کو سب برداشت کرنا پڑتا ہے۔ اور اگر اس پر بھی آپ دوست نہیں ہیں تو آپ خود کو بدقسمت سمجھیں گے۔ یہی معمولی باتیں ہیں جن کو سجاد حیدر نے اپنے اچھوتے انداز میں پیش کر دیا ہے۔ سر سید نے بھی ایک مضمون میں مہمان نوازی کے طریقوں پر نکتہ چینی کی تھی۔ لیکن دونوں میں فرق محض اتنا ہے کہ سر سید کا مضمون کسی زاہدِ خشک کا وعظ ہے۔ اور سجاد حیدر کا فسانہ کسی زندہ دل کا چبھتا ہوا فقرہ۔ آپ خود خیال کر لیجئے کہ اثر کس کا زیادہ ہوگا۔

محترمہ ز۔ خ۔ ش صاحبہ ضلع علی گڈھ کے مشہور شروانی خاندان کی ایک رُکن اور دَورِ موجودہ کی ایک باکمال اور ادب نواز خاتون تھین۔ جنھون نے عین عالمِ شباب مین سفرِ آخرت اختیار فرمایا۔ اس سانحۂ جان گزا سے جو ناقابلِ تلافی نقصان ادبِ اُردو کو پہنچا اُس سے سیّد صاحب کا حساس دل تلملا اُٹھا اور حُسنِ عقیدت کے یہ پھول "ہمایون" کے صفحات پر بکھیر دیئے گئے :۔

"وہ عندلیبِ خوش الحان جس کے عرفان پاش نغمے اس کے قفس کی نیلیون سے نکل نکل کر ایک عالم کو مسحور کر رہے تھے یکایک خاموش ہوگئی نغمے فضا مین متلاطم ہین۔ مگر عندلیب ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ساکت! وہ حقیقت طراز گر شیرین آواز سراپردۂ دولت کے پیچھے سے (جہان سے بے معنی خندہ اور فضول مکالمہ کے سوا کچھ کم سُنائی دیتا ہے) سُنا رہی تھی کہ صدق وصفا، علم وعرفان، سوز والتہاب، درد وگداز کیا ہین۔ اور صدق وصفا، علم وعرفان، درد وگداز سوگوار ہین کہ اُن کی مشاطہ اُن کو دل آویز آرائشون مین اب پیش نہ کرے گی۔

وہ ایک عندلیب تھی جو قفس مین پیدا ہوئی۔ قفس مین جی۔ اور اُس نے قفس ہی مین دم توڑا۔ اس چند گز نیلگون آسمان کے سوا جو اُس کے صحن خانہ پر حسرت بار رہا۔

اُس نے فطرت کی زیبائش، آفریدہ دست انسان کی آرائش نہ دیکھی۔ آفتاب جو دُنیا کو حرارت بخشتا ہے تیلیون کے لپٹے ہوئے کپڑے سے گزر نہ سکا۔ لیکن خود اُس کے قلب منوّر نے ایک شمع روشن کی جس نے اُسے باہر کے نُور سے بے نیاز کر دیا۔ شمع تخیل!

وہ اپنی مختصر مگر متجلّی زندگی مین اپنے تئین خاک نشین ز۔خ۔ش کہا کی۔ آج حقیقتاً وہ خاک نشینی کی آرزومند آسودۂ خاک ہے ع

خوش درخشید ولے شعلۂ مستعجل بود

مرزا داغ اور امیر مینائی کے مرثیے نظم مین ہین۔ مگر آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ یہ مرثیۂ نثریہ بھی کس قدر پُرسوز و تاثیر ہے۔ خاتون اور مرحومہ کی حیات اور تصانیف پر ایک مجمل مگر مکمل تبصرہ ہے۔ بندشون کی چستی اور موزونیت۔ الفاظ کی برجستگی، عبارت کی بے ساختگی اور روانی سب نے ملکر مرثیہ کو کتنا پُر اثر بنا دیا ہے۔ مولانا حسرت موہانی نے ایک دفعہ مولانا ابو الکلام آزاد کی نثر کی تعریف اپنے ایک شعر مین اس طرح فرمائی تھی ؎

جب سے دیکھی ابو الکلام کی نثر
نظمِ حسرت مین بھی مزا نہ رہا

ابو الکلام کی نثر مین کس کو کلام ہو سکتا ہے لیکن اس مین بھی شک نہین کہ حسرت کے رفیق التعلیم یلدرم کی نثر بھی نظم پر فوقیت رکھتی ہے۔

"ثالث بالخیر" "زہرا" اور "جلال الدین خوارزم شاہ" ترکی کے تراجم ہین اور اُن کا کمال یہ ہے کہ تراجم معلوم نہین ہوتے۔ واقعہ یہ ہے کہ اس میدان مین سیّد صاحب کو خاص مہارت ہے۔ ترکی سے جس قدر نفیس ترجمہ آپ کرتے ہین وہ آپ اپنا جواب ہے۔ کون نہین جانتا کہ ترجمہ مین اس کا لطف باقی نہین رہا کرتا۔ مگر سیّد صاحب بعض اوقات ترجمہ کو اصل سے زیادہ دل چسپ بنا دیتے ہین۔ "جلال الدین خوارزم شاہ" سیّد صاحب کا تازہ کارنامہ ہے۔ ترکی مین اس ڈرامہ کو کلاسکس کی حیثیت حاصل ہے۔ ہمین یقین ہے کہ اُردو مین بھی اس کی یہ حیثیت برقرار رہے گی اُردو ادب کی بدقسمتی ہے کہ اس مین اب تک بلند پایہ ڈرامون کی بہت کمی ہے۔ عامیانہ مذاق کے ایک دو نہین درجنون ڈرامے موجود ہین لیکن ذوقِ صحیح مفقود ہے۔ اور (بعض قابلِ تعریف مستثنیات کو چھوڑ کر) قومی خدمت کا خیال عنقا۔ اس طوفان بدتمیزی مین سیّد صاحب کی یہ کاوش مستحقِ ہزار تحسین ہے۔

خدا اس زندہ دل ادیب کو عمر دراز ارزانی فرمائے کہ اس کی ذات سے اُردو ادب کی بہت سی توقعات وابستہ ہین۔ کاش مسلم یونیورسٹی کو اتنی توفیق ہو کہ وہ سیّد صاحب کی خدمات اُردو ریڈری کے لئے حاصل کر لین۔ ایسے لوگ روز روز نہین ملا کرتے۔ ع

یاد رکھنا فسانہ ہین یہ لوگ

مولانا سید سلیمان ندوی

سجاد حیدر یلدرم

۱۲۔ اپریل ۱۹۴۳ء کی رات کو سید سجاد حیدر مرحوم نے، جو ادب کی دنیا میں یلدرم کے نام سے مشہور تھے، قلب کے عارضہ سے دفعتہً وفات پائی۔ یہ علی گڑھ کالج کے پرانے تعلیم یافتوں میں اور اسی تعلق سے کالج کے ان چند طالب علموں میں تھے جنھوں نے مولانا شبلی مرحوم کے درس اور صحبت سے شعر و ادب کا ذوق حاصل کیا تھا۔ مرحوم مولانا کے درس کے اس قسم کے واقعات کو مزے لے لے کر بیان کرتے تھے۔

ہماری زبان میں اس وقت ادبِ لطیف کا جو رواج ہے اس کے پرانے لکھنے والوں میں سب سے پہلا نام سید سجاد حیدر مرحوم کا ہے اور چونکہ قادرِ مطلق کو ان سے یہ کام لینا تھا، اس لئے ان کی زندگی میں

اس کا مناسب سامان پیدا کر دیا تھا یعنی یہ کہ کالج سے نکلنے کے ساتھ ان کو ترکی پڑھنے کا خیال ہوا۔ علی گڈھ مین نواب محمد اسمٰعیل خان صاحب رئیس علی گڈھ کے والد بزرگ وار ہجرت کر کے مکہ معظمہ چلے گئے تھے وہین نواب محمد اسمٰعیل خان صاحب کی تعلیم و تربیت ہوئی۔ اس زمانہ مین ترکی وہان کی سرکاری زبان تھی۔ اس لئے ان کو ترکی بھی پڑھائی گئی۔ اور جب ہندوستان آئے تو وہ ترکی ادب کے گویا نمایندے ہو کر آئے۔ چنانچہ سرسید کے "تماشائے عبرت" مین وہ اسی ہیئت سے اسٹیج پر آئے ہین۔ اور معارف علی گڈھ مین جس کے وہ شریک اڈیٹر تھے، وہی ترکی ادب کی اشاعت کا ذریعہ بنے۔

بہرحال سجاد حیدر مرحوم نے ان ہی سے ترکی زبان سیکھی۔ اور اس کا یہ فائدہ ان کو پہنچا کہ سرکار انگریزی نے ان کو ترکی سفارت خانہ مین لے لیا۔ اور عراق مین ان کا تقرر ہو گیا۔ یہ سنہ ۱۹۰۰ء کے پیش و پیش کا واقعہ ہے۔ جدید ترکی ادب پر فرانسیسی ادب کے بے حد اثرات تھے۔ مرحوم نے ترکی ادب کے ان ہی اثرات کو قبول کیا۔ اور ان کو اردو ادب مین منتقل کیا، اسی زمانے مین سنہ ۱۹۰۰ء سے مخزن لاہور نے جنم لیا تھا۔ مرحوم نے ترکی ادب کا یہ تحفہ عراق سے ہندوستان کو بھیجا۔ اور مخزن کے خوانِ ادب مین یہ شہر بہ شہر ہاتھون ہاتھ بٹا۔ اس کے بعد بھی ترکی کا سفر انھون نے خود کئی دفعہ کیا۔ اور ترکی ادبیات و

رسائل ان کے پاس آیا کرتے تھے۔

ان مضمونون مین وہ شاید سرکاری ملازم ہونے کے سبب سے اپنے نام کے بجائے یلدرم لکھا کرتے تھے۔ جو مشہور ترکی سلطان بایزید کا لقب تھا۔ جس کے معنی بجلی کے ہین۔ چونکہ وہ اپنے دشمنون کی بے خبری مین ان کے سرون پر اس تیزی سے آکر گرتا تھا کہ لوگ اس کو یلدرم کہتے تھے۔

بہرحال سجاد حیدر یلدرم ہماری زبان مین ایک نئی صنف ادب کے بانی تھے۔ اور اس لئے ہماری ادبی تاریخ مین ان کا ایک پایہ ہے۔ وہ کئی ادبی افسانون کے مصنف اور مترجم ہین۔ وہ بڑے متواضع، مرنج و مرنجان، ہنس مکھ، ملنسار، شگفتہ دل، بذلہ سنج، اور شریف و نرم طبع تھے۔ ان کے دوستون کو ان کی یاد بہت آئے گی۔ ان کی وفات کا حادثہ لکھنؤ مین پیش آیا۔ اور وہین کی خاک کے سپرد ہوئے۔ اللہ تعالیٰ ان کی قبر پر اپنے فیضِ کرم کے چھینٹے برسائے۔

شوکت تھانوی

سجّاد حیدر یلدرم

بچپن سے سیّد سجّاد حیدر یلدرم اور نذر سجّاد حیدر صاحبہ کے نام سُنتے چلے آئے تھے۔ مضامین اور افسانے برابر پڑھے تھے۔ مگر ملاقات ہوئی لکھنؤ ریڈیو اسٹیشن پر۔ یوں دیکھ چکے تھے علی گڈھ مین بھی۔

دبلے پتلے۔ دھان پان۔ ترکی ٹوپی پہنے ہوئے گویا مہاتما گاندھی۔ بوڑھے ہو چکے ہین۔ مگر اب تک شرمیلی طبیعت ہے۔ اپنی ادبی خدمات کا شاید احساس ہی نہین، غرور تو دوسری چیز ہے۔ اپنے سامنے کے ادبی بچّوں کا بھی اس انداز سے احترام کرتے ہین گویا آپ خود تو کچھ ہین ہی نہین۔ جو کچھ ہین یہ نئی پود کے برخوردارانِ ادب ہین۔

مختصر افسانہ نگاری کے بانی آدمون مین سے سجّاد حیدر بھی ایک ہین۔ ایک زمانہ مین آپ کی نظمین بھی پڑھی تھین۔ مزاحیہ بھی

اور سنجیدہ بھی مگر اب طرحے سے کچھ نہیں کہتے۔ افسانے لکھنے بھی بہت کم کر دیئے ہیں۔ گویا ادب کے بھی منشتر ہو کر بیٹھ رہے ہیں۔

میں یہ سطریں لکھ ہی چکا تھا کہ سجاد حیدر یلدرم کے سفر آخرت کی خبر بھی سن لی۔ افسانہ نگار خود افسانہ بن کر رہ گیا ——————

انا للہ وانا الیہ راجعون۔

یادِ بلدرم

آہ سجّاد حیدر بلدرم

ادب چمن ہے تو اس کی بہار تھا سجّاد
عروسِ علم و ہنر کا سنگار تھا سجّاد

لطیفِ صنفِ ادب کے ہیں آج سب قائل
لطیف صنف کا پروردگار تھا سجّاد

ادب کے باغ میں یوں تو بہت ہیں لالہ و گل
مثالِ فوجِ نسیمِ بہار تھا سجّاد

گرچہ اہلِ قلم کو کہیں ادب کو لڑی
تو اس لڑی میں دُرِ شاہوار تھا سجّاد

بڑھا وہ مرکبِ شہرت پہ یوں کہ گر نہ سکا
رہِ ادب کا عجب شہسوار تھا سجّاد

نئے پرانے سب ہی اہلِ علم مان گئے
ادب میں وہ زرِ کامل عیار تھا سجّاد

وہ اس کا طرزِ نگارش کہ دل میں گھر کر لے
ادیب تھا کہ کوئی سحر کار تھا سجّاد

ادب میں اس کی اور چمک نہ ہو کیوں کر — کہ ترجمان دلِ بے قرار تھا سجّاد
زبان کو رنگ رنگ کو زبان بخشی — فسوں طراز تھا سحر نگار تھا سجاد
اگرچہ پیر تھا وہ تھا ادب جوان اس کا — خزاں میں مثلِ گلِ نو بہار تھا سجّاد
حسین ادب تھا حسین تر تھی زندگی اس کی — ادب کا آپ خود آئینہ دار تھا سجّاد
ادیب تھا اور ادیبوں کا سرپرست بھی تھا — ثبوت یہ ہے مرا غم گسار تھا سجّاد

جلیل اس کی میں رحلت پہ خون کے آنسو
نہ کیوں بہاؤں کہ یاروں کا یار تھا سجّاد

جلیل قدوائی ایم اے
شعبۂ اردو جامعہ علی گڑھ

سجّاد حیدر مرحوم

دلی تاسف کے ساتھ یہ خبر پڑھنے میں آئی کہ سید سجّاد حیدر بی اے کا لکھنؤ میں ۱۲۔ اپریل (۱۹۴۲ء) کو دفعتہً انتقال ہو گیا۔ ایک زمانہ میں اُردو کے مشہور لکھنے والے تھے۔ انگریزی میں بھی کبھی کبھی لکھتے رہے۔ قلمی نام "یلدرم" تھا۔ ترکوں کے عاشق تھے۔ ساتھ ہی اقبال کے بھی پرستار تھے۔ اُردو میں لکھتے اس وقت سے تھے جب ان سطور کے راقم کو (بہ محاورۂ عام) قلم پکڑنے کی بھی تمیز نہ تھی۔ اس نے بھی ادب میں اچھا خاصہ استفادہ سید صاحب کی تحریروں سے کیا۔ ایک زمانہ میں مذہب سے بہت ہٹے ہوئے تھے۔ لیکن مہذب، شائستہ، نستعلیق اس وقت بھی رہے۔ بدزبانی، دل آزاری اس وقت بھی روا نہ رکھی۔ اب تو ماشاء اللہ خاصے مذہبی ہو گئے تھے۔ کئی سال ہوئے حج بھی کر آئے تھے۔ اور خانۂ کعبہ پر ایک نظم بھی لکھ لائے تھے۔ عموماً شعر نہ کہتے بس ایسے ہی تاثر کے موقع پر لکھ لیتے۔ لے دے کے ایک تجدد کا اثر اب بھی باقی رہ گیا تھا۔ حق تعالیٰ سے دعا ہے کہ اپنی رحمت کے سایہ میں لے اور لغزشوں پر خطِ عفو پھیر دے۔

شادی خاندان سے باہر ایسی خاتون سے کی تھی جو اپنے

زمانہ میں ایک مضمون نگار تھیں۔

مولانا عبدالماجد دریابادی
صدق ۲۶۔ اپریل ۱۹۴۳ء

ایک ادبی سانحہ

سید سجاد حیدر یلدرم، ہندوستان کے وسطی ادبی دور کے مشہور انشا پرداز نے یہیں لکھنؤ میں انتقال کیا۔ اور اس طرح کہ کسی کو خبر بھی نہ ہوئی۔ مرحوم یوں تو عرصہ سے ذیابیطس کے مرض میں مبتلا تھے لیکن ان کی مرنج و مرنجان فطرت نے انھیں عمر طبیعی سے پہلے جانے نہ دیا۔ اور وہ گئے بھی تو قلب کی حرکت بند ہو جانے سے، جو موت کا غالباً واحد ادبی پہلو ہے۔

نیاز فتح پوری
نگار۔ مئی ۱۹۴۳ء

کمالِ یلدرم

ادبِ لطیف کا پیش رو

آج کل رنگ و بو کی دنیا "ادبِ لطیف" پر مٹ رہی ہے۔ پیرس کی نازنین نے ایک عالم کو اپنی عشوہ گری سے مسحور کر رکھا ہے۔ مشرقی زبانوں میں فرانسیسی نزاکت کا بار جس نے پہلے اٹھایا وہ مشرق کا وہ سپاہی ہے جس کا کم از کم تین سو برس سے یورپ کے مشقِ ناز کا نشانہ ہے یعنی ترک۔ ترکوں نے جب بیداری کی نئی کروٹ لی تو پیرس ہی کی محبوبہ کو پہلو میں پایا۔ اس لئے فرانسیسی ہی کی تعلیم ان میں پھیلی اور اس سے نئی ترکی زبان پر فرانسیسی ادب کا گہرا اثر پڑا۔ ہندوستان کی تقدیر نے سجاد حیدر ایک علیگ طالب علم کو ترکی پڑھوایا اور اس لگاؤ سے ترکی سلطنت میں برطانوی سفارت کے لئے

کارآمد ٹھیرایا۔ اس نے "زبانی قرب" کے ساتھ اس کو ترکوں کا مکانی قرب بھی بخشا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ یلدرم بن کر آج سے پینتیس برس پہلے ترکی مفتوحات کو ہندوستانی مفتوحات کی صورت میں بدلنا شروع کیا۔ اور یہ پہلا موقع ہے جس میں ہماری زبان نے اس "ادب لطیف" کے نمونے دیکھے جن کی مسخ شدہ تصویریں آج ہر اردو رسالے کے صفحات پر نظر آتی ہیں۔

مولانا سید سلیمان ندوی

مقدمہ مکتوبات مہدی

رشک اور ادبیت

سید سجاد حیدر کی جگہ کا بھی حریص نہیں ہوں۔ اور ہمدردی تو اس خبر وحشت اثر کو سنتے ہی اظہار افسوس بھی کر دیا تھا۔ وہ ایک مردہ علی گڈھ میں ایک ادبی شہرت رکھتا ہے اس تک کو وہاں رکھنا لوگوں کو گوارا نہیں۔ تاہم مجھے ان کی تنخواہ پر رشک نہیں۔ ان کی ادبیت پر رشک ہے۔ لیکن وہ ادب کے لئے وضع کئے گئے تھے اور ہم

بے ادبی کے لیے ؎

ما و مجنون ہم سبق بودیم در دیوانِ عشق
او بہ صحرا رفت و ما در کوچہ ہا رسوا شدیم

مین نے ہمدرد جاری کرتے وقت انھین اس کی ایڈیٹری کی دعوت دی تھی مگر وہ قبول نہ ہوئی . . . . .

مولانا محمد علی

ہمدرد ۲۱ - اپریل ۱۹۲۸ء

جدّت اور اچھوتا پن

سیّد سجّاد حیدر یلدرم کی طرزِ تحریر مین جو بات ہمین سب سے زیادہ پسند وہ اس کی جدّت اور اچھوتا پن ہے۔ جب کبھی وہ کچھ لکھتے ہین، نظم ہو یا نثر اس مین ایک انداز خاص ہوتا ہے جس کا لطف جاننے والے جانتے ہین۔ مگر یہ محبت والفت کا فسانہ (خارستان و گلستان) جس کی تلخیص کے لئے ہم ان کے ممنون ہین، ان کی روش کے اعتبار سے بھی زمانے جنگ کا ہے تخیل کا جو کمال اس مین دکھایا گیا ہے بہت کم

دیکھنے مین آتا ہے۔

سر عبدالقادر
مخزن جون ۱۹۰۶ء

اُردو کا الن پو

قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ اُردو زبان مین مختصر افسانہ انگریزی زبان سے آیا ہوگا۔ مولانا وحید الدین سلیم پانی پتی کا خیال ہے کہ غالباً سب سے پہلے اودھ اخبار مین مختصر افسانون کے تراجم شائع ہوئے اور بعد مین خود ان کے رسالہ معارف مین جس کا ہم نام اب اعظم گڈھ سے شائع ہوتا ہے، سید سجاد حیدر یلدرم نے بھی کچھ افسانے لکھے۔ اس لحاظ سے شاید ہم یہ کہنے مین حق بجانب ہون گے کہ جس طرح دُنیائے مغرب مین پو کو مختصر افسانہ نویسی کا موجد کہا گیا ہے، سید سجاد حیدر اُردو زبان مین طرزِ جدید کے مختصر افسانے لکھنے والے پہلے شخص ہین۔

شمس العلماء تاجور نجیب آبادی
مقدمہ "منتخب افسانے"

نشتریت

سید سجاد حیدر نثر افسانہ نما خوب لکھتے ہین ۔ عبارت بہت دل فریب اور اس مین ایک خاص نشتریت ہوتی ہے ۔ ترکی جانتے ہین اور ایک ترکی ڈرامہ موسوم بہ خوارزم شاہ کا اُردو مین ترجمہ کیا ہے ۔

رام بابو سکسینہ
تاریخ ادبِ اُردو

فنی کارنامہ

ہم نے لیلیٰ و مجنون کے افسانے کو کئی بار پڑھا ہوگا مگر سجاد حیدر یلدرم جب اس قصے کے قدیم چوکھٹے مین نئی تہذیب کی تصویرین پہناتے اور ہمارے سامنے پیش کرتے ہین تو ہماری نظرین عجیب حیرت و استعجاب سے اس پر گڑ جاتی ہین ۔ اور اختتام تک وہان سے ہٹنے کا نام نہین لیتین ۔

لیلیٰ کا ناقہ محمل سے اُگتا کر موٹر میں تفریح اُڑانا مجنون کا بائیسکل پر سوار ہو کر نجد کی گلیوں میں مارا مارا پھرنا، خارِ مغیلاں کی قدیم عداوت کا نئی شکل میں نمودار ہونا، یہ تمام ایسے واقعات ہیں جن کو پڑھ کر ہم بے ساختہ کہہ اُٹھتے ہیں کہ "یہ فنی کارنامہ ہے!"

پریم چند اور سدرشن دونوں کے قصوں میں مقامی رنگ کی بہترین جھلکیں موجود ہیں جس سے نیاز کے اگلے اور سجاد حیدر یلدرم کے اکثر قصے خالی نظر آتے ہیں۔ اسی طرح اوّل الذکر قصہ نگاروں پر روحانیت اسی قدر زیادہ غالب ہے لیکن ہر ایک کی دلچسپی اسی سے مخصوص ہے۔

جو اسلوب نیاز اور سجاد حیدر نے اپنے قصوں کے لئے انتخاب کیا وہ اس قسم کے قصے کے لئے نہایت موزوں ہے۔ اگر کبھی کبھی صداقت افسانے سے زیادہ تعجب خیز ہوتی ہے تو افسانے صداقت سے زیادہ دلچسپ بھی۔ اور یہی قول نیاز اور سجاد حیدر کے قصوں پر صادق آتا ہے۔ ان کی پیدا کردہ رومانی فضا میں ہم صداقت کی کمی محسوس کرنا بالکل بھول جاتے ہیں۔ اور یہی سب سے زیادہ تعریف کسی ادبی کارنامے کی ہو سکتی ہے کہ جب وہ سامنے ہو تو کوئی دوسری شئے سامنے نہ ہو ..... نیاز اور سجاد حیدر کے قصوں سے نہایت بلند تخیل کا ثبوت ملتا ہے۔ نیاز نے کیوپڈ اور سائکی ہی میں جہاں سائکی کی اس حالت کا نقشہ دکھایا ہے جس میں کسی چاہنے والے کے نہ ہونے کے غم میں وہ خود فراموش ہو جاتی ہے، ایک فنی شہ پارہ ہے۔

اسی ایک واقعہ سے نیاز کے "تصویری بیانات" کا بھی ثبوت ملتا ہے ——
سجاد حیدر یلدرم نے بھی "خیالستان" مین ایک بہترین تخیلی تصویر ایسی لڑکی کی کھینچی ہے جس کو محبت کرنے والے کی تلاش ہے۔ اس خاص نقطۂ نظر سے سجاد حیدر کے بیانات آگے نکل جاتے ہین سجاد حیدر یلدرم کے اکثر قصے اس امر کے ثبوت مین پیش کئے جا سکتے ہین کہ مستقل مضامین اور قصے جب ایک کامل فن کے ہاتھ لگتے ہین تو ادب کے لئے کیونکر مایۂ ناز بن جاتے ہین ؎

مُردہ بھی بولتا ہے مسیحا کے ہاتھ مین!

مگر اس خصوصیت مین نیاز بھی ان کے ساتھ شریک ہو جاتے ہین کہ ان کے غیر زبانون کے ترجمے بعض وقت اصل سے بھی آگے نکل جاتے ہین۔ . . . . . سدرشن اور پریم چند قارئین کو مسرور ضرور کرتے ہین لیکن پڑھنے والون کو ادبی نزاکتون سے مخمور بنا دینا نیاز اور سجاد حیدر کا کام ہے۔

عبدالقادر سروری
دُنیائے افسانہ

مخصوص اندازِ بیان

سید سجاد حیدر صاحب یلدرم اپنے ترکی ترجمون کی وجہ سے ملک مین

کافی شہرت رکھتے ہین۔ نامق کمال بک کے ترکی ڈرامے "جلال الدین خوارزم شاہ" کا اُردو مین ترجمہ کیا۔ نامق کمال بک ترکی ادبیات جدید کے زندہ جاوید بانیون مین سے ہے۔ ترکی زبان اور انداز بلدرم کا اپنا مخصوص ہے۔

سیّد بادشاہ حسین

اُردو مین ڈرامہ نگاری

چار درویش

حیدر حسن۔ سجّاد حیدر۔ اور محمد حیات (سر سکندر حیات خان کے والد) تینون بی۔ اے مین تھے۔ سجّاد حیدر انگریزی اور اُردو دونون بڑی اچھی لکھتے اور بولتے تھے۔ انشا پردازی کی سُنہری لڑیون مین موقع محل سے ہمیشہ لطافت اور بذلہ سنجی کے موتی پروتے تھے۔ مطالعہ کا دائرہ بہت وسیع تھا۔

سر سیّد رضا علی

اعمال نامہ

اُردو علمِ ادب کی جان

اس زمانے مین سیّد سجاد حیدر صاحب یلدرم نواب محسن الملک بہادر بایون کہو کہ سکریٹری صاحب کے پرائیویٹ سکریٹری تھے۔ صاحب موصوف کی ذہانت کی کالج مین شہرت تھی۔ بدن مین پھرتی اور چہرے پر شگفتگی تھی۔ سوٹ پہنتے اور بلا تیلیون کی ناک پکڑنے والی عینک لگاتے تھے۔ اور شوقِ تحریر مضامین مین گھلے جاتے تھے ..... لوگ کہتے ہین کہ ان کے بعض ناول اُردو علمِ ادب کی جان ہین۔

غلام پنجتن

علیگیات

طرزِ انشا کے پاکیزہ نمونے

اُردو زبان کے محسن اور ہماری یونیورسٹی کے مشہور ادیب

سید سجاد حیدر بی اے ان زندہ دل بزرگون مین سے ہین جو اپنے چند در چند مشاغل اور کثرتِ کار کے باوجود ادبِ اُردو سے جیتے جی دست بردار نہین ہو سکتے۔ ان کا ذوقِ ادب ہر مرتبہ کوئی نہ کوئی نیا میدانِ عمل تلاش کر لیتا ہے۔ زمانہ جانتا ہے کہ اُردو زبان مین ادبِ لطیف کا رنگ انھین کا جمایا ہوا ہے۔ اس وقت ملک مین جتنے نمونے ادبِ لطیف کے موجود ہین ممکن ہے ان کے متعلق اختلافِ آرا ہو سکے لیکن سید صاحب کی تصانیف کے متعلق کبھی دو رائین نہین ہو سکتین۔ ان کے طرزِ انشا کے جتنے پاکیزہ نمونے اب تک ملک مین پیش کیے گئے ہین سب مین ان کے حُسنِ خیال اور ندرتِ احساس کی جھلک ہے۔ ان کا ذوقِ صحیح انھین کبھی عام راستے پر نہین چلنے دیتا۔ وہ ہر مرتبہ ایک نرالی شان سے جلوہ آرا ہوتے ہین۔ ترکی ترجمون مین انھین جو مہارت ہے اس کی بنا پر مشہور ہے کہ "خیالستان" کے "خارستان و گلستان" ترکی زبان مین اس قدر شگفتہ و دل کش نہین جتنے دل چسپ انھون نے ترجمہ کر کے ہمارے لئے بنائے ہین۔

اڈیٹر علی گڈھ میگزین

مارچ۔ اپریل مئی ۱۹۲۶ء

برجستگی اور ندرت

جن لوگون نے کامیابی کے ساتھ اُردو مین دوسری زبانون کے افسانون کو ترجمہ کرکے اس ادب کو گران بہا بنانے کی کوشش کی ہے ان کی فہرست مین سجّاد حیدر کا نام زرین الفاظ مین لکھے جانے کے قابل ہے۔ غالباً وہ پہلے شخص ہین جنھون نے اس سلسلہ کی بنیاد ڈالنے کی کوشش کی ہے۔ انھون نے سب سے پہلے اُردو مین ترکی افسانون کا ترجمہ کرنا شروع کیا۔ ترکی تخیل کو اُردو کے پیرایہ مین اس طرح منتقل کیا ہے کہ ترجمہ مین اصل کی شان آگئی ہے۔ ترکی طرزِ معاشرت و حُسن ادا کو اُردو کی دُنیا مین مانوس ہونے کے لئے آپ نے اکثر اُردو ترکیبون مین اجتہاد سے کام لیا ہے۔ اور خوشی یہ ہے کہ بیشتر مقامات پر ان کو ایسی اثر پذیر کامیابی ہوئی ہے کہ اس خدمت کو اُردو ادب مین ایک اضافہ کہا جائے تو بیجا نہ ہوگا۔ مگر کبھی کبھی اپنے لطیف جذبات کو بیان کرنے کے لئے ایسی ایسی ترکیبین اور الفاظ استعمال کر جاتے ہین جو سُننے والے کو غیر مانوس معلوم ہوتے ہین۔

ترکی ترجمون کی کثرت کا یہ نتیجہ ہوا کہ سجّاد حیدر صاحب کے طبع زاد افسانون مین بھی ترکی افسانون کی رومانیت جا بجا

نظر آنے لگی۔ آپ کے ترجموں میں وہ برجستگی اور ندرت ہوتی ہے کہ وہ بذاتِ خود ایک تصنیف کا مرتبہ حاصل کر لیتے ہیں۔ پڑھنے والے کو یہ محسوس نہیں ہوتا کہ یہ ترجمہ ہے یا کسی کے ذاتی تخیل کا نتیجہ۔ ایک تو الفاظ کا انتخاب عمدہ اور پھر ان کو نہایت موزوں جگہ سے ترتیب دینا یہ موصوف کا وہ کرشمہ ہے جو ان کی نثر میں شاعری کا مزہ پیدا کر دیتا ہے جہاں جہاں یہ خوبی پیدا ہو گئی ہے، اس نے افسانوں کو جنت نگاہ اور عبارت کو فردوسِ ہوش بنا دیا ہے۔ سجّاد حیدر صاحب کے طبع زاد افسانوں میں اکثر حیاتِ انسانی کی نفسیاتی تحلیل ہوتی ہے۔ اور ان کو دیکھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ موصوف کو حیات و جذبات انسانی کی نقاب کشائی میں خاص ملکہ ہے جس کو ان کی افسانہ نویسی کا ایک خاص جزو سمجھنا چاہیئے۔ وہ اپنے افسانوں میں نفسیات کی ان خشک بحثوں میں نہیں پڑتے جو ایک فلاسفر کو دُنیا کا خشک ترین انسان بنا دیتا ہے۔ سجاد حیدر صاحب کے یہاں کبھی فطرتِ انسانی کا مطالعہ اس لطیف طرز پر ہوتا ہے کہ قلب میں ایک انبساطی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے تو کبھی کردار افسانہ سے وہ اٹھکھیلیاں ہوتی ہیں کہ تبسم کی لہریں قہقہوں سے بدل جاتی ہیں۔

ان کے افسانوں کا مجموعہ "خیالستان" دنیائے اُردو میں کافی ہر دلعزیزی حاصل کر چکا ہے۔ جس میں کچھ افسانے تو ترکی ادب سے آئے ہیں اور کچھ انگریزی سے لیکن زیادہ تعداد طبع زاد افسانوں کی ہے۔

طبع زاد افسانون کی خوبیون کے انبار مین ایک خرابی بھی نظر آتی ہے کبھی کبھی افسانہ افسانہ ہی ہو کر رہ جاتا ہے یعنی اصلیت اور واقعہ دونون مشکوک نظر آتے ہین۔ بہر حال "خیالستان" کے محاسن اتنے ہین کہ زمین دار اخبار کی رائے ہے کہ:

"اردو زبان کی ادبیات لطیف مین "خیالستان" سے بہتر کتاب نہین"

اس مجموعہ کے علاوہ ان کی ایک ناول زہرہ ہے جو بہت مشہور و قابل دید ہے۔ یہ ہرکی قصہ کا آزاد ترجمہ ہے لیکن بہت عمدہ ہے۔

سید اعجاز حسین ایم اے
مختصر تاریخ ادب اردو

بلندیٔ تخیل اور زورِ بیان

آپ کے افسانون کا مجموعہ "خیالستان" کے نام سے دنیائے ادب مین کافی شہرت حاصل کر چکا ہے۔ اس مین کچھ افسانے تو ترکی افسانون کے ترجمے ہین، کچھ انگریزی کے اور کچھ طبع زاد ہین۔

حضرت نیاز کی طرح سجاد صاحب بھی خیالی پیکر بنانے میں خاص کمال رکھتے ہیں۔ جذبات نگاری میں بھی آپ کا مرتبہ کافی بلند ہے۔ وہ افسانے جو غیر زبانوں سے ترجمہ ہوئے ہیں وہ اپنی بلندی تخیل اور زور بیان کے لحاظ سے اکثر اصل افسانوں سے بھی بڑھ گئے ہیں۔ اور لطف یہ کہ ترجمہ اس سلیقے سے ہوا ہے کہ کہیں ترجمہ کا گمان نہیں ہوتا۔

صغیر احمد جان ایم اے
تحریر ادب

کلامِ یلدرم

"سید سجاد نثر شعر نما خوب لکھتے ہیں، عبارت دل فریب اور اس میں ایک خاص نشتریت ہوتی ہے"[1] یہ تاریخ ادب اُردو کے ایک مورخ کی رائے ہے اور سجاد حیدر یلدرم مرحوم کی تحریروں کے مداحوں کو بھی اس رائے سے پورا پورا اتفاق ہے، لیکن ان کے کم مداحوں کو یہ معلوم ہے کہ یلدرم شعر بھی کہتے ہیں جس میں ان کی مخصوص نشتریت ایک نئے رنگ میں جلوہ گر نظر آتی ہے۔

اُردو کے ایک مشہور مذاحیہ نگار نے یلدرم مرحوم کو ان کے آخری زمانے میں دیکھا ہے، لکھتے ہیں: "بوڑھے ہو چکے ہیں، مگر اب تک شرمیلی طبیعت ہے اپنی ادبی خدمات کا شاید احساس ہی نہیں، غرور تو دوسری چیز ہے"[2]

---

[1] بابو سکسینہ، تاریخ ادب اُردو۔ [2] شوکت تھانوی: شیش محل ص ۱۵۳

یہی افتادِ طبیعت تھی جس کی وجہ سے غالباً یلدرم نے کبھی اپنے کلام کا مجموعہ شائع کرنے کا ارادہ نہیں کیا، اور تک بندوں اور قافیہ پیماؤں کی طرح صاحب دیوان ہونے کی ہوس انھیں دامن گیر نہ ہوئی، ان کے کلام کا یہ مختصر سا مجموعہ مختلف رسائل کے سینکڑوں اوراق گردانی کا نتیجہ ہے۔ بہت ممکن ہے ان کا اور بہت سا کلام ان کی بعض نثری تصانیف کی طرح ابھی غیر مطبوعہ حالت میں موجود ہو، تاہم جو کچھ قابل حصول تھا اسی کو یلدرم کے شاعرانہ کمال کے اعتراف اور ایک ادبی یادگار کی حیثیت سے شائع کیا جا رہا ہے۔

یلدرم "عموماً شعر نہ کہتے، بس ایسے ہی تاثر کے موقع پر کہہ لیتے"[1]۔ یہ اُردو کے ایک مسلّمہ ادیب کی رائے ہے اور یلدرم کی پوری شاعری اس کی گواہ۔ ان کی شاعری دلی تاثرات اور احساسات کا ایک جیتا جاگتا مجموعہ ہے، تک بندی، قافیہ پیمائی یلدرم کا کبھی شعار نہیں رہا، آورد کے عیب سے ان کی شاعری ہمیشہ پاک رہی۔

"سید سجاد حیدر صاحب اس معنی میں شاعر نہیں تھے کہ وہ بڑے بڑے مشاعروں میں دادِ سخن حاصل کرتے اور صاحب دیوان ہوتے، لیکن اس معنی میں شاعر ضرور تھے کہ شعر کہتے اور اچھا شعر کہتے تھے، ان کا توسنِ طبع جس طرح نثر میں شوخ و طرار تھا اسی طرح نظم میں بھی ہوا سے باتیں کرتا تھا"[2]۔

اس مشاعرہ بازی سے گریز کے سلسلہ میں لکھنؤ ٹریننگ کالج کے مشاعرہ کی

---

[1] مولانا عبدالماجد دریابادی: صدق، ۲۶ اپریل ۴۳ء۔

[2] پرنسپل مشتاق احمد زاہدی: سجاد حیدر بحیثیت شاعر۔ ادیب۔ ستمبر ۴۳ء۔

صدارتی نظم بلدرم کی افتادِ طبیعت پر کافی روشنی ڈالتی ہے۔ اس نظم سے ایک طرف یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ بلدرم کو اپنی نثر کا احساس تو تھا لیکن اپنی شاعری کا اعتراف نہ تھا، اپنے مخصوص منکسرانہ انداز میں فرماتے ہیں:

لیکن نہیں شاعری کا دعویٰ ہاں نثر میں کچھ کیا ہے تحریر
یہ شوخیٔ تحقیق ہے ورنہ کیا ہیچ مداں کی ہیچ تحریر

"نوجوان ہیں" میں بھی بلدرم نے یہی پیغام دیا ہے کہ نوجوان تک بندی کو اپنا شعار بنا کر میدانِ عمل سے نہ ہٹ جائیں۔

اس مجموعہ کی پہلی نظم "مرزا پھویا" ہے جو خیالستان سے لی گئی ہے۔ یہ بلدرم کے طالب علمی کے زمانے کی پیداوار ہے، اور علی گڈھ کی طالب علمانہ زندگی کا ایک دلچسپ مرقع ہے، اس کی شان نزول کے متعلق سجاد کے ایک ہم درس اور ہم سن دوست زاہدی صاحب کا بیان سنیئے:

"یہ نظم شروع میں "تفنن طبع" ایک دو ورقی اخبار میں نکلی تھی۔ یہ اخبار علی گڈھ کالج میں خفیہ طور پر طلبا کے تفنن طبع کے لئے وقتاً فوقتاً نکلا کرتا تھا، کبھی دستی لکھا ہوا اور کبھی چھپا ہوا..... اس نظم میں لکھنؤ کے ایک نوجوان علی گڈھ کالج میں نئے نئے داخل ہو کر اپنے گھر خط لکھتے ہوئے کالج کی زندگی کے مصائب کا رونا روتے دکھائے گئے ہیں۔ ان نوجوان صاحب کی نظمی تصویر جو سجاد حیدر صاحب نے کھینچی ہے وہ "مرزا پھویا" کے نام ہی سے ظاہر ہو جاتی ہے۔ یہ "مرزا پھویا" کالج میں

"خالہ اماں" کہلاتے تھے، کیونکہ جس دن پہلی دفعہ یہ اکے سے اتر کر بورڈنگ میں داخل ہوئے ہیں تو حضرت ڈھیلا پاجامہ پہنے ہوئے تھے اور پاؤں میں گھیتلی جوتی اور لطف یہ ہے کہ ہاتھ میں ایک پاندان لٹکائے ہوئے تھے۔ اس ہیئت کذائی کو دیکھتے ہی یار لوگوں نے ان پر خالہ اماں کی پھبتی کہہ دی، جو ہمیشہ کے لئے چپک کر رہ گئی۔ مگر سید صاحب نے اپنی نظم میں ان کو "میرزا پھویا" کا خطاب دے کر ان کے حلیے کو بدل دیا۔ ان صاحب کا نام ظاہر کرنا مناسب نہیں۔ صرف اتنا اتا پتا کافی ہے کہ وہ ہمارے مشہور قومی کارکنان میں سے ہیں۔ ایک زمانے میں جیل کی ہوا کھا آئے ہیں۔ مزدوروں کے زبردست حامی ہیں اور ہندوستان کے مشہور شاعروں میں سے ہیں۔ اگرچہ وہ بہت مال دار نہیں ہیں اور اس لئے جاہ پرست ان کو لیڈر نہیں مانتے، لیکن ان کو لیڈر بننے کی حسرت بھی نہیں"[1]

اس "حسرت" کے بعد اور کیا اتا پتا بتایا جا سکتا ہے!

اس مجموعہ کی دوسری نظم "شملہ کالکا ریلوے اسٹیشن پر ایک نظارہ" یلدرم کی بہت مشہور نظم ہے، اور واقعہ یہ ہے کہ جاپانی مصوری کی طرح چند ٹیڑھے ٹیڑھے خطوط میں ایک چوکڑیاں بھرتے بے چین و

---

[1] ادیب ستمبر ۱۹۲۳ء

مضطر آہو کی زندہ تصویر کھینچ کر رکھ دی ہے۔ پہلی دفعہ یہ نظم علی گڈھ میگزین میں شائع ہوئی تو رشید احمد صدیقی نے اس تاثر کی شدت کو دیکھ کر کتنے اشتیاق سے لکھا تھا:

"... علی گڈھ میگزین کی جدید ترین اشاعت میں شملہ کا لکا ریلوے اسٹیشن پر ایک نظارہ" دیکھ کر معلوم ہوا کہ ہنوز سید صاحب "ریل" پر "آہو" دیکھ لیا کرتے ہیں، اس لئے عجب نہیں کہ موصوف صرف تھوڑی سی کوشش فرما کر "حضرت دل کی سوانح عمری" از سر نو جدید حالات و حوادث کے ماتحت مرتب کر سکیں"۔[1]

کچھ اسی قسم کی نظم "دیکھا نظارہ ہم نے تمہارا" بھی ہے۔

ایک نظم کا عنوان ہے "نغمۂ مسرت" اس کے تیسرے بند کے بارے میں جلیل احمد قدوائی کی ذاتی رائے یہ ہے کہ یہ اس "دیار مصور" بلدۂ شعر و موسیقی، لاہور کو پیش نظر رکھ لکھا گیا ہے"۔[2]

بہر حال ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ نظم کسی دوست کی شادی کی تقریب میں لکھی گئی ہے لیکن الفاظ کی نشست، ترکیبوں کی بندش، خیال کی ندرت، جاپانی مصوری کی طرح چند خطوط میں منظر نگاری، اور سب سے بڑھ کر بے ساختگی اور ترنم نے اس نظم میں ایک عجیب

---

[1] سہیل ستمبر ۱۹۲۶ء۔ [2] نیرنگ خیال، سالنامہ ۱۹۳۸ء۔

کیفیت پیدا کر دی ہے۔

دوستوں کی خوشیوں، اور مخصوص تقاریب کے سلسلہ سید صاحب نے جو نظمیں کہیں، ان کے ذیل میں "نذرِ خواجگان" اور ایک "بت پرست محمود" آجاتی ہیں، اس آخری نظم کے متعلق علی گڈھ میگزین کے مدیر نے کتنی سچی بات کہی ہے:۔

"مکرمی سجاد صاحب یلدرم اُردو انشاء پردازی کے علاوہ نظم میں بھی طرزِ بیان کے موجد ہیں، یہ نظم انھوں نے مکرمی خواجہ غلام السیدین صاحب کی شادی میں لکھی تھی، اس نظم سے وہی لوگ زیادہ محظوظ ہو سکتے ہیں جو سجاد صاحب کے بے تکلفانہ اندازِ بیان، ندرتِ تخیل، ازدواجی زندگی کے مسئلہ پر سیدین صاحب کی ذاتی رائے، اور اس وقت کی مقامی فضا سے کافی آشنا ہوں۔"[1]

نواب صاحب چھتاری کے نام جو تہنیت نامہ لکھا گیا ہے، وہ کوئی پیشہ ورانہ قصیدہ نہیں، اقبال کی طرح امیروں کی مدح پیرائی یلدرم کا شعار نہیں، یلدرم نے نواب صاحب کو چند مخلصانہ نصیحتیں کی ہیں، بہ قول زاہدی صاحب "سنا گیا ہے کہ نواب صاحب والاشان نے ان اشعار کو خوش خط لکھوا کر اپنے کمرے میں نصب کر رکھا ہے، حقیقت میں سید صاحب نے جو نصیحت کی ہے وہ سونے کے حرفوں میں

---

[1] علی گڈھ میگزین، جلد ۸، شمارہ ۱ و ۲ و ۳۔

لکھنے کے قابل ہے۔"

ایک اور نظم ہے "دعا" جو ایک ناکتخدا عزیزہ کے آٹوگراف البم میں لکھی گئی تھی، خیال کیجئے ایک ناکتخدا عزیزہ کو اس سے بہتر اور کیا دعا دی جا سکتی ہے، غالباً یہ عزیزہ وہی ثروت آرا مرحومہ ہیں جن کا دردناک مرثیہ اس مجموعہ میں شامل ہے۔ اسی طرح سر محمد یعقوب کا مرثیہ بھی "ایک ہم دم دیرینہ کی یاد میں" سجاد کے دلی جذبات کا آئینہ اور ایک سوگوار دل کا صدائے نالہ ہے۔

"ہندوستان کی تقدیر نے سجاد حیدر ایک علیگ طالب علم کو ترکی پڑھوایا اور اس لگاؤ سے ترکی سلطنت میں برطانوی سفارت کے لئے کارآمد ٹھیرایا۔ اس نے زمانی قرب کے ساتھ اس کو مکانی قرب بھی بخشا، نتیجہ یہ ہوا کہ یلدرم بن کر آج پینتیس برس پہلے ترکی مفتوحات کو ہندوستانی مفتوحات کی صورت میں بدلنا شروع کیا، اور یہ پہلا موقع ہے جس میں ہماری زبان نے اس "ادب لطیف" کے نمونے دیکھے جن کی مسخ شدہ تصویریں آج ہر اردو رسالے کے صفحوں پر نظر آتے ہیں۔"[1]

ان ترکی مفتوحات میں متعدد اعلیٰ درجے کے افسانوں،

---

[1] مولانا سید سلیمان ندوی، مقدمہ مکتوبات مہدی ص ۸ و ۹۔

ناولوں اور ڈراموں کے علاوہ دو ترکی نظمیں "ترانۂ شوق" اور "بلبل" بھی ہیں۔ ان کے سوا طارق کے کچھ منظوم خصص بھی ہیں، افسوس ہے ان کا یہ ڈرامہ ان کے سانحۂ ارتحال کی وجہ سے نگار میں چھپتے چھپتے ناتمام رہ گیا۔

ملازمت کے سلسلہ میں یلدرم کچھ عرصے کے لئے جزائر انڈمن میں بھی رہے ہیں، یہ مقام گورے آدمیوں کے لئے جنت اور ہندوستانی کالے کلوؤں کے لئے منحوس زندان ہے، یہاں سے ایک نظم لکھی ہے "قیدِ خود اختیاری" اس کے بارے میں جلیل احمد قدوائی کو ایک خط میں لکھتے ہیں:

"ڈیر جلیل ۔ یہ تو آپ سن ہی چکے ہونگے کہ میں نے ہندوستان پھر چھوڑ دیا، دو برس کے لئے جلاوطنی اختیار کرلی، یہاں فرصت بھی ہے اور تنہائی، اس لئے کبھی کبھی شعر بھی کہہ لئے جاتے ہیں، چنانچہ یہاں پہنچ کر جو لکھا ہے اس میں سے کچھ پیش کرتا ہوں[1]"

سجاد حیدر یلدرم کی ادبیت، اور علی گڈھ مسلم یونیورسٹی کی ناقدری کا ماتم کرتے ہوئے یلدرم کے ایک اور نامور ہم درس نے

---

[1] ۔ سید سجاد حیدر یلدرم کے خطوط، ہمایوں ۔ جولائی ۱۹۴۳ء۔

شکوہ کیا ہے:

"سجاد حیدر کی موت اس دردناک حقیقت کو یاد دلاتی ہے کہ علی گڈھ میں علمی ذوق کی قدر کبھی نہیں ہوئی"[1]

خود یلدرم نے بھی اپنے ایک خط میں اس بدمذاقی کی شکایت کی ہے:

"علی گڈھ میں اردو کے ایم اے اور آنرز کی کلاس کھلنا علی گڈھ کی روایات کے عین مطابق ہوگا، اور وہ دن بہت مبارک ہوگا جب ایسا ہو رہا آپ احباب کی یہ کوشش کہ مجھے علی گڈھ دوبارہ بلائیں، مجھے اس کی کامیابی میں شبہ ہے، خداوندانِ یونیورسٹی ع[2]

ملاتے ہیں اسی کو خاک میں جو دل سے ملتا ہے"

"علی گڈھ مسلم یونیورسٹی" والی نظم میں اسی بدمذاقی، اور ہماری قومی بے حمیتی کا نقشہ کھینچا ہے، لیکن یہ واقعہ ہے کہ ایسا طرزِ عمل کچھ مسلم یونیورسٹی کا ہی حصہ نہیں، اور اس کے لئے صرف اسی کے خداوندانِ یونیورسٹی ہی مطعون نہیں۔ بلا مبالغہ ہندوستان کی ہر جامعہ کا یہی حال ہے، اور بلا استثنیٰ یہ کاغذی ٹوپی ہندوستان کی ہر جامعہ کے سر پر ٹھیک اترتی ہے۔

---

[1] سر علی رضا، سجاد حیدر یلدرم مرحوم، جامعہ، جولائی ۱۹۴۳ء۔

[2] ہمایوں، جولائی ۱۹۴۳ء۔

یلدرم" ایک زمانہ میں مذہب میں بہت ہیٹے تھے، مگر مہذب، شائستہ، نستعلیق اس وقت بھی رہے، بدزبانی، دل آزاری، اس وقت بھی روا نہ رکھی۔ اب تو ماشاء اللہ خاصے مذہبی ہو گئے تھے، کئی سال ہوئے حج بھی کر آئے تھے، اور خانہ پر ایک نظم بھی لکھ لائے تھے۔"[1]

اس سفرِ حج پر گئے کس طرح اس کی تفصیل سُنئے:

"سجاد صاحب کی طبیعت اچھی نہ تھی، یعنی مرض ذات الجنب سے خدا خدا کر کے نجات پائی تھی، مگر ان کو حج بیت اللہ کا شوق ایسا دامن گیر ہوا کہ گھر والوں سے لڑ بیٹھے اور کسی کے روکے نہ رُکے، چنانچہ اس عزم کا اظہار اس رنگ میں کیا ہے:

کوئی اب شاملِ اربابِ وفا ہوتا ہے"[2] (عقدۂ لاینحل)

حجِ بیت اللہ کا شوق لئے جہازِ رحمانی میں سوار ہوئے، اسی کے عرشہ سے اپنے دلی کیفیات کا اظہار "عزمِ حجاز" میں کیا ہے، اور مومن کے مشہور مصرع "مومن چلا ہے ایک بُتِ پارسا کے ساتھ" پر نہایت دلکش انداز میں تضمین کی ہے۔ میاں بشیر احمد ایڈیٹر ہمایوں کو ایک خط میں لکھتے ہیں:

---

[1] مولوی عبدالماجد دریابادی۔ صدق۔ ۲۶۔ اپریل ۴۳ء۔

[2] زاہدی۔ ادیب ستمبر ۴۳ء۔

"مکرمی۔ ہندوستان چند ماہ کے لئے چھوڑ رہا ہوں ـــــ اور جا کہاں رہا ہوں؟ کعبے کو ـــــ اس بوالعجبی پر چند اشعار میں اظہارِ خیال کیا ہے ؎

اب تو جاتے ہیں بُت کدے سے میرؔ
پھر ملیں گے اگر خدا لایا[1]!"

کعبے کے سامنے پہنچے تو جذبات کا دریا اور بھی امڈا، اپنے مالک سے شکوہ و شکایت اور حرف و حکایت ہونے لگی، دنیائے اسلام کی حالت اور یورپی دول کی حرص و آز سے کس مسلمان کا دل رنجور نہیں۔ کعبے کے سامنے کھڑے ہو کر کس درد سے فرماتے ہیں:

یہ سب تو ہے مگر مرے اللہ یہ نہ ہو
اغیار دخل پائیں ترے آستانے میں!

آگے سُنئے:

واقف ہے تو کہ درد بھرا ہے ہمارا حال
کیا تیرے آگے درد بھرو دل اس فسانے میں

غرض "سجاد حیدر یلدرم" ہماری زبان میں ایک نئی صنف ادب کے بانی تھے، اور اس لئے ہماری ادبی تاریخ میں ان کا ایک پایہ

---

[1] مئی ۱۹۳۴ء۔

ہے[1]

یلدرم کا یہ پایہ، اور درجہ اُردو نثر میں بھی ہے اور اُردو نظم میں بھی۔

---

[1] مولانا سید سلیمان ندوی۔ معارف مئی ۱۹۴۳ء۔

مرزا پھویا علی گڈھ کالج میں

ہو وطن سے کبھی جُدا نہ کوئی
گھر سے بے گھر ہوا ہے خدا نہ کوئی

دردِ غربت سہا نہیں جاتا
رنجِ فرقت کہا نہیں جاتا

یاد احباب کی جو آتی ہے
دل میں اک درد سا اُٹھاتی ہے

بی بی بچوں کا آگیا گر دھیان
سینہ کوبی سے ہو گئے ہلکان

گھر کے نقشے کا دل میں پھر جانا
اس کا سو سو جتن سے بھر جانا!

گھر سے بے گھر جو کوئی ہو جائے
عیش و آرام اس کا کھو جائے

نئی دُنیا بشر نیا دیکھے
گویا عالم ہی دوسرا دیکھے

الغرض یہ مصیبت ایسی ہے
ساری دُنیا کے غم ہیں کم جس سے

اب سُنیں، صاحبانِ ہوش و ذکا
اک نیا ماجرا نیا قصہ

ایک صاحب اودھ میں رہتے تھے
مرزا پھویا، سب ان کو کہتے تھے

کیا کہوں تھا کہاں چمن اُن کا
لکھنؤ تھا کبھی وطن اُن کا

گھر سے نکلے نہ تھے وہ ساری عمر
گویا بھوترے ہی میں گزاری عمر

اپنے ماں باپ کے دلارے تھے — اور عزیزوں کے وہ پیارے تھے
خیر سے تھا ابھی شباب شروع — عمر کا بیسواں تھا باب شروع
رات دن کھیلتے مگر پھرتے — سارے گھر والے "بچہ" کہتے تھے
باتیں کرنے میں بھی لجاتے تھے — غیر شخصوں سے سہم جاتے تھے
عیش سے دن مگر گزرتے تھے — نہ کسی کا خیال کرتے تھے
چین تھا دن کو، لطف راتوں میں — وقت کٹتا تھا یوں ہی باتوں میں
کہ فلک ہو گیا خلل انداز — تجھ سے سمجھے خدا، ارے دم باز!
دُور پھینکا وطن سے ہائے غضب — آخر اس دشمنی کا کوئی سبب؟

اس کی تفصیل اس طرح سُنئے — دردِ مرزا کی پھر دوا کیجئے
قوم میں سب سے اعلیٰ و ادنیٰ — محسن الملک، محسن الدولہ
دردِ قومی کے اس معالج نے — یعنی سکریٹری کالج نے
اپنے احباب کی معیت سے — اور مشاہیر کی جماعت سے
سارے شہروں کا جب کیا دورہ — لکھنؤ بھی مشرف اس سے ہوا
دھوم تھی اک فصیح آیا ہے — نیچری فوج ساتھ لایا ہے
وقتِ تقریر اس کا طرزِ بیان — گہ شرر بار، گاہ نور فشان
جادو کرتا ہے، سحر کرتا ہے — مہر کرتا ہے، قہر کرتا ہے
گہ ہنساتا ہے گہ رُلاتا ہے — کچھ عجب ڈھنگ اس کو آتا ہے
جب ہوئے ان کے دوست سارے بعد — تب تو مرزا کے والدِ ماجد

جا کے جلسے میں خود شریک ہوئے — سارے لکچر بغور انھوں نے سُنے
کر گیا ان پہ جادو اپنا کام — تھا علی گڈھ کا ہی زباں پر نام
ایک دم یہ تہیہ کر بیٹھے — بس علی گڈھ میں جا کے مرزا پڑھے
اس ارادے کو جب کہا گھر میں — پڑ گیا رونا پیٹنا گھر میں
چیخی مرزا کی ماں کہ "ہائے ہائے! — کوئی جا کر ذرا انھیں سمجھائے
ان کو تو ہو گیا ہے کچھ سودا — سوچتے ہی نہیں بُرا و بھلا
میرا بچہ نہ جائے گا کوئی — میرا پتھر کا تو نہیں کچھ دل
نہ انھوں نے سُنی کسی کی بھی — اپنی ضد ہر طرح سے پوری کی
ہو گیا حکم "جائے مرزا کل" — ہائے! یہ حکم تھا پیامِ اجل
ہو گئی جوں ہی سفر کی تیاری — اُن پہ ہوتی تھی زندگی بھاری
نہ تھی رخصت تھا مرزا پر — چاہتے تھے مردن میں چھوڑ کے گھر
کچھ بھی لیکن نہ کرتے دھرتے بنا — باپ نے جو کہا، انھوں نے کیا
ماں، اماں، موما، بھابی جان — اپنے مرزا پہ سب ہوئیں قربان
یا الٰہی یہ خیریت سے پھرے — اور دشمن پہ اس کے بجلی گرے
واسطہ مرتضیٰ علیؑ کا تجھے — جلد لا کر ملائیے ہم سے"
اشک برسا کے دیدۂ تر سے — کیا کہوں مرزا چل دیئے گھر سے
خیر پہنچ گئے وہ یہاں — آہ بر لب، درونِ سینہ فغاں
ایک ہفتہ تو کاٹا رو دھو کر — بعدہٗ ہر طرح سے تنگ ہو کر
اک عریضے کی یوں بنا ڈالی — قبلہ ام مدظلہ العالی

اولاً مجرا عرض کرتا ہون — حال پھر اپنا عرض کرتا ہون
ہو کے رخصت جناب سے پہنچا — کیا کہون اس جگہ پہ کیا دیکھا
یان کے لڑکون کا حال ہی ہے جدا — ایسا دیکھا کبھی، کبھی نہ سنا
جنس ہر اک نئی، دکان نئی — اور تو اور، ہے زبان نئی
ایک دال "ایک گوشت" کہتے ہین — جانے کس دیس مین یہ رہتے ہین
ہون پریشان تو "آلیا" فرمائین — خوش ہون گر تو "ہیر ہیر" یہ سنائین
گر ہو اچھا لباس "ٹھاٹ" کہین — اور گنوارون کو "راج گھاٹ" کہین
بو تنعم کی ہو ذرا سی بھی — اس کو کہتے ہین یان پہ "عیاشی"[1]
عمدہ کھانا کھلانا عیاشی — عمدہ شربت پلانا عیاشی
عطر مین گر جو کپڑے بسائین — فوراً عیاش آپ یان کہلائین
کورنش، مجرا، بندگی، آداب — سب کی یان ہو گئی ہے مٹی خراب
ان کے بدلے ہے بس سلام علیک — گویا لے ڈھیلا کھینچ مارا ایک
دوڑتے کودتے، اچھلتے ہین — بھول کر بھی نہ سیدھے چلتے ہین
کوئی مارے پھلانگ تو یہ خوش — ٹوٹ جائے جو ٹانگ تو یہ خوش
گیند بلا، سواری اور فٹ بال — یہ یہان کے ہین کھیل، یہ اشغال

---

[1] یہ اصطلاحات وہ ہین جو میرے زمانۂ علی گڈھ مین رائج تھین۔ غالباً اب بھی ہون گی۔ چونکہ مرزا چھوٹا میرے زمانۂ کالج مین تشریف لائے تھے، لہٰذا انھین اصطلاحات کا ذکر کیا گیا۔ (سجاد)

گر پڑے کوئی گر تو خوش ہو جائیں — اور پھر خوب خوب تالی بجائیں
صبح ہوتے ہی کرتے ہیں ڈمبیل — نہ جبیں پر شکن، نہ دل پر میل
صبح تڑکے، ڈرل کراتے ہیں — ایسے بے رحم ہیں تھکاتے ہیں
جو قواعد کراتے ہیں سب کو — کیا دعا دوں ہیں ایسے بے ڈھب کو
ہو گئی میری جان بھی سے کل — جب وہ چیخے: "بریک ان ٹو ڈبل"
حکم ہے وقت پر ہی کھانا کھاؤ — شام کو جمع اک جگہ ہو جاؤ
بھوک ہو یا نہ ہو نہیں پروا — ہے اسی وقت تھوڑا پڑتا
یاں کی آزادی ہے بہت محدود — شہر جانا بھی ہو گیا مسدود
اس لئے عرض ہے کہ یہ چیزیں — لکھنؤ سے روانہ آپ کریں
ایک ڈبیہ دیا سلائی کی — پوڑیا اک نیلی روشنائی کی
اک برش جوتہ صاف کرنے کا — اور برانکو بھی ساتھ تھوڑا سا
لوٹ کے لیمپ کی ضرورت ہے — اور موزے بھی چند اچھے سے
دو گھڑے، اک صراحی، پیالے چار — اور مکھن ہو گر تو تھوڑا اچار

اور باقی تو خیریت ہے سب
سب کو تسلیم زیادہ حد ادب

شملہ کالکا ریلوے پر ایک نظارہ

ماتھے پہ بندی
آنکھون مین جادو
ہونٹون کی بجلی
گرتی تھی ہرسو
چال لچکتی
بات بہکتی
جیسے کسی نے
پی ہو دارو
آنکھریان ایسی
جن مین تھے رقصان
لمحہ مین رادھا
لمحہ مین رابھو
ایسی پھڑک تھی
خلق تھی حیران
ریل پہ آیا
کہان سے آہو۔

نغمۂ مسرّت

گُل ریز ہے دشت و دمن — گُل پاش ہے صحنِ چمن
ہر سو طرب جلوہ فگن — صوفی بھی ہے کیا شوخ و شن
آئی بہار اب پھر چمن — ہے بلبل و گُل کا وطن
دیر و حرم سے نعرہ زن — آئے ہیں شیخ و برہمن

یاں جو ہے وہ گُل پیرہن — رنگین بیان رنگین سخن
ہاں مطربا! بربط بزن — ساقی! مرا از پا فگن
زاہد سے کہہ دو یہ سخن — ہے فصلِ گُل توبہ شکن
گر چاہیے عیشِ جان و تن — مئے خوارون کے سیکھیے چلن

اس شہر کے پیر و جوان — ہیں خوش لقا خوش بیان
یہ دل ربا و دل ستان — دل باختہ دل دادۂ آن

لیلیٰ طبع، مجنون وشان — مہر و وفا کے راز دان
دل دار یام و آستان — دل دار ہر اک مرد و زن

اک دشمنِ ایمان و دین — ثانی نہیں جس کا کہیں
چنگیز جس کا خوشہ چین — مذہب ہے جس کا غیظ و کین
ایسا شقی اک نازنین — وحشت فزا قہرآفرین
خون ریز جس کی آستین — قاتل کی جس کی عینین

خندان و خوش آیا یہاں — مسرور تھا اور شادماں
رُخ پہ مسرت تھی عیاں — لب پر خوشی کی داستاں
تیر و تبر تیغ و سناں — رکھ کر ہوا سجدہ کناں
کرنے لگا وردِ زباں — شکر خدائے ذوالمنن

جب شادیاں ہوں ہر طرف — جب رنج و غم ہو بے طرف
خوشیاں کھڑی ہوں صف بصف — ہر شخص ہو جب زر بکف
ہے باعث عز و شرف — گر چھوڑ دو اپنا شغف
لو ہاتھ میں چنگ اور دف — کیا خوب ہے مطرب کا فن!

یہ سب تو اک افسانہ تھا — تخئیل کا کاشانہ تھا

رندانہ تھی طرزِ ادا — دل میں ہے حرفِ مدعا
گو سب نے سُنائی واہ وا — ہے مگر اب وقتِ دعا
مقبول ہو نزدِ خدا — مقصد نہیں شعر و سخن

کہتے ہیں سب گردوں نشین — کہتے ہیں سب اہلِ زبان
ہو آج تم الفت قرین — اے میرے لوشہ آفرین!
اے قیس کے طینت گزین — اک لیلیٰ محمل نشین
گھر میں تمھارے ہو مکین — با عفت و با علم و فن!

ایک نکاحِ ثانی پر

جگر سوز آہیں و دل بے قرار
وہ لب پر فغاں آنکھ وہ اشک بار
وہ اندوہ و حرماں نگاہوں سے پیدا
رُخِ زرد سے زعفراں شرم سار
وہ بیدادِ محبوب سے دل کے ٹکڑے
جفا ہائے پیہم سے سینہ فگار

وہ ماہِ دو ہفتہ کی اندھیر دُنیا
وہ رشکِ چمن ہے خزاں در کنار
وہ کانٹوں میں شب ہائے ہجراں گذارے
جسے آہ سب کہتے ہیں گُل عذار

مگر یہ عقیدہ تمھارا یہ مسلک
جسے آج تم نے کیا آشکار
زنِ نو کن اے یار ہر نو بہار
کہ تقویمِ پارینہ نیاید بکار

جُرأتِ رندانہ

رنگین شگوفہ ہے کہ چمن زار ہے — اسبابِ ذوق و شوق فزوں از شمار ہے
ہر دم ہوائے عشق سے دل بیقرار ہے — ساقی از ماں عیش و مئے خوش گوار ہے
دردی کشو پیو کہ یہ فصلِ بہار ہے
بانگِ طرب ترانۂ الفت صدائے شار — عاشق کے دل کا جوش ہے یا نغمۂ ہزار
ہے مژدہ پاش عشق یہ آہنگ جوئبار — بوئے شمیم و رنگِ گُل و رونقِ بہار

سامانِ فضل و رحمتِ پروردگار ہے

غم کا خیال چھوڑ کہ پایانِ غم نہیں — دُنیا میں کون ہے جسے رنج و الم نہیں
لا جام ساقیا! کہ تو کچھ جم سے کم نہیں — کیوں آج تیرا کل کا سا دستِ کرم نہیں
رکھ یاد تیرا وقت بھی ناپائیدار ہے

مسجد کی مجھ کو کچھ بھی موافق نہیں ہوا — کوچہ سے تیرے میں تو نہ جاؤں گا ساقیا
فردوس بھی ملے تو نہ چھوڑوں گا میکدہ — وہ وقت زہد و موسم ریب دریا گیا
ہنگامِ عیش و عشرت و کشت گداز ہے

ایک درخواست

میں ہوں اور امتحانِ جذبِ دل — تم ہو اور کاوشِ گمان آرزو
رشتۂ قہر چھوڑ دو مہر کو لو — دونوں ہوں سینہ ریش قلب گداز؟
کیوں تمنائیں دل میں گھٹ کے رہیں؟ — کیوں دلوں کا نہ ہو دریچہ باز؟
کیوں بسائیں نہ ملکِ یک رنگی؟ — چھوڑ دیں کیوں نہ شہرِ ناز و نیاز؟
کس لئے لوں میں راہِ ترکستان
ہو اگر تم کو شوقِ سیرِ حجاز؟

دعا

(ایک ناکتخدا عزیزہ کے لئے جو اس کے آٹوگراف البم مین لکھی گئی)

ہمیشہ بن کے نگہ چشم ما و من مین رہو — عزیز ہو کے صدا مصر علم و فن مین رہو
جبین پہ بل ہو کبھی گر تو زلف کا بل ہو — چھپو کسی سے تو بو ہو کے یاسمن مین رہو
شگفتہ خاطر و دل شاد انجمن مین رہو
"بہار ہو کے رہو بھا کے جس چمن مین رہو"

رخصتِ شباب

وہ جنون انگیزیان رخصت ہوئین — عقل سے وہ شرمساری اب کہان
ہائے وہ پینا پلانا رات دن — اب کہان وہ خیر جاری اب کہان
اب کہان وہ زہد اور تقوی سے نیر — شوق رسوائی و خواری اب کہان
بزم حسن و عشق ہے اب بھی جمی — باریابی پر ہماری اب کہان
چل رہے ہین اب بھی گو نظرون کے تیر — آرزوئے زخم کاری اب کہان

لہلہائے لالہ زارِ داغِ دل — عشق کی وہ کشت کاری اب کہاں
رہ نمائی رہ بری کا شوق ہے — رہ روی کی خواستگاری اب کہاں
ہم رکابِ اتقا آئی ریا
صدق کی وہ استواری اب کہاں

قیدِ خود اختیاری

(۱)

ہوں مبارک دوستو! دنیا کی تم کو وسعتیں — میری قسمت میں فقط اک تنگ زندان رہ گیا
ہم کو کیا اہلِ خرد ہوں محوِ گلگشتِ چمن — چل دیئے اہلِ جنون خالی بیابان رہ گیا

(۲)

راحت کی تمنائے کم انجام بہت ہے — یعنی کہ مجھے بھی ہوسِ خام بہت ہے
لیکن کبھی کوشش سے نہ حاصل ہوئی جو شے — وہ تیرے لئے اب دلِ ناکام بہت ہے
"نے تیر کماں میں ہے نہ صیاد کمیں میں
گوشے میں قفس کے مجھے آرام بہت ہے"

پورٹ بلیر۔ جزائر انڈمان

عزمِ حجاز

وحشت کو میری دیکھنا اے ہم دمو ذرا — صحرا کو چل دیا درِ جاناں نہ چھوڑ کر
افسونِ تخیلات کا مجھ پر رہا مدام — دیکھا نہ اصل کو کبھی افسانہ چھوڑ کر
تھا میں اسیرِ حلقۂ زلفِ بتانِ ہند — لیلیٰ سے منھ کو موڑ کے ریحانہ چھوڑ کر
لیکن ہوا ہوں جب سے کہ میں عازمِ حجاز — احباب کا وہ لطفِ کریمانہ چھوڑ کر
سب عزّ و جاہ و راحتِ کاشانہ چھوڑ کر — سب حرصِ زر یہ ہمتِ مردانہ چھوڑ کر
تو سن رہا ہوں چاروں طرف سے یہی صدا — "دیکھو تو گمرہی بتِ و بتخانہ چھوڑ کر
مومن چلا ہے کعبے کو اک پارسا کے ساتھ"

جہاز رحمانی۔ بمبئی
۳۔ مارچ ۱۹۳۴ء

نذرِ خواجگان

(خواجہ منظور حسین اور خواجہ غلام السیدین کے اسمائے جامعہ علیگڈھ مقرر ہونے پر)

دو عزیزوں کو مرے آخر ملا ہے ان کا حق — کل تھے جن رتبوں پہ وہ آج ان سے بہتر ہو گئے
ایک منظور حسین اور اک غلام السیدین — اس لئے دنیا میں وہ محبوب دل پر ہو گئے
مرحبا ذوق طلب صد مرحبا ذوق عمل! — دونوں بحر علم کے کیسے شناور ہو گئے
طالبانِ علم! دیکھو طالبانِ علم کو
علم کی خدمت سے جو سرداز سرور ہو گئے

دیکھا نظارہ ہم نے تمہارا

(ٹرین میں ایک ہم سفر عائلہ (فیملی) کی مسرت کو دیکھکر)

دیکھا نظارہ ہم نے تمہارا
دل کی محبت آہ یہی ہے — عشق کی جنت آہ یہی ہے

اصلی ثروت آہ یہی ہے حق کی رحمت آہ یہی ہے
دیکھا نظارہ ہم نے تمھارا

دیکھا نظارہ ہم نے تمھارا
پریم کے پھل دو تین تمھارے چنچل، میٹھے، مدبھرے سارے
بھولے بھالے شکل مین پیارے جن و ملک سب جن پر وارے
دیکھا نظارہ ہم نے تمھارا

دیکھا نظارہ ہم نے تمھارا
لہر مین ہے کیا مہر کا دریا جوش مین آیا، اچھلا امڈا
عشق و محبت ان کا حصا گر نہین دولت، کچھ نہین پروا
دیکھا نظارہ ہم نے تمھارا

دیکھا نظارہ ہم نے تمھارا
رشک کرون! اوران کو دیکھون ہائے یہ جنت کیسے پاؤن
ساتھ ہے جنت لیکن مین ہون یا دلِ محزون اس سے بیرون
دیکھا نظارہ ہم نے تمھارا

ترانۂ شوق

خوئے کافر، اور دینِ اسلام ہو، پروا نہیں — مئے گساری اس کا شغلِ عام ہو، پروا نہیں
سنگ دل ہو، گرچہ گل اندام ہو، پروا نہیں — وہ پری رو، جس طرح ہو، رام ہو، پروا نہیں
گر سویرے کو نہ ہو، تو شام ہو، پروا نہیں

کیوں بساؤں جا کے میں وحشت میں اپنے داغ — کلبۂ تاریک جب روشن کرے وہ شب چراغ
سیرِ سنبل کے لئے کیوں ہو ہوائے سیرِ باغ — مو پریشاں، سینہ عریاں آئے جب وہ بدد ماغ
گر نہیں صحنِ چمن حمام ہو، پروا نہیں

غنچۂ نازک نہیں ہے لعلِ نرسین کی طرح — نغمۂ بلبل ہے کب گفتارِ شیرین کی طرح
سنبل و ریحان کہاں اس زلفِ پرچین کی طرح — اے بتِ عطار، تیرے حالِ مشکین کی طرح
عنبر سارا تو ہو، کچھ خام ہو، پروا نہیں

تیرا سینہ صاف، اور شفاف ہے آئینہ دار — ہائے! ہے کس کے لئے اس جسمِ عریاں کی بہار
کیوں ہے باقی مرے اور تیرے پیرہن کا تار — بھر کے پیالے پی لو دو چار اے مستِ خمار
تیرا ملنا تشنۂ ابرام ہو، پروا نہیں

یہ نہیں کافی کہ ہو وہ لعلِ شکر بار نرم — مثلِ طوطی شیوۂ دل کش ہو اور گفتار نرم
ہو طبیعت نرم، چاہے ہو نہ ہو رخسار نرم — خونِ دل گرم ہو، اطوار اور رفتار نرم
مبتلائے جام و مئے آشام ہو، پروا نہیں

خواب تیرے عاشقِ شیدا کو اب نایاب ہے — شوق میں آغوش وا ہے کس قدر بے تاب ہے
رائیگاں جانے نہ دے یہ رات کیا مہتاب ہے — عید گزری آج ہی آ تو تو عالم تاب ہے
صبح گر آنا نہ ہو، تو شام ہو، پروا نہیں!

(از ندیم استنبولی)

بُلبُل

(از ترکی)

نہالِ گُل میں جو تیرا مکان ہے، اے بلبل! — تو پھر یہ کس لئے شور و فغان ہے، اے بلبل!
خروشِ جوئے بہاری ہے، یا ہے خندۂ گُل — تو کس کے واسطے نالہ کنان ہے، اے بلبل!
تو تازہ برگ ہے اور غنچہ جلد بکھرے گا — تیرے نصیب میں عیشِ جہان ہے، اے بلبل!
خطیبِ سبزِ عرفان ہے تو حقیقت میں — تری نوائے سحر اک اذان ہے، اے بلبل!
روا ہے گر کہیں تیری نوا کو سحرِ حلال — جو دل میں گھر کرے تیرا بیان ہے، اے بلبل!
عجب نہیں جو یہ پوچھیں کہ تجھ سے غنچہ دہن — بتا کہ کیا ترا دردِ نہان ہے، اے بلبل!
کسی کو عشق کی تیرے خبر نہیں افسوس
مرا قلم ہی ترا ترجمان ہے، اے بلبل!

لکھنؤ ٹریننگ کالج کے مشاعرے کی صدارتی نظم

کیوں مجھ کو کیا ہے صدر مجلس — کیوں مجھ کو عطا ہوئی یہ جاگیر
جب دیکھئے تخت پر ہوں بیٹھا — منبر پہ ہو جیسے واعظِ پیر
مانا کہ ہے میرا نالہ دل کش — ہے دل میں تڑپ زباں میں تاثیر
رنگینی بھی ہے سخن میں ایسی — ہوتا ہے جوان عالم پیر
ہے توسنِ طبع شوخ و طرار — چالاک اس کی کڑی کمان کا تیر
ہوں نہیں شاعری کا دعویٰ — ہاں نثر میں کچھ کیا ہے تحریر
یہ شوخی محض ہے وگرنہ — کیا ہیچ مداں کی ہیچ تحریر
ہوں شاہد شعر کا میں شیدا — بس اس لئے ہے میری یہ توقیر
صد شکر ز سعیِ نوجوانان — یک قصرِ ادب شد ست تعمیر
اس بزم میں ایک ادیب کہنہ — کیوں لائے ہیں آپ بہر تشہیر
تھا گوشۂ انزوا میں مخفی — کیوں کھینچ کے لائے پا بہ زنجیر
معذور کرم ہوں لیکن ابھی تو — ہے تیسری مرتبہ یہ تعذیر

رسم است کہ شاگرد تحریر
آزاد کنند بندۂ پیرا

نوجوان سے!

میدانِ جد و جہد مین اے نوجوان اُٹھ
کب تک پڑے رہو گے یونہی کوئے یار مین

کب تک قتیلِ دلبری شاہدِ سخن
مانا کشش بلا کی ہے اس سحر کار مین

مین جانتا ہون تشنۂ ذوقِ سخن ہے کیا
مدہوش رہ چکا ہون مین اس کے خمار مین

دنیائے حسن و عشق ہی پیشِ نظر رہے
داخل ہو اب زیست کے میدانِ کارزار مین

آہ و فغان و نالہ تھا سرمایۂ حیات
حسرت ہی جان گزین تھی دلِ داغ دار مین

مین انقلابِ چرخ کا قائل رہا مگر
منکر کہ انقلاب بھی ہے مگر روزگار مین

جاگا تو دیکھا زیست ہے اہلِ عمل کی زیست
شاعر ہے کوئے یار مین وہ کارزار مین

عقدۂ لاینحل

کوئی اب شاملِ اربابِ وفا ہوتا ہے
آج وہ مائلِ اندازِ جفا ہوتا ہے

کوئی اب داخلِ زندانِ بلا ہوتا ہے
کوئی اب عیش و تنعم سے جدا ہوتا ہے

کون ہوتا ہے حریفِ مئے مردافگنِ عشق
ہوسِ جاہ پہ اب کون فدا ہوتا ہے

میری گستاخی پہ کیون کوئی خفا ہوتا ہے
شوقِ پابوسی مین کیا اس کے سوا ہوتا ہے

چارہ سازِ غم و ہم راز سے کہنا کہ اُٹھو!
مجھ سے پوچھے کوئی کیا اس مین مزا ہوتا ہے

چھوڑ کر کعبہ کو اب جائین کہان لات و منات
ان پہ کیون ظلم یہ اے میرے خدا ہوتا ہے

آسمان پر شفقِ سرخ زمین پر لالہ
رائگان یونہی تو خونِ شہدا ہوتا ہے

سن کے فرمایا کہ یہ ہے اسی آشفتہ کا رنگ
میرے اشعار کا انداز جدا ہوتا ہے

قیس عامر سا وہ مجنون بھی ہے لاغر بھی ہے
نام سجاد ہے اور تم پہ فدا ہوتا ہے

کعبے کے سامنے

آوارہ گرد آج ترے در پہ ہے کھڑا
اللہ کیا کشش ہے ترے آستانے مین

تشکیک و شبہ دشمنِ ایمان ہی رہے
سُنتا ہون دل کا چین ہے تیرے خزانے مین

صحرائے بے گیاہ ہے اور کوہ ہائے خشک
کیا رمز تھا یہان چمنِ دین کھلانے مین

دل کو نہ جب خشوع و خضوع ہی ہوا نصیب
کیا فائدہ ملا مجھے سر کے جُھکانے مین

احرام و طوف سارے ظواہر تو مل گئے
اے کاش اور کچھ بھی ملے اس ٹھکانے مین

مُسلم کو جس طرح سے ستاتے ہین اہلِ دیر
ہے پاسبانِ حرم کا بھی ماہر ستانے مین

رنگین حجاز ترکِ عرب کے لہو سے تھا
کوشاں ہے نجد اور اسے رنگین بنانے مین

یہ سب تو ہے مگر مرے اللہ یہ نہ ہو
اغیار دخل پائین ترے آستانے مین

واقف ہے تو کہ درد بھرا ہے ہمارا حال
کیا تیرے آگے درد بھرون اس ترانے مین

طیبا کا مرا نام ہے جدے پہ ہے جہاز
تو اپنے گھر کو خود ہی بچا اس زمانے مین

شہیدانِ سیاست

کوئی میری تعریف کرتا نہین
کرون مین تو خود آپ اپنی کرون

مرے دل مین ہے شوقِ جنگ و ستیز
نہین مجھ کو پروائے صلح و سکون

مین خواہان ہون آزادیٔ مُلک کا
نہ اس کے عوض دین و دُنیا مین لون

نہیں منطق و فلسفے سے غرض — نہیں جانتا میں بہت چند و چون
ز نقارہ آواز آمد برون — کہ دون ست و دون ست و دون ست و دون

علی گڑھ مسلم یونیورسٹی

لڑکے کو فکر صبح و مسا امتحان کی ہے — بیوی کو سوچ یہ میری لڑکی کہاں کی ہے
پڑھنے سے کچھ غرض نہ پڑھانے سے واسطہ — استاذِ جامعہ کو ہوس عز و شان کی ہے
بھائی کو ٹھونس دوں کہ بھتیجے کو ٹھونس دوں — اب اپنے بعد فکر انھیں خاندان کی ہے
ہو جامعہ میں رو دنیا معرکہ تو کیا — ہم کو تو فصلِ گل و گلستان کی ہے
اے کاش لالہ زار ہو پھر صحنِ بوستاں — حسرت یہی اس ایک دلِ خوں چکاں کی ہے
"شاید مرا فسانہ انھیں لطف دے گیا — سنتا ہوں اب تو روز طلب قصہ خواں کی ہے"

نواب صاحب چھتاری کے نام

(دولتِ آصفیہ کی وزارت سے سرفراز ہونے پر)

وہ فاتح قلوب دلوں کا وہ حکمراں — پرچم ظفر کا کھول کے ہوتا ہے پھر رواں
ہندوستاں کے بعد ہے فتح دکن کا عزم — نصرت تمھیں نصیب سر احمد سعید خاں
اللہ نے کیا ہے تمھیں صاحبِ نفوذ — اور شاہ نے کیا ہے رعایا کا پاسباں

کوشش یہ ہو کہ خلقِ خدا کا رہے خیال
اور یہ نہ ہو تمھاری جبین شہ کا آستان

سونپی گئی ہیں تم کو دکن کی مقدرات
اب اس کو خار زار بناؤ کہ گلستان

ہو معدلت اساس سیاست مدار کا
نصفت مآب بن کے کرو سحر کاریان

لازم ہے قلع قمع کرو اہلِ جور کا
اوروں کے واسطے ہو خطا بخش و مہربان

دل دار و دل نواز و کرم گستر و جواد
زر پاش و سیم پاش و گہر بار گل فشان

ہو غلغلہ دکن میں کہ یاں آگیا وزیر
حق کوش، حق شناس، ہی خواہ قدردان

ایک غم زدہ دوست کے نام

نہ مرنے کی مکرنا کبھی آرزو
شکستہ نہ کر اپنا جام و سبو

بچاتا ہے جان کو ہر اک جاندار
وہ بدبخت ہو یا ہو کامگار

وہ بلبل کہ جو ہے اسیرِ قفس
اسے بھی ہے جینے کی ازبس ہوس

اِدھر دیکھو ہر ایک شیرِ ژیان
وہ سلطانِ صحرائے وحشت نشان

اُدھر ہے اک آہوئے چالاک و تیز
وہ آنکھیں رسیلی ہوا میں وہ خیز

جھپٹتا ہے آہو پہ شیرِ ژیان
وہ آہو چلا جیسے تیر از کمان

یہ کیا ہے؟ یہ ہے آرزو زیست کی
اسی سے ہے آہ و فغاں نیست کی

وہ شہباز جنگ آور تیز پر
اُدھر آسمان کے ہے جس کا گذر

کبوتر کو پنجے میں اس نے لیا
کبوتر جیا بھی تو کے دن جیا

مگر کس قدر پھڑپھڑاتا ہے وہ — اور اپنے کو آخر چھڑاتا ہے وہ
ہے آغشتہ خون سے تنِ نازنین — مگر خواہشِ زیست دل میں مکین
اگرچہ امیدِ رہائی نہیں — قفس میں بھی ہے نغمۂ دل نشین
غرض زاہدی یہ نصیحت سنو — جیو گرچہ جینے میں غم ہی سہو
مگر کر رہا ہے جو یہ وعظ و پند — نہیں خود نصیحت پہ وہ کاربند
وہ دنیا سے نومید و بیزار ہے — غم و رنج کا اس پہ انبار ہے
وہ قلبِ حزیں و دلِ دردمند — وہ سوزِ درون و فغانِ بلند
شب درد و صبح دمِ تلخ کام — چہ خوش دادہ ام زندگی را نظام

ایک بُت پرست محمود

(نظم بہ تقریب شادی خانہ آبادی جناب خواجہ غلام السیدین)

آج تو مائلِ مقصود ہوا خوب ہوا — اپنے ہم چشموں کا محسود ہوا خوب ہوا
ثروت و علم کا ہے آج قران السعدین — علم ثروت پہ جو افزود ہوا خوب ہوا
مائلِ عشق ہے جو آج پروفیسر ہے — علم کا عشق جو مقصود ہوا خوب ہوا
آج تک کوئی بھی کیوپڈ بھلا جیتا ہے — اس سے لڑنا ترا بے سود ہوا خوب ہوا
زاہدِ خشک ہوا معتکفِ بیتِ صنم — بُت پرست آج یہ محمود ہوا خوب ہوا
سچ تو یہ ہے کہ یہی کیوں نہ کہے اب سجاد — قصرِ ساجد ترا مسجود ہوا خوب ہوا

رجزِ مجاہد

(تیاترِ "طارق" کا منظوم حصہ)

مروان : (پڑھتا ہے)

ابر مین جیسے چمکتی ہوئی برق
نور مین تھا مرا شہزادہ غرق
گھیرے اعدا تھے کہ تھا غرب مین شرق
مجھ سے امداد کا طالب وہ ہوا

عزیز : (پڑھتا ہے)

وہ ملک چہرہ بہ سیرت خرنام
اس کی خدمت مین مرا پہنچے سلام
جس نے جان بخش دیا مجھ کو پیام
"مین نے دشمن کا ابھی سر کچلا"

مروان :

کیون نہ تا حشر مرے دل مین بسے

شکریہ مین لیئے بوسے اس نے
اپنے لب سے مری پیشانی کے
غرقِ احسان و کرم مجھ کو کیا

عزیز:

عالمِ خواب مین وہ مہرِ لقا
جان و دل اس پہ فدا اس پہ فدا
مجھ کو دکھلاتی ہے پیارا چہرا
دل نے پھر اس کو طلب کر ہی لیا

مروان:

کبھی شکر اور کبھی شکوہ کرے
مین کہون مین نے کیا کیا وہ کہے
دیدم از تو کہ ندیدم ز کسے
کر کے زندہ مجھے پھر قتل کیا
جب مین خیمہ مین پڑی ہوتی ہون
کاش وہ کان مین پھونکے یہ فسون
آگیا دیکھ یہ تیرا مجنون
غمِ ہجران کو بہت مین نے سہا
لے کے اک بوسۂ آتش ترکیب
بجلیان دل مین دوڑائے حبیب

کیون نہ ہو (جبکہ مین ہون اس کے قریب)
سمنِ جسم مرا آتشِ زا

عزیز:

کاش پھر خطرے مین مین پڑ جاؤن
اور وہ آواز خوش آ سنتا ہون
"نہ کرو خوف کہ مین آتی ہون
کون ہے جس نے کہ پھر حملہ کیا"
یعنی پھر اس کا مین دیدار کرون
جان کو صدقے مین ہر بار کرون
چارۂ دردِ دلِ زار کرون
یون کہون بہرِ خدا اب نہ ستا

مروان:

کون سنتا ہے دلِ زار کا حال
زندگی میری ہوئی مجھ پہ وبال
جب سے دیکھا وہ فرشتہ تمثال
دل تڑپتا ہے مرا صبح و مسا
اس کو جی بھر کے نہ مین دیکھ سکی
ہائے کس کام کی تھی عمر مری
لمحۂ عیش کی قیمت یہ ملی
عمر بھر کے لئے اک روگ لگا

عزیز:

ہوگئی دل مین مرے آکے مقیم
کوئی اس کا نہ شریک اور سہیم
کرم خاص ہے تیرا یہ کریم
ایسے ویرانے کو آباد کیا

مردان:

کیون نہ ہو دل مین مرے آکے مکین
ہم نشین اس سا کہن کوئی نہین
نہ فلک پر ہے نہ بالائے زمین
میرا محبوب وہ بے ہمتا

عزیز:

ہو مسیحا یہ ہے سب کو معلوم
دل پہ یہ نقش مگر ہے مرسوم
یہ بھی کر سکتی ہو کار مذموم
کہ تغافل سے کرو مجھ کو فنا

اپنا دیدار دکھاؤ پیارے
خواب مین رات کو آؤ پیارے
سارے عالم فدا تم پہ کیا
ٹھوکرون سے وہ جلاتا آئے
قم بہ اذنی وہ سناتا آئے

اپنے طارق کو بلاتا آئے
پھر نہ جائے کہ قیامت ہو بپا

غزل

بنے ہیں ہونٹ مرے نالہ و فغاں کے لئے
ہے سینہ وقف مرا سوزشِ تپاں کے لئے

کوئی زمانہ کا شاکی، کوئی فلک کا ہے
ہمارے سارے گلے اپنے مہرباں کے لئے

ہلاک کر کے رہے گا مجھے تغافلِ دوست
ہے اک نگاہ کا اغماض نیم جاں کے لئے

ہو ڈھونڈ ڈھونڈ کے سب مجھ پہ مشق اے احباب
رہے نہ طرزِ ستم کوئی آسماں کے لئے

ہوئے جو طعنۂ اعدا کبھی ذرا کو بند
زباں سے کام اعزا نے خود سناں کے لئے

کڑک چمک نہ تو اے برق اس سے کیا حاصل
شرارہ ایک تھا کافی اس آشیان کے لئے
مرا جو حصہ ہے، وہ مجھ کو اے مصیبت دے
ہوا کرے، ہے اگر عیش کل جہان کے لئے
چمن میں بلبلِ مہجور کی نہیں کچھ یاد
تڑپ رہی ہے قفس میں وہ بوستان کے لئے
بھلا دے یادِ وطن جب میں جانوں اے غربت
وطن کا عشق ہے اک روگ میری جان کے لئے

ثروت آرا (مرحومہ)

(یعنی ہمشیرۂ نذر سجاد صاحبہ کی یاد میں)

دل سے جاتا ہی نہیں آہ خیالِ ثروت
کیا جوانی میں ہوا خشک نہالِ ثروت
اس نے راحت کبھی دنیا میں نہ دیکھی آکر
اشک افشاں رہا ہر شخص بہ حالِ ثروت

عمر بھر وہ رہی تسلیم و رضا کی تصویر
فاطمہؓ سے تھا ضیا گیر جمالِ ثروت
اس کی شیریں سخنی اور تواضع اس کی
دل نشین، دلبر و دل کش تھی خصالِ ثروت
دل میں ارمانوں کے تھے دفن خزانے کیا کیا
ساتھ ثروت کے گیا مال و منالِ ثروت
حورِ عین بن کے الٰہی وہ رہے جنّت میں
اور باقی رہے دُنیا میں مثالِ ثروت

ہم دمِ دیرینہ

اے دوست دیا ساتھ نہ احباب کا تم نے
یہ شرطِ رفاقت تھی ہمیں چھوڑ گئے تم!
مضبوط پکڑتے تھے سرِ رشتۂ الفت
یہ کیا کہ جھٹک کر اُسے خود توڑ گئے تم

اے عالمِ فانی سے نظر پھیرنے والے
ہے کوئی کشش تجھ کو یہاں پھیر جو لائے

وہ ڈوب گیا جس نے ہزاروں کو ابھارا — کس کس کو دیا ہمتِ عالی سے سہارا
یعقوب سا اب کوئی نہ آئے گا دوبارا — شیریں سخن و دوست نواز، انجمن آرا
وہ جو کہ لٹا دیتا تھا احباب پہ دولت
وہ پیکرِ اخلاص و تمثالِ محبت!

احباب پرستی کا نمونہ تھے تو تم تھے — احباب فراموش کو شرماؤ تو آکر
یعقوب بھی احباب فراموش ہی نکلا — اس طعنۂ دل دوز کو جھٹلاؤ تو آکر
آرام سے کیوں زیرِ لحد جا کے ہو لیٹے
اپنے کو بچاتے ہوئے دامن کو سمیٹے!

بے کار ہے بے کار ہے اخلاص و محبت — اب کوئی نہ ہو گا مرد زنِ جادۂ الفت
وہ مدعیٔ رہبریٔ راہِ محبت — کہتا تھا زمانہ کہ وفا اس کی ہے خصلت
یوں چھوڑ چلا جیسے شناسا ہی نہ تھا وہ
اس طرح گیا جیسے کہ آیا ہی نہ تھا وہ

فردیات

تمھیں خبر بھی ہے کچھ کیسا بدنصیب ہوں میں
سفر میں تم ہو مگر اصل میں غریب ہوں میں

سیدیں و سر و رقد و ائی کا ذکر و خیال
درد بھی یہ ہو گیا اور یہ ہی درمان ہو گیا

واہ کس کے واسطے تو ہو گیا عشرت کدہ
انڈمن کیون ہند کے واسطے منحوس زندان ہو گیا